قصہ صوفی کہ بخانہ آمد و زن را با بیگانہ دید

قصہ اس صوفی کا کہ گھر مین آیا اور عورت کو غیر کے ساتھ دیکھا

سہ[۱] درد مین الخ ا شعر یون ہی درد مین دانتون کے باد سے دفع چاہتے ہین کہ سوزش نہ ہو فافہم ۱۲
سہ[۲] اہل لشکر الخ ۵ شعر اہل لشکر حق سے عجز کرتے ہین کہ اسے حق ظفر کی باد ہم کو دے سب نے جانا ہے ہم سے بالیقین کہ حق بھیجتا ہے باد کو عقل مین عاقلون کی یہ بات آئی ہو کہ پھیرنے والا ہے پھرنے والے کے ساتھ اگرچہ تو نظر سے اُس کو نہین دیکھتا ہے اثر کے پیدا ہونے سے اُس کو جان لے تن کو حرکت جان سے ہے تو جان کو نہین دیکھتا ہے لیکن تن کی حرکت سے تو جان کو جان لے یعنی ہر شے کو حرکت ہوا سے ہے اور ہوا کو حرکت حق سے ہے پس پھرنے والے کے ساتھ پھیرنے والا موجود ہے اور اہل عقل اس بات کو جانتے ہین اگر تو نہین اُس کو دیکھ سکتا ہے تو اُس کے اثر سے جان لے کہ تن کو حرکت جان سے ہے اسی طرح باد کی حرکت حق سے ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سہ[۳] بولا الخ ۴ شعر عاشق نے کہا کہ اگر مین ادب مین احمق ہوں لیکن وفا مین زیرک و ہوشیار تر ہون معشوقہ نے کہا یہی ادب تھا کہ جو دیکھا ہے ایسے ہی تو دوسرے کو جان لے یعنی وفا کو خود یہ ادب تھا اور دوسرے پوشیدہ ہین ہمنے دیکھے کہ وہ بدتر ہوئین گے جو کچھ اس کوزے سے ٹپکے اور بھی ایک طرح پر ہوئین گے وہ بھی یعنی جب کہ ادب مین تو احمق ہے تو وفا مین کب ہوشیار ہوگا کیونکہ جو کچھ کوزے سے ٹپکتا ہے اور بھی ویسا ہی ٹپکے گا یعنی جبکہ ایک صفت بد ہے تو اور صفتین بھی بد ہووین گی جیسے قصہ صوفی اور اس کی عورت کا چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

صوفی آمد بسوے خانہ روز — خانہ یک در بود زن با کفش دوز
جفت گشتہ با حریف خویش زن — اندران یک حجرہ از وسواس تن
چون بزد صوفی بجد در چاشت گاہ — ہر دو در ماندند نے حیلہ نہ راہ
ہیچ معہودش نہ بد کو آن زمان — سوے خانہ باز گردد از دکان
قاصدًا آن روز بیوقت آن مروع — از خیالے کرد با خانہ رجوع
اعتماد زن برو کو ہیچ بار — این زمان تا خانہ ناید روزگار
اعتمادش بود از روے قیاس — خانہ نتوان کرد در کوے قیاس
آن قیاسش راست نامد از قضا — گرچہ ستار است ہم بدہد سزا
چونکہ بد کردی بترس ایمن مباش — زانکہ تخم است و بر رویاند خداش

ایک[۱] صوفی آیا اپنے گھر بروز — گھر تھا اک در کا و زن با کفش دوز
تھی وہ ہم صحبت پس اپنے یار سے — اندر اُس حجرے کے بس تو جان لے
کوٹا در صوفی نے آکر چاشتگاہ — دونون گھبرائے نہ حیلہ اور نہ راہ
نے مقرر وقت اُسکا تھا دسے — گھر کو آیا جو کہ وہ دکان سے
آیا وہ بیوقت قصدًا اُس زمان — بدگمانی کے سبب سوئے مکان
اعتماد اُس زن کو تھا کہ وہ غبی — دن کو اُسوقت آتا ئے گھر کو کبھی
اعتماد اُس کو تھا ازراہ قیاس — چاہیئے رہنا نہ ہمراہ قیاس
وہ قضا سے نے قیاس آیا بجا — گرچہ ہے ستار پر دیوے سزا
جو بُرا تو نے کیا سے ڈر نہ ہو — کہ اُگاتا ہے خدا اُس تخم کو

دربیان آنکہ حق تعالیٰ بندہ را بہ گناہ اول رسوا نہ کند

بیان مین اُسکے کہ حق تعالیٰ بندے کو اول گناہ مین رسوا نہین کرتا ہے

چند گاہے او بپوشاند کہ تا — آیدش زین ہیں پشیمانی حیا
چون عمرؓ آن شاہ و میر مومنان — داد دزدے را بجلاد و عوان
بانگ زد آن دزد کاے میر دیار — اولین بارست جرمم زینہار
گفت امیرش حاشاللہ کہ خدا — بار اول قہر راند در جزا
بارہا پوشد پئے اظہار فضل — باز گیرد از پئے اظہار عدل

چند[۲] دفعہ وہ چھپاتا ہے کہ تا — آئے اسکو اُس سے بس شرم و حیا
عہد مین حضرت عمرؓ فاروق کے — کر دیا جلاد قائم چور سے
چور بولا اے امیر المومنین — جرم پہلا ہے مرا دے امن دین
میر[۳] بولے حاشا للہ کہ خدا — قہر کرتا پہلی بار اندر جزا
بار ہا پنہان کرے از راہ فضل — اور پھر پکڑے ہے وہ از راہ عدل

[۱] ایک صوفی آیا الخ ۹ شعر ایک صوفی گھر دن کو آیا گھر ایک دروازہ کا تھا اور عورت کفش دوز کے ہم بغل تھی وہ ہم صحبت تھی اپنے یار سے اُس حجرے مین تو جان لے صوفی نے دروازہ کو کوٹا چاشت کے وقت دونون گھبرائے کہ نہ حیلہ تھا اور نہ راہ تھی وہ وقت مقرر اس کا نہ تھا کہ جو وہ گھر کو آیا دکان سے وہ قصدًا بے وقت اُس روز آیا بسبب بدگمانی کے سوے مکان اُس عورت کو اعتماد تھا کہ وہ غبی دن کو اس وقت نہین آتا تھا گھر کو کبھی اعتماد اُس کو ازراہ قیاس کے تھا پس ہمراہ قیاس کے رہنا نہ چاہیئے وہ قضا کا رقیاس بخانہ آیا اگرچہ حق ستار ہے ولیکن جزا بھی دیتا ہے آگے حقائق ہین جو تو نے بُرا کیا ہے ڈرمت ہو کہ حق اُس تخم کو اُگاتا ہے یعنی تو قیاس پر اپنے اعتماد مت کر اگرچہ حق عیب کو چھپاتا ہے ولیکن رسوا بھی کرتا ہے چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] چند دفعہ الخ ۳ شعر چند دفعہ وہ چھپاتا ہے کہ تا اس کو شرم و حیا اس سے آئے حضرت عمرؓ کے عہد مین جلاد قائم کر دیا ایک چور پر چور نے کہا کہ اے امیر المومنین میرا جرم اول ہے تو امن دین کی مجکو دے ۱۲
[۳] میر بولے الخ ۳ شعر امیر نے کہا کہ حاشا خدا پہلے ہی بار قہر کرتا ہے بار ہا پوشیدہ کرتا ہے ازراہ فضل کے اور پھر پکڑتا ہے ازراہ عدل کے تا کہ یہ دونون صفت ظاہر ہووین وہ خوش کرے اور یہ ڈرائے بے گمان یعنی فضل خوش کرنے اور عدل ڈرائے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

تاکہ این ہر دو صفت ظاہر شود ‏ آن مبشر گردد این منذر شود
تا کہ یہ دونون صفت ہووین عیان ‏ وہ کرے خوش یہ ڈراوے بیگمان

بارہا زن نیز آن بد کردہ بود ‏ سہل بگذشت آن و سہلش مینمود
بارہا[۱] عورت نے بدکاری کری ‏ سہل گزرا سہل جانا اسکو بھی

آن نمیدانست عقل پای سست ‏ کہ سبو دائم ز جو ناید درست
نے وہ ناقص عقل جانے کہ بھلا ‏ جو سے نے نکلے سبو ثابت سدا

آنچنانش تنگ آورد آن قضا ‏ کہ منافق را کشد مرگ فجا
ایسا تنگ اسکو قضا نے کر دیا ‏ جیسے کافر کو کرے مرگ فجا

نے طریق و نے رفیق و نے امان ‏ زانکہ عزرائیل شد در قصد جان
نے رفیق و نے امان نے رہ ملے ‏ کیونکہ عزرائیل قصد جان رکھے

آنچنان کان زن دران حجرہ خفا ‏ خشک شد آو او حریفش ز ابتلا
ایسے[۲] ہی اُس گھر مین وہ زن پھنس گئی ‏ تھی بلا سے خشک وہ اور یار بھی

گفت صوفی با دل خود کای دو گبر ‏ از شما کینہ کشم لیکن بہ صبر
سوچا صوفی دل مین کہ ان گبر سے ‏ اپنا بدلا لون و لیکن صبر سے

لیک نادانستہ آرم آن زمان ‏ تا کہ ہر گوشے بنوشد این نہان
پر بنون انجان مین اسدم کہ تا ‏ نے سنے کوئی یہ خفیہ ماجرا

از شما کینہ کشد پنہان محق ‏ اندک اندک ہمچو بیماری دق
تھوڑا تھوڑا کینہ اُن سے لون نہان ‏ جیسے دق والا گھلے ہر اک زمان

مرد دق باشد چو یخ ہر لحظہ کم ‏ لیک پندارد بہر دم بہترم
مثل یخ گھلتا ہے دق والا سدا ‏ پر وہ ہر دم جانتا ہے ہون بھلا

ہمچو گفتارے کہ میگیرندش او ‏ غرۂ آن گفت کاین گفتار کو
اُس چرگ کی مثل کہ پکڑین اُسے ‏ اُسپہ بے غم کہ چرگ کس جا ہے

نیست در سوراخ گفتارا ہمو ‏ گشتہ او مغرور تر زین گفتگو
نے چرگ سوراخ مین یان کوئی ہے ‏ وہ ہوا مغرور تر اس بات سے

این ہمیگویند و بندش می نہند ‏ او خوش آسودہ کہ از من غافلند
باندھ لیتے ہین وہ یہی کہتے ہین ‏ وہ خوش آسودہ کہ غافل مجھ سے ہین

ہیچ پنہان خانہ آن زن را نبود ‏ سیج و دہلیز و رہ بالا نبود
کوئی[۳] پوشیدہ نہ جا اُس زن کو تھی ‏ زینہ نے تہخانہ اور نے کوٹھری

نے تنورے کہ دران پنہان شود ‏ نے جوالے کہ حجاب آن شود
نے تنور اک کہ وہ اسمین ہو نہان ‏ نے کوئی خرجی کہ پردہ ہو وہان

ہمچو عرصہ پہن روز رستخیز ‏ نے کو و نے پشتہ نے جائے گریز
مثل اک میدان محشر کے صفا ‏ نے گڑھا نے ٹیلہ نے جانے کی جا

گفت یزدان وصف آن جائے حرج ‏ بہر محشر لا تری فیہا عوج
واسطے محشر کے وصف اس جائے کا ‏ لا تری فیہا عوج حق نے کہا
نہین دیکھے گا اس مین عوج ۱۲

[۱] بارہا الخ یہ شعر عورت نے بارہا بدکاری کی سہل گزرا اور اسکو بھی سہل جانا وہ ناقص عقل نہین جانتی ہے کہ جو سے سبو ثابت نہین نکلتا ہے ہمیشہ قضا نے اسکو ایسا تنگ کر دیا جیسے مرگ مفاجات سے کفار نہ رفیق نہ امان وہ نہ راہ ملے کیونکہ عزرائیل قصد جان کا رکھتا ہے یعنی موت ناگہانی کفار کو بد ہے اور مومن کو نیک ہے کیونکہ موت ناگہانی مین جو خیال ہوتا ہے انسان اُسی خیال مین جاتا ہے فرصت توبہ کی نہین پاتا ہے اسواسطے کفار کو بد ہے اور مومن جو کہ ہر دم خیال یار مین رہتا ہے وہ خیال اسکو بہتر ہے اسواسطے مومن کو نیک ہے لقبول بحر العلوم باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] ایسے ہی الخ ۸ شعر وہ عورت اُس گھر مین ایسی ہی پھنس گئی اور بلا سے وہ خشک تھی اور یار بھی سوچا کہ مین دو گبر سے اپنا بدلہ لون و لیکن صبر سے پر اُسدم انجان مین ہو دن کہ تا کوئی یہ پوشیدہ ماجرا نہ سنے کینہ تھوڑا تھوڑا پوشیدہ لون جیسے دق والا ایک مانے مین گھلتا ہے مثل برف کے دق والا گھلتا ہے ہمیشہ و لیکن وہ ہر دم جانتا ہے کہ مین اچھا ہون آگے اسکی مثال ہے اُس چرگ کے مانند کہ اُسے پکڑین اور وہ اس بات پر بے غم ہو کہ چرگ کہان ہے یہان چرگ سوراخ مین کوئی نہین ہے اور وہ مغرور تر ہوا اس بات پر یہان تک کہ وہ باندھ لیتے ہین اور یہی کہتے ہین اور وہ خوش آسودہ ہوتا ہے کہ مجھ سے غافل ہین یعنی انسان دنیا ہر دم بلا مین پھنستے جاتے ہین اور خود جانتے ہین کہ ہم ویسے ہی آزاد ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [۳] کوئی الخ ۵ شعر کوئی چھپانے کی جا اس عورت کو نہ تھی نہ زینہ اور نہ تہخانہ و کوٹھری نہ تنور کہ اُس مین پوشیدہ ہوا اور نہ کوئی خرجی کہ وہان پردہ ہو مثل میدان محشر کے صفا نہ گڑھا نہ ٹیلا نہ جگہ جانے کے واسطے محشر کے اس جگہ کا وصف حق نے کہا ترجمہ کہ نہین دیکھے گا اُس مین عوج چادر اس کے مُنہ پر ڈال کہ مرد کو عورت کر کے در و زد جلد کھولا آگے معشوق کے چھپانے کا حال ہے فافہم ۱۲

چادر خود را برو افگند زود	مرد را زن کرد و در را بر کشود	چادر اپنی اسکے منہ پر ڈال کر	مرد کو زن کرکے کھولا جلد در

معشوق را زیر چادر نہان کردن جہت تلبیس وبہانہ ومکر کہ اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْمٌ

بتحقیق مکر عورتون کا بڑا ہے ۱۲

معشوق کو نیچے چادر کے چھپانا واسطے مکر فریب و بہانے کے کہ اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْمٌ

زیر چادر مرد رسوا و عیان	سخت پیدا چون شتر بر نردبان	مرد[1] چادر کے تلے ظاہر دکھے	ایسا ظاہر اونٹ جیسے بام پے
از تعجب گفت صوفی چیست این	ہرگز این را من ندیدم کیست این	بولا[2] صوفی ہون مین حیران کون ہے	اسکو نے دیکھا کبھی یان کون ہے
گفت خاتونیست از اعیان شہر	مرورا از مال و اقبال ست بہر	بولی بی بی ہے یہ اہل شہر سے	مال اور دولت سے آسودہ یہ ہے
در ببستم تا کسے بیگانہ در	در نیاید زود نادانانہ در	در کیا تھا بند بیگانہ کوئی	گھس نہ اندر آئے نادانہ کوئی
گفت صوفی چیستش این خدمتی	تا بر آرم بے سپاس و منتے	بولا صوفی خاطر اسکی کیا کرین	منت بے شکر اسپر تا رکھین
گفت خواہش خویشی و پیوستگی ست	نیک خاتونیست حق داند کہ کیست	بولی خواہش رشتہ کرنے کی رکھے	نیک زن ہے جانے حق کہ کون ہے
یک پسر دارد کہ اندر شہر نیست	خوب و زیرک چابک و مکسب کنیست	اک پسر[3] رکھے کہ یان بیمثل ہے	خوبرو چالاک و ہشیاری رکھے
خواست دختر را ببیند زیر دست	اتفاقا دختر اندر مکتب است	چاہے دختر دیکھنا خفیہ و لے	اتفاقاً دختر اب مکتب مین ہے
باز گفت ار آرد باشد یا سبوس	میکنم او را بجان و دل عروس	پھر کہا لا آٹا یا بھوسی ہو گر	دولہن اسکو مین کرون دل سے مگر
گفت صوفی ما فقیر و زاد کم	قوم خاتون مالدار و محتشم	بولا صوفی ہم فقیر اور مایہ کم	قوم بی بی کی امیر اور محتشم
کے بود این کفو ایشان در زواج	یک در از چوب و در دیگر ز عاج	کفو انکی کب ہو یہ جوڑا ہو گر	ایک ہاتھی دانت و اک لکڑی کا در
کے بود ہمرنگ فقر و احتشام	چون شود ہمجنس یاقوت و رخام	فقر[4] و حشمت کب بھلا ہمرنگ ہو	مرمر و یاقوت کب ہمسنگ ہو
جامہ نیمے اطلس و نیمے پلاس	عیب باشد نزد ارباب شناس	جامہ آدھا اطلس آدھا ٹاٹ کا	اسکو دانا جانتے ہین سب بُرا
با کبوتر باز کے شد ہم نفس	کے شود ہمراز عنقا با مگس	کب کبوتر ساتھ ہووے باز کے	مکھی کب عنقا سے ہمرازی رکھے

ف۱ مرد الخ ۱ شعر مرد چادر کے نیچے ظاہر دکھتا تھا ایسا ظاہر کہ جیسے اونٹ بام پر ۱۲

ف۲ بولا صوفی الخ ۵ شعر صوفی نے کہا کہ مین حیران ہون کہ یہ کون ہے اسکو نہین دیکھا کبھی یہان بولی کہ یہ بی بی اہل شہر سے ہے مال و دولت سے یہ آسودہ ہے دروازہ بند کیا تھا کہ کوئی بیگانہ گھس نہ آئے ناوانون کے مانند صوفی نے کہا کہ اسکی کیا خاطر کرین تا منت بے شکر اسپر رکھین عورت نے کہا کہ اس کو خواہش رشتہ داری کرنے کی ہے نیک عورت ہے مگر خدا جانے کون ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

ف۳ اک پسر الخ ۵ شعر ایک لڑکا رکھتی ہے کہ بیمثل ہے خوبرو چالاک و ہوشیار ہے دختر خفیہ دیکھنا چاہتی ہے و لیکن دختر اتفاقاً مکتب کو گئی ہے پھر کہا کہ اگر آٹا یا بھوسی ہو و لیکن مین اس سے شادی کرون گی دل سے صوفی نے کہا کہ ہم فقیر ہین مایہ کم رکھتے ہین قوم بی بی کی امیر و محتشم ہے اگر یہ جوڑا ہو تو کفو ان کی کب ہو جیسے ایک در ہاتھی دانت کا اور ایک لکڑی کا آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

ف۴ فقر و حشمت الخ ۴ شعر فقر و حشمت بھلا ہمرنگ کب مرمر اور یاقوت ہم سنگ کب ہو آدھا جامہ اطلس اور آدھا ٹاٹ کا سب دانا اس کو بُرا جانتے ہین کبوتر کب باز کے ساتھ ہووے مکھی کب عنقا کی ہمراز ہووے کہ دونون کی زوجیت ہونا چاہیئے ورنہ تنگ آئین اور الفت نہ رہے یعنی زوجیت مین برابری چاہیئے کہ دونون مین موافقت چاہیئے آگے جواب عورت کا ہے فافہم ۱۲

کفو باید ہر دو جفت اندر نکاح	ورنہ تنگ آید نماند ارتیاح	کفو ہر دو زوجیت مین چاہئے	ورنہ تنگ آئین نہین الفت رہے

گفتن زن کہ او در بند جہاز نیست مراد او ستر و صلاح است و جواب گفتن صوفی او را پنہانے

کہنا عورت کا کہ وہ جہیز نہین چاہتی ہے مراد اسکی لیاقت اور صلاحیت ہے اور جواب دینا صوفی کا اس کو معنی مین

گفت گفتم من چنین عذرے واو	گفت نی من نیستم اسباب جو	بولی مین نے عذر ایسے ہی کئے	خواہان سامان کی نہین یہ کہتی ہے
ما ز مال و زر ملول و تخمہ ایم	ما بحرص جمع نے چون عامہ ایم	کہ ملول اور تنگ ہین ہم مال سے	حرص جمع نے ہمین جیون عام کے
ما ملولیم از قماش و زر و سیم	فارغیم و تخمہ از مال عظیم	ہین ملول اب ہم زر و سامان سے	مال کی کثرت سے تنگی دل کو ہے
قصد ستر ست و پاکی و صلاح	در دو عالم خود بدان باشد فلاح	ہے ہمارا قصد پاکی و صلاح	دو نون عالم مین ہو تا اس سے فلاح
باز صوفی عذر درویشے بگفت	وان مکرر کرد تا نبود نہفت	عذر صوفی نے کیا پھر فقر کا	تا بناوٹ نے اسی نے پھر کہا
گفت زن من ہم مکرر کردہ ام	بے جہیزے را مقرر کردہ ام	بولی زن مین نے بھی اسکو پھر کہا	بے جہیزی کو مقرر کر دیا
اعتماد اوست راسخ تر ز کوہ	کہ ز فقرش ہیچ می ناید شکوہ	اعتماد اسکا ہے پکا کوہ سے	فقر سے نے تنگ اسکو آئی ہے
او ہمی گوید مرادم عفت ست	از شما مقصود صدق و ہمت ست	وہ[۲] کہے مقصود عفت ہے مجھے	صدق و ہمت چاہئے اب تم سے ہی
گفت صوفی خود جہاز و مال ما	دید و می بیند ہویدا نے خفا	بولا[۳] صوفی مال و سامان خود مرا	دیکھا اور دیکھے ہی اس سے چھپا
خانہ تنگے مقام یک تنے	کہ در و پنہان نماند سوزنے	خانہ تنگ اور ایک تن اسمین رہے	اور اسمین ایک سوئی نے چھپ سکے
باز ستر و پاکی و زہد و صلاح	او ز ما بہ داند اندر انتصاح	پھر لیاقت پاکی اور زہد کو	مجھسے بہتر جانے ظاہر ہین پنہان
بہ ز ما میداند او احوال ستر	و ز پس و پیش سر و دنبال ستر	مجھسے بہتر جانے وہ حال ستر	آگے پیچھے سر و دنبال ستر

سے[۱] بولی الخ ۷ شعر عورت نے کہا کہ مین نے ایسے ہی عذر کئے یہ کہتی ہے کہ مین خواہان سامان کی نہین ہون کہ ہم مال سے ملول و تنگ ہین اور عام کے مانند ہمین حرص جمع کی نہین ہے اب ہم ملول ہین زر و سامان سے مال کی کثرت سے دل کو تنگی ہے ہمارا قصد پاکی و صلاح ہے تاکہ دونون عالم مین اس سے فلاحیت ہو پھر صوفی نے عذر فقر کا کیا تا بناوٹ نہ ہووے اس نے پھر کہا عورت نے کہا کہ مین نے اسکو پھر کہا اور بے جہیزی کو مقرر کر دیا اعتماد اس کا کوہ سے پکا ہے اس کو تنگ نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سے[۲] وہ کہے الخ ۱ شعر وہ کہتی ہے کہ مجھ کو مقصود عفت سے ہے تجھ سے صدق و ہمت چاہتی ہون ۱۲
سے[۳] بولا صوفی الخ ۷ شعر صوفی نے کہا کہ خود مال و سامان میرا دیکھا اور دیکھتی ہے اُس سے پوشیدہ نہین ہے خانہ تنگ کہ ایک شخص اُس مین رہے اور اس مین ایک سوئی چھپ نہ سکے پھر لیاقت اور پاکی اور زہد و نیکی مجھ سے بہتر وہ جانتی ہے حال ستر کا آگے پیچھے سر و دنبال ستر کا میری بے سامانی مثل خورشید کے ہے وہ صلاح و ستر سے واقف نہ رہے پھر ظاہر ہے سر و سامان ہے وہ خود واقف ہے صلاح و ستر سے شرح کرنا پردہ کی بابا سے کچھ ضرور نہین ہے کہ مثال دن کے اسپر ظاہر ظہور ہے آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲

بے جہازی خود عیان ہمچون خور ست	در صلاح و ستر او واقف تر ست	میری بے سامانی ظاہر مثل خور	وہ صلاح و ستر سے واقف ہی تر
ظاہر ما بے جہاز و خادم ست	در صلاح و ستر او خود عالم ست	میرا ظاہر بے سر و سامان سب	ہے وہ واقف خود صلاح و ستر سے
شرح مستوری ز بابا خود نیست	چون برو پیدا چو روز روشنی ست	شرح پردہ کی نہ بابا سے ضرور	مثل دن کے اس پہ ظاہر ہی ظہور
این حکایت را بدان گفتم کہ تا	لاف کم بافی چو رسوا شد خطا	ہیں سنے اس قصہ کو اس باعث کہا	کم کرے دعوی جو رسوا ہو خطا
بر تراست ہم بدعوے مستزاد	این پیوست اجتہاد و اعتقاد	خاص کر تجکو بھی ہے دعوی بڑا	اعتقاد و جہد یہ ہی تھا ترا
چون زن صوفی تو خائن بودہ	دام مکر اندر دغا بگشودہ	چون زن صوفی خیانت تو کرے	دام مکر اندر دغا کھولے تو نے
کہ ز ہر ناشستہ روے گپ زنی	شرم داری وز خداے خویش نے	مارتا گپ ہے جو تو نادان سے	شرم سے نے اللہ سے تو کرتا ہے

بیان آنکہ غرض از بصیر و سمیع و علیم گفتن حق چیست

بیان اسکا کہ خدا کو بصیر و سمیع و علیم کہنے سے غرض کیا ہے

از پے آن گفت حق خود را بصیر	کہ بود دیدش ہر دم نذیر	اس لئے حق نے کہا خود کو بصیر	دید اسکی تجکو ہو ہر دم نذیر
از پے آن گفت حق خود را سمیع	تا ببندی لب ز گفتار شنیع	اس لئے حق نے کہا خود کو سمیع	تا تو چپ ہو وے نہ کہوے کچھ شنیع
از پے آن گفت حق خود را علیم	تا نیندیشی فساد تو ز بیم	اس لئے حق نے کہا خود کو علیم	تا نہ سوچے تو فساد از راہ بیم
نیست اینہا بر خدا اسم علم	کہ سیہ کافور دارد نام ہم	اسم فرضی یہ نہیں اللہ کے	کہ رکھے کافور زنگی نام ہے
اسم مشتق است از اوصاف قدیم	نے مثال علت اولی سقیم	اسم نکلا ہے قدیم اوصاف سے	علت اولی سا نے بیمار ہے
ورنہ تسخر باشد و طنز و دہا	کر را سامع ضریرے را ضیا	ورنہ از راہ تمسخر کہتے وہ	سامع بہرے کو تو بینا کور کو
یا علم باشد حی نام وقیح	یا سیاہ زشت را نام صبیح	نام فرضی ہو حیا بے شرم کا	یا کہ روشن نام زنگی کا رکھا

سلہ یعنے آگے ۴ شعر اس قصہ کو مین سنے اس باعث کہا کہ کم دعوے کرے جب کہ خطا رسوا ہو خاص کر تجھ کو بھی بڑا دعوے ہے اعتقاد و جہد ہی تیرا لغاش عورت صوفی کے تو خیانت کرتا ہو اور دام مکر تو دغا مین کھولتا ہے تو گپ مارتا ہے نادان سے اور تو شرم نہین کرتا ہے اللہ سے یعنی تو دعوے کرتا ہے اور گپین مارتا ہے مثل زن صوفی کے اے ریاکار اور خدا کو سمیع و بصیر نہین جانتا اور شرم نہین کرتا ہے آگے خدا کے سمیع و بصیر ہونے کا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ اس لئے آگے ۷ شعر اس واسطے حق نے خود کو بصیر کہا کہ دید اس کی ہر دم تجھ کو ڈرانے والی ہے اس واسطے حق نے خود کو سمیع کہا کہ تا تو خاموش رہے اور کچھ برا منھ سے نہ کہے اس واسطے حق نے خود کو علیم کہا کہ تا تو فساد نہ سوچے از راہ خوف کے یہ اسم فرضی نہین ہین اللہ کے جیسے کہ کافور نام زنگی کا رکھتے ہین اسم قدیم اوصاف سے نکلا ہے علت اولے کے مانند بیمار نہیں ہے ورنہ از راہ تمسخر کے وہ کہتے سامع بہرے کو اور بینا اندھے کو نام فرضی بے شرم کا حیا ہو یا کہ نام زنگی کا روشن ہو یعنی یہ اسماء صفاتی اللہ کے باصفت ہین فرضی نہین ہین اسم فرضی وہ ہے کہ صفت نہ رکھے اور نام صفاتی اُس کا ہو جیسے جاہل کا نام مولوی آگے مثال اس کی ہے فافہم ۱۲

طفلک نوزاده را حاجی لقب
یا لقب غازی نهی بهر نسب

گر بگویند این لقبها در مدیح
چون ندارد آن صفت نبود صحیح

تسخر و طنزی بود آن یا جنون
پاک حق عما یقول الظالمون

من همی دانستمت پیش از وصال
که نکو روئی و لیکن بد خصال

من همی دانستمت پیش از لقا
کز ستیزه راسخی اندر شقا

چونکه چشم سرخ باشد در عمش
دانمش زان درد گر کم بینمش

تو مرا چون بره دیدی بی‌شبان
تو گمان کردی ندارم پاسبان

عاشقان از درد زان نالیده‌اند
که نظر ناجایگه مالیده‌اند

بی‌شبان دانسته‌اند آن ظبی را
رایگان دانسته‌اند آن سبی را

تا ز غیرت تیر آمد بر جگر
که منم حارس گزافه کم نگر

کی کم از بره کم از بزغاله‌ام
که نباشد حارسی دنباله‌ام

حارسی دارم که ملکش می‌سزد
داند آن بادی که بر من می‌وزد

سرد بود آن باد یا گرم آن علیم
نیست غافل نیست غائب ای سقیم

نفس شهوانی ندارد نور جان
من بدل کوریت می‌دیدم عیان

نفس شهوانی ز حق کرست و کور
من بدل کوریت می‌دیدم ز دور

هشت سالت زان نپرسیدم بهیچ
که پرت دیدم ز جهل و پیچ پیچ

خود چه پرسم آنکه او باشد نگون
که تو چونی چون بود او سرنگون

چھوٹے بچہ کا رکھیں حاجی لقب
یا نسب کے واسطے غازی لقب

ان لقب کو مدح میں جو کہ کہیں
نے صحیح ہو وہ صفت جو نہ رکھیں

ہو تمسخر طنز وہ یا ہو جنون
پاک حق عما یقول الظالمون

میں یہی جانتی تھی پہلے وصل سے
شکل نیک الا تو بد خصلت رکھے

میں یہی جانتی تھی اندر دید کے
جنگ سے ثابت شقاوت میں تو ہو

جیسے سرخ آنکھ اسکی غم سے ہو عیان
درد سے جانوں ہو کم بینی عیان

مجھکو مثل بھیڑ دیکھا بے شبان
تو نے جانا میں نہ رکھوں پاسبان

درد سے عشاق روئیں اس لئے
کہ نظر رکھتے ہیں جائے غیر پے

جانتے آہو کو ہیں وہ بے نشان
قید اُن کی جانتے ہیں رائگان

تا جگر پہ تیر غیرت سے لگا
کہ نگہبان میں ہوں مت دیکھے بڑا

کب میں کم بچے سے بکری بھیڑ کے
کہ نگہبان ہو نہیں پیچھے مرے

وہ نگہبان میرا کہ مالک اسکا ہے
اس ہوا کو جانتے جو مجھ پہ چلے

وہ ہوا تھی سرد یا گرم اے علیم
نے ہے غافل اور غائب وہ سقیم

نفس شہوانی نہ رکھے نور جان
دیکھتی ہوں تیرا اندھا پن عیان

نفس شہوانی بس اندھا حق سے ہے
تیرا اندھا پن میں دیکھوں دور سے

آٹھ سال اس سے نہیں پوچھا تجھے
کہ بھرا دیکھا تھا تجھکو جہل سے

اب کیا پوچھوں کہ وہ گھوڑا ہے تو نہ
کیا ہے تیرا حال کیوں ہے سرنگون

سلہ چھوٹے سے بچہ کا آگے شعر [illegible] نام چھوٹے بچہ کا رکھیں یا غازی لقب نسب کے واسطے کریں جو کہ ان لقب کو مدح میں کہیں صحیح نہ ہووے جو کہ
وہ صفت نہ رکھیں طنز و تمسخر یا جنون ہو کہ حق پاک ہے ترجمہ اُس چیز سے جو کہتے ہیں ظالم آگے رجوع بمقصد معشوقہ میں یہی اول وصل سے جانتی
تھی شکل نیک ولیکن تو خصلت بد رکھتا ہے میں اول ہی جانتی تھی دید سے جنگ سے کہ شقاوت میں ثابت قدم ہے آگے اس کی مثال ہے
جیسے سرخ آنکھ اس کی غم سے ظاہر ہو اور میں درد سے جانوں کم بینی ہے مجھکو بھیڑ کے مانند دیکھا بے چرواہا اور یعنی [illegible] نگہبان حق کو اپنے
ساتھ رکھتی ہوں کہ ہر دم میرے ساتھ ہے آگے اس کے حقائق ہیں ۱۲ سلہ درد سے آنچ ۶ شعر [illegible] دیتے ہیں کہ نظر رکھتے ہیں
صورت ظاہری پر یعنی عاشقان مجازی صورت ظاہری پر عاشق ہوتے ہیں [illegible] اس واسطے درد فراق میں مبتلا ہیں آگے اسکی مثال ہے آہو کو بے نگہبان کے
جانتے ہیں تا غیرت سے تیر جگر پر لگا کہ میں نگہبان ہوں تو نہ دیکھ آگے رجوع بمقصد ہے میں بکری و بھیڑ کے بچے سے کب کم ہوں کہ نگہبان میرے پیچھے نہ ہو
وہ نگہبان میرا جو کہ مالک اسکا ہے وہ اس ہوا کو جانتے کہ جو مجھ پر چلتی ہے وہ ہوا سرد یا گرم تھی وہ علیم غافل و غائب نہیں ہے یعنی وہ خدا میرا نگہبان
اور وہ ہوا کو جانتا ہے کہ جو مجھ پر چلتی ہے اور غافل و غائب نہیں ہے باقی حال آگے ہو گا فہم ہو سلہ نفس شہوانی آنچ ۲۴ شعر نفس شہوانی نور جان
نہیں رکھتا ہے میں دیکھتی ہوں تیرا اندھا پن ظاہر نفس شہوانی حق سے اندھا ہے میں تیرا اندھا پن دور سے دیکھتی ہوں آٹھ برس تجھکو اسواسطے
نہیں پوچھا کہ تجھکو جہل سے بھرا دیکھا اُس سے کیا پوچھوں کہ جو مثل گھوڑے کے ہو [illegible] کیا حال ہوا اور کیوں سرنگوں ہے یعنی اے عاشق ظاہری
تو نفس شہوانی رکھتا ہوا اور حق سے اندھا ہے میں اسواسطے تجھکو نہیں پوچھا کہ تو نہیں جانتا ہے کہ مجھ میں کون ہے [illegible] ظاہر

مثل آنکہ دنیا گلخن وتقوی حمام توانگران سرگین کشانند

شہوت دنیا مثال گلخن است / کہ از و حمام تقوی روشن است
لیک قسم متقی زین تون صفاست / زانکہ در گرمابہ است و در نقاست
اغنیا ماننده سرگین کشان / بہر آتش کردن گرمابہ ان
اندر ایشان حرص بنہاده خدا / تا بود گرمابہ گرم و بانوا
ترک این تون گیر و در گرمابہ ران / ترک تون را عین آن گرمابہ دان
ہر کہ در تون است او چون خادم است / مر ورا کو صابر است و حازم است
ہر کہ در حمام شد سیماے او / ہست پیدا بر رخ زیباے او
تونیان را نیز سیما آشکار / از لباس و از دخان و از غبار
ور نہ بینی روش بویش را بگیر / بو عصا آمد براے ہر ضریر
ور نداری بو در آرش در سخن / از حدیث نو بدان راز کہن
پس بگوید تونئی صاحب ذہب / بیست سلہ چرک کردم تا بشب
حرص تو چون آتش است اندر جہان / باز کرده ہر زبانہ صد دہان
پیش عقل این زر چو سرگین ناخوش است / گرچہ چون سرگین فروغ آتش است
آفتابے کو دم از آتش زند / چرک تر را لائق آتش کند

مثال اسکی کہ دنیا بھٹی وتقوی حمام اور توانگر گوبر اٹھانے والے ہین

مثل بھٹی خواہش اس دنیا کی ہے / گرم وہ حمام تقوی کو رکھے
متقی گھورے سے لیکن صاف ہو / کیونکہ وہ حمام مین پاکی رکھے
مثل گوبر کش ہین یہ سارے غنی / آگ روشن کرتے ہین حمام کی
انکے اندر حرص رکھی حق نے ہے / گرم تا حمام اسسے بس رہے
چھوڑ گوبر اور رہ حمام سے / چھوڑنا گوبر کا خود حمام ہے
جو ہے گوبر مین وہ جون خادم کہ ہو / خاص اسکا جو کہ ہشیاری رکھے
جو گیا حمام مین اسکی عیان / ہو چمکتی رخ پہ پیشانی نہان
گھورے والونکی بھی پیشانی عیان / ہے دھوئین سے اور لباسون سے بیان
گر نہ دیکھے انکا منھ بو انکی لے / بو عصا آئی ہے اندھون کیلئے
گر نہ جانے بو تو اس سے گر سخن / تو سخن اسکے سے سن راز کہن
کہوے گوبر والا جو دولت ہے / گندگی کے بیس لایا ٹوکرے
حرص تیری مثل آگ عالم مین ہے / ہر دہن سے شعلہ سو ظاہر کرے
عقل کے آگے یہ زر گوبر سا ہے / گرچہ گوبر آگ کو روشن کرے
شمس وہ کان آگ کا جو دم بھرے / گیلا گوبر آگ کے لائق کرے

سلہ مثل بھٹی آلخ ۱۲ شعر خواہش دنیا کی مثل گلخن کے ہے کہ حمام تقوی کو وہ گرم رکھتی ہے ولیکن متقی گھورے سے صاف ہے کیونکہ وہ حمام مین پاکی رکھتا ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ مثل گوبر کش آلخ ۱۲ شعر یعنی سب غنی مثل گوبر کش کے ہین کہ آگ روشن حمام کی کرتے ہین حق نے انکے اندر حرص رکھی ہے تاکہ حمام ان سے گرم رہے گوبر چھوڑ اور راہ حمام کی لے کہ گوبر کا چھوڑنا عین حمام ہے جو گوبر مین ہے وہ مثل خادم کے ہے خاص اسکا کسی کا کہ جو ہوشیاری کرتا ہے یعنی توانگران دنیا خادم اہل اللہ کے ہین کہ یہ انکی خدمت زر و مال سے کرتے ہین تاکہ وہ مال باد سے فارغ ہو کر شاغل بحق رہین آگے خادمان اللہ کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ جو گیا آلخ ۱۲ شعر جو حمام مین گیا اسکی پیشانی ظاہر چمکتی ہے یہان رخسار سے اور گھورے والون کی بھی یہان پیشانی دھوئین اور لباسون سے ظاہر ہے اگر تو انکا منھ نہین دیکھتا ہے بو ان کی لے کیونکہ بو عصا آئی ہے اندھون کے واسطے اگر تو بو نہین جانتا ہے اس سے یقین کر اور نئی باتون اسکی سے راز پرانے سن یعنی اولیاء اللہ اور دنیادار کی پیشانی ظاہر ہے اگر تو پیشانی سے جان سکتا نہین ہے انسے باتین کر کہ تجھکو معلوم ہو کہ یہ اولیاء ہے یا دنیادار ہو گوبر والا کہ جو دولت رکھتا ہے کہوے کہ بیس ٹوکرے گندگی کے مین لایا تیری حرص مثل آتش کے عالم مین ہے اور ہر ایک دہن سے سو شعلے ظاہر کرتی ہے عقل کے روبرو یہ زر مثل گوبر کے ہے اگرچہ گوبر آتش کو روشن کرتا ہے یعنی زر سے حرص زیادہ ہوتی ہے اور یہ زر اہل اللہ کے نزدیک گوبر ہے وہ شمس کہان ہے کہ جو آتش کا دم بھرتا ہے اور گیلے گوبر کو آتش کے لائق کرتا ہے اور شمس نے اس شکر کو ذکر کیا کہ گھورے مین حرص کی آتش ہے یعنی وہ اولیا کہان ہین کہ اہل دولت کو اپنے پرتو سے حرص سے چھڑائین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

آفتاب آن سنگ را هم کرد زر … تا بتون حرص افتد صد شرر
آنکه گوید مال گرد آورده ام … چیست یعنی چرک چندین خورده ام
این سخن گرچه که رسوائی فزاست … در میان تونیان زین فخرهاست
که تو شش سله کشیدی تا به شب … من کشیدم بیست سله بی کرب
آنکه در تون زاد و پاکی را ندید … بوی مشک آرد برو رنجی پدید
گر بتون انبار خواهی بود تو … زین زیان هرگز نه بینی سود تو

زر کیا اس سنگ کو بھی شمس نے … حرص کے گھورے مین تا آتش بچے
وہ کہے گر مال کو جمع کیا … یعنی اتنی گندگی کو کھا لیا
گرچہ ان باتون سے رسوائی بڑھے … گھورے والون مین پر اس سے فخر ہے
تو نے دن بھر مین لئے چھ ٹوکرے … بیس ہین نے ٹوکرے جمع کئے
پاک کب جو پیدا گھورے مین ہوا … مشک کی بو اسپہ لاتی ہے بلا
تو اگرچہ پیدا گھورے مین ہوا … اس زیان سے ہو نہ تجکو فائدا

قصهٔ آن دباغ که در بازار عطاران از بوی عطر بیهوش شد

قصہ اس ڈبہ گر کا کہ عطارون کے بازار مین بوے عطر سے بیہوش ہوا

آن یکی دباغ در بازار شد … تا خرد آنچه ورا در کار بد
چونکه در بازار عطاران رسید … ناگهان افتاد بیهوش و خمید
بوی عطرش زد ز عطاران راد … تا بگردیدش سر و بر جا فتاد
همچو مردار او فتاد و بی خبر … نیمروز اندر میان رهگذر
جمع آمد خلق بر وی آن زمان … جملگان لاحول گو درمان کنان
آن یکی کف بر دل او می براند … وز گلاب آن دیگری بر وی فشاند
او نمی دانست کاندر مرتعه … از گلاب آمد ورا این واقعه
آن یکی دستش همی مالید و سر … وان دگر کهگل همی آورد تر

ڈبہ گر اک جو گیا بازار مین … تا خریدے اسکو جو تھین خواہشین
جو گیا بازار عطارون مین وہ … گر پڑا وہ ناگہان بیہوش ہو
آئی بوے عطر اسے عطار سے … گھوما سر اسکا گرا اک جائے پہ
بے خبر مردار سا لیٹا رہا … نصف دن تک راہ مین وہ پڑا
جمع مردم اس گھڑی اسپہ ہوئے … پڑھتے لاحول اور دوا کرتے ہوئے
ایک سینہ اسکا ملتا ہاتھ سے … دوسرا چھڑکے گلاب اس شخص پہ
وہ نہ تھے اس گندگی مین جانتے … کہ گلاب اسپر بلا لایا ہے یہ
ایک ملتا ہاتھ اسکا اور سر … دوسرا لاتا تھا مٹی کر کے تر

(۱) وہ کہے الخ ۵ شعر وہ کہے کہ مین نے مال کو جمع کیا یعنی اتنی گندگی کو کھا لیا اگرچہ ان باتون سے رسوائی بڑھتی ہے ولیکن گھورے والون مین اس سے فخر ہے تو نے دن بھر مین ایک ٹوکرا لیا اور مین نے بیس ٹوکرے جمع کئے پاک کب ہے جو کہ گھورے مین پیدا ہوا بوے مشک اسپر بلا لاتی ہے تو اگرچہ گھورے مین پیدا ہوا ہے پس اس زیان سے تجکو فائدہ نہ ہوا یعنی جو دنیا کی خواہش مین گرفتار ہے کلام اولیا مانند اسپر بلا لاتا ہے جیسے ڈبہ گر بوے عطر سے بیہوش ہوا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ (۲) ڈبہ گر الخ ۸ شعر ایک ڈبہ گر جو بازار مین گیا تاکہ خریدے جو اسے خواہشین تھین جب کہ بازار عطارون مین وہ گیا ناگہان بیہوش ہو کر گر پڑا اس کو عطر کی بو آئی عطر سے سر گھوما اور ایک جگہ پر گر کے بے خبر مردار کے مانند لیٹا رہا آدھے روز تک راہ مین اور نہین اٹھا اس گھڑی لوگ اسپر جمع ہوئے لاحول ولا قوة پڑھتے ہوئے اور دوا کرتے ہوئے ایک اس کا سینہ ملتا ہاتھ سے دوسرا گلاب چھڑکتا اس شخص پر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ (۳) وہ نہ تھے الخ ۶ شعر وہ اس گندگی مین نہین جانتے تھے کہ گلاب اسپر یہ بلا لایا ہے ایک اس کا ہاتھ ملتا اور سر اور دوسرا مٹی لاتا کر کے تر ایک بخور عود اور قند باہم کر کے دیتا دوسرا اسکی پوشش کو کم کرتا ایک نبض کی حرکت کو دیکھتا تھا دوسرا اس کی منہ کی بو سونگھتا تھا کہ کچھ کھایا یا بھنگ یا شراب کھائی ہے مردم اس کی بیہوشی سے عاجز تھے پس اس کے عزیزون کو خبر جلد ہی دی کہ فلانا یہان خراب پڑا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

آن بخور عود و شکر زد بهم — وان دگر از پوششش میکرد کم
وان دگر نبضش که تا چون میجهد — وان دگر بو از دهانش می‌شمید
تا که می خوردست یا بنگ و حشیش — خلق درماندند اندر بیهشیش
پس خبر بردند خویشان را شتاب — که فلان افتاده است آنجا خراب
کس نمیداند که چون مصروع گشت — یا پیه شد کو را فتاد از بام طشت
یک برادر داشت آن دباغ زفت — گربز و دانا بیامد زود تفت
اندکی سرگین سگ در آستین — خلق را بشکافت و آمد با حنین
گفت من رنجش همیدانم ز چیست — چون سبب دانی دوا کردن جلیست
چون سبب معلوم نبود مشکل است — دارو رنج و در آن صد محملست
چون بدانستی سبب را سهل شد — دانش اسباب دفع جهل شد
گفت با خود هستش اندر مغز و رگ — تو بتو بوی آن سرگین سگ
تا میان اندر حدث او تا بشب — غرق دباغیست او روزی طلب
با حدث کردست عادت سال و مه — بوی عطرش لاجرم دارد تباه
پس چنین گفتست جالینوس مه — آنچه عادت داشت بیمار آنش ده
کز خلاف عادت است آن رنج او — پس دوای رنجش از معتاد جو
چون جعل گشتست از سرگین کشی — از گلاب آید جعل را بیهشی
هم از آن سرگین سگ داروی اوست — که بدان او را همی معتاد خوست

ایکنے بخور عود و قند دیتا بہم — دوسرا پوشش کو کرتا اسکی کم
نبض کی حرکت کو اک تھا دیکھتا — دوسرا بو اس کے منہ کی سونگھتا
تا کہ کیا کھایا بھنگ یا ہے کہائی ہے — مردم عاجز اسکی بیہوشی سے تھے
پس خبر دی اسکے اپنون کو شتاب — کہ فلانا یان پڑا ہے بس خراب
نے کوئی جانے کہ کیون مرگی ہوئی — یا ہوا کیا راز سے نے آگہی
دبّہ گر کا ایک بھائی تھا بڑا — ہوشیار و دانا جلدی ہی آگیا
آستین مین لینڈی کتے کی لئے — خلق کو چیرا دا آیا اس جگہے
بولا مین رنج اسکا جانون جسسے ہے — جو سبب جانے دوا آسان ہے
جو سبب نہ جانے مشکل اسکو ہے — رنج کی دار و کہ سو محمل رکھے
جو سبب جانا تو آسانی ہوئی — ہوئی سبب کی عقل دافع جہل کی
سوچا وہ خود مغز مین اسکے بسی — تہ بتہ کتے کی بو سے گندگی
رات دن تا گندگی کے درمیان — غرق ہے دبّہ گری سے یہ جوان
گندگی سے کی ہے عادت سال و ماہ — عطر کی بو نے کیا اسکو تباہ
پس حکیم کہا ہے خوب جالینوس نے — جو رکھے بیمار عادت وہ ہی دے
کہ خلاف عادتون سے رنج ہو — رنج کی اسکے دوا عادت سے لے
ہان جعل گوبر کشون سے جو وہ تھا — عطر سے بیہوش جعل بس ہوگیا
وہ ہی لینڈی سگ کی دوا اسکی ہے — کہ اسکی خود عادت ہے اسے

سلہ نے کوئی جانے آلخ ۹ شعر کوئی نہین جانتا کہ مرگی کیون ہوئی یا کیا ہوا بھید سے نہین آگہی دبّہ گر کا ایک بھائی بڑا تھا ہوشیار و دانا جلدی ہی آگیا آستین مین لینڈی کتے کی سے لئے ہوئے مخلوق کو چیرتا اور اس جگہ آیا کہا کہ مین رنج اسکا جانتا ہون جس سے ہے جو سبب جانتا ہے اس کو دوا آسان ہے آگے اس کے حقائق ہین اور جو سبب نہ جانے اُس کو مشکل ہے رنج کی دارو کہ سو محمل رکھتی ہے جو سبب جانا تو آسانی ہوئی اور سبب کی عقل دافع جہل کی ہوئی اور آگے رجوع بقصہ ہے سوچا کہ وہ خود مغز مین اُس کے بسی ہے تہ بتہ بوے گندگی کتے کی رات دن گندگی کے درمیان دبّہ گری مین یہ جوان غرق ہے سال و ماہ اُسنے گندگی سے عادت کی ہے بوے عطر نے اسکو تباہ کیا ہے یعنے دبّہ بنانے مین جو خمیر چمڑے کا کرتے ہین تو اُسمین گندگی کتے کی بھی ڈالتے ہین اسواسطے اس دبّہ گر کے دماغ مین وہ بو گندگی سگ کی بسی ہوئی تھی نہ کہ عطر کی خوشبو جو اسباب و علامات جانتا ہے اُس کو معالجہ کرنا آسان ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ پس کہا آلخ شعر جالینوس نے خوب کہا ہے کہ جو بیمار کی عادت ہو وہ ہی دے کہ خلاف عادت سے رنج ہے اسکے رنج کی دوا عادت سے لے آگے مثال ہے جو جعل کیڑے کے مانند وہ گوبر کشون سے تھا عطر سے وہ جعل بے ہوش ہوگیا وہ ہی لینڈی کتے کی اس کی دوا ہے کہ اسکو وہ عادت ہے ایکی الخبیثات للخبیثین کو پڑھ گئے پیچھے سے اس بات کو جان بس گلاب وغیرہ سے ناصحان اُس کی دوا کرتے ہین کہ مقصد ظاہر ہو خبیثون کو بنانے پاک و لائق و قابل نہ ہو وسے اسے تفات یعنی جو جس کی عادت ہے وہ ہی اسکو دیا جائے کیونکہ ترک عادت عداوت ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

الخبیثات الخبیثین را بخوان — رو دہ پشت این سخن را ماندان
ناصحان آذر بہ عنبر یا گلاب — می دوا سازند بہر رنج باب
مر خبیثان را نسازد طیبات — در خورد لائق نباشد اے ثقات
چون ز عطر وحی کژ گشتند و گم — بد فغان شان کہ تطیرنا بکم
رنج و بیماریست مارا زین مقال — نیست نیکو وعظتان مارا بفال
گر بیاغازید نصحے آشکار — ما کنیم این دم شمارا سنگسار
ما بہ لہو و لعب فربہ گشتہ ایم — در نصیحت خویش را نسرشتہ ایم
ہست قوت ما دروغ و لہو و لاغ — شورش معدہ ست مارا زین بلاغ
رنج را صد تو و افزون میکنند — عقل را دارو بافیون میکنند
گند شرک و کفر ایشان بیحد است — این کہ دباغ او فتادہ بیخود است

الخبیثات الخبیثین کو پڑھو — آگے اور پیچھے سے جان اس بات کو
پس گلاب عنبر سے انکی ناصحان — کرتے ہیں دارو کہ مقصود ہو بیان
نے خبیثون کو بناسکے طیبات — لائق اور قابل نہو وہ اے ثقات
عطر وحی سے جو ہوئے گمراہ و گم — تھی صدا انکی تطیرنا بکم
رنج و بیماری ہمیں اس فال سے — نے تمہارا وعظ نیکو فال ہے
گر نصیحت تم کروگے آشکار — ہم کرینگے تمکو اسدم سنگسار
ہم ہوئے موٹے ہیں لہو و لعب سے — ہم نصیحت کو نہیں پیدا ہوئے
قوت اپنا جھوٹ لہو و لعب ہے — معدہ شورش اس نصیحت سے رکھے
پس زیادہ تر مرض کو کرتے ہیں — عقل کی افیون سے دوا کرتے ہیں
بوے شرک کفر بیحد انکی ہے — دبہ گر بیہودہ پڑا ہے جان لے

معالجہ کردن برادر دباغ دباغ را بخفیہ ببوے سرگین سگ

معالجہ کرنا دبہ گر کے بھائی کا دبہ گر کو پوشیدہ بوے لینڈی سگ سے

خلق را میراند از وے آن جوان — تا علاجش را نبینند آن کسان
سر بگوشش برد ہمچون رازگو — پس نہاد آن چیز بر بینی او
کو بکف سرگین سگ سائیدہ بود — داروے مغز پلیدان دیدہ بود
چونکہ بوے آن حدث را او کشید — مغز رنجش بوے ناخوش را چشید
ساعتے شد مرد جنبیدن گرفت — خلق گفتند این فسونے بد شگفت
کاین بخواند افسون بگوش او دمید — مردہ بود افسون بفریادش رسید

ہٹاتا تھا خلق کو اس سے جوان — تا علاج اسکا نہ دیکھے کوئی جان
کان پر اسکے جھکا جون رازگو — ناک پر اسکی رکھا اس چیز کو
کہ ہتھیلی پر گھسا لینڈی کو تھا — دیکھی تھی مغز پلیدون کی دوا
گندگی کی بو کہ بو اندر گئی — اسکے مغز بد نے بد بو سونگھ لی
اک گھڑی میں مردہ وہ ہلنے لگا — خلق بولی یہ عجب دم اسکا تھا
کان میں کچھ دم پڑھ کے دبہ گر کے اسکے — مردہ تھا دم پہونچا اسکی داد کو

سلہ عطر وحی الخ یعنی شعر عطر وحی سے جو گمراہ و گم ہوئے انکی یہ صدا تھی ترجمہ بدفالی کرتے ہو تم ہمسے بلکہ رنج و بیماری ہے ان باتون سے کہ تمہارا وعظ نیک فال نہیں ہے اگر تم نصیحت کروگے ہم تمکو اسدم سنگسار کرینگے ہم لہو و لعب سے موٹے ہوئے ہیں ہم نصیحت سننے کو نہیں پیدا ہوئے ہیں ہمارا قوت جھوٹ و لہو و لعب ہے اس دعوت سے معدہ سوزش رکھتا ہے پس مرض کو زیادہ کرتے ہیں عقل کی دوا افیون سے کرتے ہیں انکی بوے شرک و کفر بیحد ہے تو جان لے کہ دبہ گر بیہوش پڑا ہے (یعنی کفار کہ نجس عین ہیں مثل دبہ گر کے عطر وحی سے گمراہ ہوئے تھے اور لہو و لعب دنیا سے خوش ہوئے تھے اسی طرح اب غافلان دنیا احکام دین نصیحت شرع متین سے روگردان و پریشان ہوتے ہیں اور رشد امور دنیا سے خوش و راغب ہوتے ہیں آگے دبہ گر کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ہٹاتا تھا الخ یعنی شعر ہٹاتا تھا الخ و شعر وہ جوان اس سے مخلوق کو ہٹاتا تھا تا علاج اس کا وہان کوئی نہ دیکھے اس کے کان پر جھکا مانند رازگو کے اور اس لینڈی سگ کو اسکی ناک پر رکھا کہ ہتھیلی پر گھسا تھا لینڈی کو کہ مغز پلیدون کی دوا دیکھی تھی جب گندگی کی بو اندر گئی اسکے مغز بد نے بد بو سونگھ لی وہ مردہ ایک گھڑی میں ہلنے لگا خلق نے کہا یہ عجب منتر اسکا تھا جو کان میں اس کے دم پڑھ کے پھونکا مردہ تھا کہ دم اسکی داد کو پہنچا آگے اس کے متعلق ہیں فافہم

جنبش اہل فساد آن سو بود / کہ ز ناز و غمزۂ ابرو بود
ہر کرا مشک نصیحت سود نیست / جز بدین بوے بدش بہبود نیست
مشرکان را زان نجس خواندست حق / کاندرون پشک زادند از سبق
کرم کو زادست از سرگین بد / می نگرداند بعنبر خوے خود
چون نزد بر وی نثار رش نور / او ہمہ جسم ست نے جان چون قشور
ور ز رش نور حق قسمیش داد / ہمچو رسم مصر سرگین مرغ زاد
لیک نے مرغ خسیس خانگی / بلکہ مرغ دانش و فرزانگی
تو بدان مانی کزان نور تہی / زانکہ بینی بر پلیدی می نہی
از فراقت زرد شد رخسار و رو / برگ زرد و میوۂ ناپختہ تو
دیگ ز آتش شد سیاہ و دود فام / گوشت از سختی چنین ماندست خام
ہشت سالت جوش دادم در لحوق / کم نشد یک ذرہ خامیت از نفاق
خامی و ہرگز نخواہی پخت تو / گر ہزاران بار جوشی اے عتو
غورۂ تو سنگ بستہ از مقام / غورہا اکنون مویزند و تو خام

جنبش اہل فساد اُس سمت سے ہے / غمزۂ و ناز و ادا ابرو سے ہے
جسکو مشک پند سے نے سود ہے / اسکو نے جز بوے بد بہبود ہے
حق نجس مشرک کو کہوے اسلئے / کہ پلیدی میں ہوا پیدا قبل سے
پیدا ازلی کیڑا جو گوبر سے ہے / عادت عنبر سے نہیں اسکی پھرے
رش نور اسپر ہوا جو نے نثار / وہ ہو بالکل تن نہ جان ہو پوست دار
کچھ جو رش نور اُسے حق نے دیا / مرغ رسم مصر گوبر سے ہوا
پر نہیں بدتر وہ مرغ خانہ ہو / بلکہ مرغ دانش و فرزانہ ہو
اس طرح تو بھی ہو خالی نور سے / کیونکہ ناپاکی پہ رکھتا ناک ہے
تیرا فرقت سے ہوا ہے زرد رو / زرد پتا میوہ ناپختہ ہے تو
دیگ آتش سے ہوئی دود فام / گوشت سختی سے رہا ویسا ہی خام
ہجر میں نے دیا جوش آٹھ سال / نے ہوا خامی کو تیرے کچھ زوال
خام ہو ہرگز نہووے پختہ تو / جوش کھاوے گر ہزاروں دفعہ تو
تو ہے غورہ ٹھٹھرا ایسا کہ تمام / ہیں مویز اب غورہ سب اور تو ہے خام

عذر خواستن عاشق گناہ خود بہ تلبیس و فہم کردن معشوق

عذر کرنا عاشق کا گناہ اپنے سے از راہ مکر کے اور سمجھ جانا معشوق کا

۱ جنبش الخ یہ شعر جنبش اہل فساد کی اس طرف سے ہے غمزۂ و ناز و ادا ابرو سے ہے جسکو مشک سے سود نہیں ہے اسکو بجز بوے بد کے بہبود نہیں ہے اسواسطے حق مشرک کو نجس کہتا ہے کہ پلیدی میں اول سے پیدا ہوا ہے آگے اسکی مثال ہے جو کیڑا ازلی گوبر سے پیدا ہے اُس کی عادت عنبر سے نہیں پھرتی ہے یعنی جنبش اہل فساد کی ادھر سے ہے پس اسکو بدبو کے سوا کیا فائدہ ہو اسواسطے اللہ نے مشرک کو نجس کہا ہے کہ گوبر کے کیڑے کو گوبر سے نفع ہوتا ہے اور واسطے اہل غفلت کو دنیا سے اور دین سے ضرر ہوتا ہے فافہم ۱۲ ۲ رش نور الخ یہ شعر چکیدگی نور کی جو اسپر نثار نہیں ہے وہ بالکل تن ہے مثل پوست کے جان نہیں ہے اگر چکیدگی نور کی اسکو کچھ حق نے دی ہے وہ برسم مصر مرغ گوبر سے پیدا ہوا لیکن وہ مرغ خانہ بدتر نہو بلکہ مرغ دانش و فرزانہ ہو یعنی مشرک کہ نجس ہے جسپر چھکارہ نور الٰہی کا نہیں ہوا وہ تن بے مغز ہے اور جسپر چھکارہ نور حق کا ہوا وہ خود بخود مثل رسم مصر کے مرغ پیدا ہوا جیسے مصر میں بیضۂ مرغ کو گوبر میں دبا دیتے ہیں کہ بے مادر بچے اُس سے پیدا ہو جاتے ہیں اسی طرح جس مشرک پر چھکارہ نور حق کا پڑا وہ خود راستی پر آگیا چنانچہ اکثر اولیا کفاروں میں پیدا ہوتے ہیں اور کشش الٰہی سے [illegible] کمال کو پہنچے ہیں [illegible] ہے فافہم ۱۲ ۳ اس طرح الخ یہ شعر اے عاشق تو بھی اسی طرح نور سے خالی ہے کیونکہ تو ناک ناپاکی پر رکھتا ہے تیرا اندرو فرقت سے ہوا ہے تو زرد برگ میوۂ ناپختہ ہے دیگ آتش سے سیاہ ہوئی گوشت سختی سے ویسا ہی خام ہے میں نے آٹھ برس تک ہجر سے جوش دیا تیری خامی کو کچھ زوال نہیں ہوا تو خام ہے ہرگز پختہ نہوگا اگر ہزار بار تو جوش کھاوے تو غورہ ٹھٹھرا ہوا بیماری سے بالکل ہے سب غورہ مویز ہیں اور تو خام ہے یعنی اے عاشق تو نظر صورت پر رکھتا ہے اور معنی کو میرے نہیں جانتا ہے میں آٹھ برس تجکو فراق میں [illegible] تا عشق مجازی سے حقیقی کو پہنچے اور معنی کو دیکھے مگر تو ابھی تک ویسا ہی ہے آگے عذر عاشق کا بیان ہے فافہم ۱۲

گفت عاشق امتحان کردم مگیر — تا ببینم تو حریفی یا ستیر
من همیدانستمت بے امتحان — لیک کی باشد خبر همچون عیان
آفتابے نام تو مشهور و فاش — چه زیانستت ار بکردم ابتلاش
انبیا را امتحان کرده عدات — تا شده ظاهر از ایشان معجزات
تو منی من خویشتن را امتحان — میکنم هر روز در سود و زیان
امتحانِ چشم خود کردم به نور — ایکه چشم بد ز چشمان تو دور
این جهان همچون خرابست و تو گنج — گر تفحص کردم از گنجت مرنج
زان چنین بیهودگی کردم گزاف — تا کنم با دشمنان هر بار لاف
تا زبانم چون ترا نامے نهد — چشم ازین دیده گواهیها دهد
گر شدم در راه حرمت راهزن — آمدم اے مه به شمشیر و کفن
جز به شمشیر خود اے شاهم مکش — همش ازین از دوری ای ماهم مکش
جز بدست خود مبرم پا و سر — که ازین دستم نه از دست دگر
از جدائی باز میرانی سخن — هرچه خواهی کن ولیکن این مکن
در سخن آباد دم این دم ره شد — گفت امکان نیست چون بیگانه شد
پوستها گفتیم و مغز آمد دفین — گر بمانم این نماند همچنین
گر خطائے آمد اند نادر وجود — چشم سید اریم در عفو اے ودود
امتحان کردم مرا معذور دار — چون ز فعل خویش گشتم شرمسار

بولا[۵۱] عاشق امتحان مین نے کیا — فاحشہ ہے دیکھو تو یا پارسا
تجکو جانا تھا یہی بے امتحان — پر خبر کب ہوتی ہو مثل عیان
تو ہے شمس اور نام تیرا ہے عیان — امتحان مین نے کیا کیا ہو زیان
امتحان[۵۲] اعدا نے نبیون کا کیا — تب ہوا ظاہر انھون سے معجزا
پس تو مین ہون اور مین اپنا امتحان — کرتا ہون سود و زیان مین ہر زمان
آزمایا چشم کو اپنی بہ نور — ای تری چشمون سے چشم بد ہو دور
یہ جہان ویرانہ سا او تو ہے گنج — گنج ڈھونڈھا مین نے مت کر تو رنج
مین نے نادانی کی قصداً با گزاف — دشمنون سے تا کرون ہر بار لاف
وصف[۵۳] جب تیرا زبان میری کرے — آنکھ گرمی سے گواہی اسکی دے
راہ حرمت مین ہوا مین راہزن — آیا ہون اے ماہ با تیغ و کفن
مارے مت جز تیغ اپنی کے اے شاہ — دور تر اس سے نہ کر مجکو ای ماہ
کاٹ ہاتھ اپنے سے سر پائون مرے — کہ اسی ہاتھون سے نی اور ہاتھ سے
پھر جدا ہونے کو تو کہتی ہو گر — جو تو چاہے کر ولیکن یہ نہ کر
ہو نہین آباد سخن اب رہ ملی — بولی نے ممکن کہ وہ ساعت گئی
مغز پنہان پوست کی باتین کہین — گر مین رہ جاؤن یہ ہو دیکھا نہین
گر خطا مجھ سے کوئی ظاہر ہوئی — اے خدا امید رکھون عفو کی
آزمایا مین نے رکھ معذور کار — ہون اپنے فعل سے خود شرمسار

۵۱ بولا الخ ۳ شعر عاشق نے کہا کہ مین نے تو امتحان کیا ہے کہ دیکھون تو فاحشہ ہے یا پارسا تجکو بغیر امتحان کئے بھی جانا تھا ولیکن خبر مثل عیان کے کب ہوتی ہے تو شمس ہے اور تیرا نام عیان ہے مینے امتحان کیا کیا نقصان ہے آگے مثال اس کی ہے فافہم ۱۲

۵۲ امتحان الخ ۵ شعر امتحان انبیا کا دشمنون نے کیا ہے تب انھون سے معجزے ظاہر ہوئے ہین پس تو مین ہون اور مین اپنا امتحان کرتا ہون نفع و نقصان مین ہر وقت اپنی چشم کو آزمایا نور سے اے تیری چشم سے چشم بد دور ہو جیو یہ جہان مثل ویرانے کے ہے اور تو گنج ہے مین نے اگر گنج ڈھونڈھا تو رنج مت کر مین نے قصداً نادانی کی جھوٹ سے تاکہ دشمنون سے ہر دم شیخی مارون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

۵۳ وصف الخ ۹ شعر جب کہ میری زبان تیرا وصف کرے اور آنکھ اس کی گواہی گرمی سے دے مین حرمت کی راہ مین رہزن ہوا اے ماہ با تیغ و کفن مین آیا ہون اے شاہ اپنی تیغ کے سوا مت مار اور اس سے دور تر مت کر اے ماہ میرے سر و پائون اپنے ہاتھ سے کاٹ اور دوسرے کے ہاتھ سے نہین اگر جدا ہونے کو تو کہتی ہے جو تو چاہے کر ولیکن یہ مت کر مین سخن سے آباد ہون اب راہ ملی ہے بولی کہ یہ ممکن نہین وہ ساعت گئی مغز پوشیدہ ہے اب مین نے پوست کی باتین کہین ہین اگر مین رہ جاؤن یہ نہین رہے گا یعنی اے معشوق مین یہ جو کچھ مین نے کہا ہے مغز اسکا باقی رہا ہے اگر تو چلی جائے گی اور مین رہ جاؤن گا تو یہ مغز پوشیدہ نہین رہے گا کبھی نہ کبھی ظاہر ہوگا آگے مناجات ہے اگر کوئی خطا مجھ سے ظاہر ہوئی ہے اے خدا مین عفو کی امید رکھتا ہون مین نے آزمایا ہے تو معذور رکھ مین اپنے فعل سے خود شرمندہ ہون آگے جواب معشوق کا ہے فافہم ۱۲

رد کردن معشوق عذر عاشق را و تلبیس او را

در جوابش برگشاد آن ماہ لب[۱] — کہ سوی ما رو تو سوی تست شب
حیلہای تیرہ اندر داوری — پیش بینایان چرا می آوری
ہرچہ در دل داری از مکر و رموز — پیش ما رسوا و پیدا ہمچو روز
گر بپوشیمش ز بندہ پروری — تو چرا بیروئی از حد می بری
از پدر آموز کادم در گناہ — خوش فرود آمد بسوی پایگاہ
چون بدید آن عالم الاسرار را — بر دو پا استاد استغفار را
بر سر خاکستر اندہ نشست — وز بہانہ شاخ تا شاخی نجست
ربنا انا ظلمنا گفت و بس — چونکہ جانداران بدید از پیش و پس
دید جانداران پنہان ہمچو جان — دورباش از ہر یکے تا آسمان
کہ ہلا پیش سلیمان مور باش — تا نہ بشگافد ترا این دورباش
جز مقام راستی یکدم مایست — ہیچ لالا مرد را چون چشم نیست
کور اگر از پند پالودہ شود — ہر دمے او باز آلودہ شود
آدما تو نیستی کور از نظر — لیک اذا جاء القضا عمی البصر
عمرہا باید بنادر گاہ گاہ — تا کہ بینا از قضا افتد بچاہ
کور را خود این قضا ہمراہ است — کہ مر او را اوفتادن طبع و خوست

رد کرنا معشوق کا عذر عاشق کو اور فریب اسکے کو

کھولا اُس نے جواب اسکے مین لب[۱] — کہ مین جانون روز تو جانے ہے شب
حیلے بدتر درمیان انصاف کے — آگے داناؤن کے لاے کس لئے
دل مین تو جو کچھ رکھے ہے مکر سے — آگے ظاہر ہے مرے جون روز کے
مین نوازش سے چھپاتی ہون اسے — کرتا ہے بے شرمی تو اب کس لئے
باپ سے تو سیکھ آدم جرم سے — کہ جھکا وہ خوب جانب پست کے
دیکھا اُسنے عالم اسرار کو — ہو گیا قائم وہ استغفار کو
بیٹھا[۲] غمگینی کی وہ بس خاک پے — اور بہانے سے پھرا نے ہر جگے
ربنا انا ظلمنا کہتا بس — جو ملائک اُسنے دیکھے پیش و پس
مثل جان دیکھا ملائک کو نہان — کرتے تاکیدین ہر اک تا آسمان
کہ سلیمان کے تو آگے مور ہو — تا نہ مارے تجکو بس تاکید وہ
جز مقام[۳] راستی مت ٹھہر تو — چشم سا چاکر نہین انسان کو
پاک ہو اندھا نصیحت سے اگر — ہر گھڑی پھر ہووے وہ آلودہ تر
تو نہین اے آدم اندھا بے نظر — لیک اذا جاء القضا عمی البصر
چاہیئے اک عمر ناگہ راہ مین — تا گرے بینا قضا سے چاہ مین
پس قضا اندھے کی خود ہمراہ ہے — کہ وہ گر پڑنے کی عادت کور رکھے

---

۱ کھولا الخ ۔ شعر اس ماہ نے اسکے جواب مین لب کھولا کہ مین دن جانتی ہون اور تو رات جانتا ہے حیلے بدتر آگے داناؤن کے انصاف مین کسواسطے لایا تو دل مین جو کچھ مکر سے رکھتا ہے میرے آگے مانند روز کے ظاہر ہین مین نوازش سے اسکو چھپاتی ہون تو بے شرمی کسواسطے کرتا ہے تو باپ سے سیکھ کہ آدم علیہ السلام جرم سے جانب پست کے جھکے یعنی عجز کیا آدم علیہ السلام نے انھون نے دیکھا کہ عالم اسرار کو وہ قائم ہو گئے استغفار پر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ بیٹھا الخ ۴ شعر وہ خاک غمگینی کے اوپر بیٹھا اور ہر جگہ بہانے سے نہیں پھرا یعنی عجز کیا اور بہانہ نہ کیا ترجمہ اے رب ہمارے تحقیق ہمنے ظلم کیا کہتے تھے کہ جو ملائک اپنے گرد دیکھے مثل جان کے مانند ملائک کو پوشیدہ دیکھا کہ تاکیدین کرتے تھے آسمان تک کہ اے آدم تو سلیمان حق کے روبرو مور ہو تا وہ تاکیدین تجکو نہ مارین آگے اس کے متعلق ہین فافہم ۱۲
۳ جز مقام الخ ۷ شعر تو مقام راستی کے سوا مت ٹھہر انسان کا کوئی چشم کے مانند چاکر نہین ہے آگے مثال ہے اگر اندھا نصیحت سے پاک ہو ہر گھڑی وہ پھر آلودہ تر ہو اے آدم تو اندھا نہین ہے ولیکن ترجمہ جس وقت قضا آتی ہے بینائی اندھی ہوتی ہے ایک عمر چاہیئے کہ راہ مین ناگاہ بینا قضا سے چاہ مین گرے یعنی یہ امر نادر الوقوع ہے پس قضا اندھے کے ہمراہ ہے کہ وہ گر پڑنے کی عادت رکھتا ہے جو نہ جانتے وہ نجاست مین گرے کہ یہ نجوست ہے یا کوڑی ہے ہے اگر کوئی اسکے اوپر مشک چھڑکے وہ خود سے جانتے اور اس کے احسان سے نہ جانے یعنی اہل دنیا مثل اندھون کے ہین وہ کسی کے احسان کو نہین جانتے ہین باقی اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ع جس وقت قضا آتی ہے بینائی اندھی ہوتی ہے ۱۲

در حدیث افتند از بوی حبیث ۔ از سخن گویی کہ این بو از آلودگی ست
در کسی بر وی کند مشک نثار ۔ ہم ز خود داند نہ از احسان یار
پس دو چشم روشن ای صاحب نظر ۔ بہتر از صد مادر است و صد پدر
خاص چشم دل کہ آن ہفتاد توست ۔ پیش چشم حس کہ خوشہ چین اوست
ای دریغا رہزنان بنشستہ اند ۔ صد گرہ زیر زبانم بستہ اند
پاے بستہ چون رود خوش راہوار ۔ بس گران بندیست این معذور دار
این سخن اشکستہ می آید دلا ۔ کاین سخن درد است و غیرت آسیا
دُر اگرچہ خرد و اشکستہ شود ۔ توتیاے دیدہ خستہ شود
ای دُر از اشکست خود بر سر مزن ۔ کز شکستن روشنی خواہی شدن
ہمچنین اشکستہ بستہ گفتنی ست ۔ حق کند آخر درستش کو غنی ست
گندم ار بشکست و ز ہم در خست ۔ بر دکان آمد کہ نک نان درست
تو ہم اے عاشق چو جرمت گشت فاش ۔ آب و روغن ترک کن اشکستہ باش
آنکہ فرزندان خاص آدم اند ۔ نوحہ **انا ظلمنا** می دہند
حاجت خود عرض کن حجت مجو ۔ ہمچو ابلیس لعین سخت رو
سخت روئی گر ورا شد عیب پوش ۔ در ستیز و سخت روئی تو مکوش
آن ابوجہل از پیمبر معجزے ۔ خواست ہمچون کینہ ور ترک غزے
معجزہ جست از نبی بوجہل سگ ۔ دید نفزودش ازان الا کہ شک

بو نہ جانے وہ نجاست ہی گرے ۔ سمجھے یا آلودگی سے بو یہ ہے
گر کوئی مشک اُسکے اوپر ڈالدے ۔ خود سے اسکے جانے نہ احسان سے
دونون[۱] آنکھین روشن اہل دید کی ۔ رکھتی سو مان باپ سے ہین بہتری
خاص چشم دل کہ ستر تہ رکھے ۔ پیش چشم حس کہ پرتو اسکی ہو
بیٹھے ہین افسوس رہزن راہ مین ۔ ہے زبان میری مین صد ہا بندشین
کس طرح پانون بندھا رستہ چلے ۔ بس رکھو معذور بھاری قید ہے
یہ سخن آتا ہے ٹوٹا اے دلا ۔ کہ سخن گوہر و غیرت آسیا
گرچہ گوہر ذرہ ذرہ پس کے ہو ۔ چشم پرآشوب کا سرمہ ہو وہ
سر نہ[۲] پیٹ اے دُر شکست اپنی پہ تو ۔ ٹوٹنے سے روشنی ہو اورنکو
کہنے کو لائق ہے یہ ٹوٹا بندھا ۔ آخر اسکو حق کریگا بس بھلا
گیہون گر ٹوٹا و چکی مین پسا ۔ روٹی بہتر آکے دکان پر بنا
تو بھی عاشق جرم جو تیرا کھلا ۔ چاپلوسی چھوڑ رہ ٹوٹا ہوا
جو کہ بیٹے خاص کر آدم کے ہین ۔ نالہ انا ظلمنا کرتے ہین
حاجت اپنی کہہ دلیلین مت کرے ۔ مثل ابلیس لعین منہ زور کے
عیب پوش اسکی ہو منہ زوری اگر ۔ تو لڑائی اور منہ زوری نہ کر
مصطفٰے[۳] سے بوجہل نے معجزا ۔ چاہا مثل کینہ ہو ترک غزا
بوجہل نے مصطفٰے سے معجزا ۔ دیکھا جز شک کے نہ کچھ اس سے بڑھا

۱ دونون الخ ۶ شعر اہل دید کی دونون آنکھین روشن ہین کہ سو مان باپ سے بہتری رکھتی ہین خاصکر چشم دل کی کہ ستر تہ رکھتی ہے آگے چشم حس کی کہ پرتو اسکی ہے افسوس رہزن راہ مین بیٹھے ہین زبان تیری مین صد ہا بندشین ہین پانون بندھا رستہ کس طرح چل سکے لیس معذور رکھو قید بھاری ہے اے دل یہ سخن ٹوٹا آتا ہے کہ سخن گوہر ہے اور غیرت آسیا ہے اگرچہ گوہر پس کر ذرہ ذرہ ہووے ولیکن چشم پرآشوب کا سرمہ ہے یعنی اگرچہ اب میرا سخن اس ماندگی میں شکستہ ہوتا ہے ولیکن مثل گوہر کے اندھون کی آنکھ مین سرمہ ہو کر روشنی دیتا ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ سر نہ پیٹ الخ ۶ شعر اے گوہر اپنی شکست سے تو سر مت پیٹ ٹوٹنے سے تیری روشنی بہتر ہو یہ سخن ٹوٹا بندھا کہنے کے لائق ہے آخر اسکو حق بہتر کریگا آگے اس کی مثال ہے اگر گیہون چکی مین ٹوٹا اور پیسا روٹی بہتر بنا دکان پر اگرچہ تیرا جرم کھلا تو بھی اے عاشق چاپلوسی چھوڑ اور ٹوٹا ہوا رہ جو کہ آدم علیہ السلام کے خاص بیٹے ہین تحقیق ظلم کیا ہمنے اسکا نالہ کرتے ہین اپنی حاجت کہہ اور دلیلین مت کر ابلیس لعین منہ زور کے مانند اگرچہ منہ زوری اسکی عیب پوش ہے مگر تو لڑائی اور منہ زوری مت کر آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۳ مصطفٰے الخ ۴ شعر مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ابوجہل نے معجزہ چاہا مثل کینہ کے کہ ترک غزا ہو ابوجہل نے مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معجزہ دیکھا اسکو بجز شک کے کچھ نہ بڑھا ولیکن صدیق رضی اللہ عنہ نے معجزہ نہ چاہا اور کہا کہ یہ منہ سواے سچ کے کب کہتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے کہ تجھ جیسے کو کب لائق ہے کہ غرور سے تجھ جیسے دلربا کا امتحان کرے یعنی مریدون کو امتحان کرنا مرشدون کا نہ چاہیئے گستاخی مین داخل ہے کیونکہ صحابہ کرام صادق نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا امتحان نہ کیا اور جو حضور نے فرمایا قد صدقت کہا اور جس نے امتحان کیا وہ خاک ضلالت مین پڑا جیسے جو لوگ نے علی علیہ السلام سے حال عقیدے کا پوچھا چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

لیک آن صدیقِ حق معجز نخواست / گفت این مہ خود نگوید غیر راست
کی رسد ہمچو توے را کز منی / امتحان ہمچو من یارے کنی

پر نہ چاہا معجزہ صدیقؓ نے / بولا یہ منھ کب سوا سچ کے کہے
کب ہے تجھ جیسے کو لائق کبر سے / امتحان مجھ جیسے دلبر کا کرے

گفتن جہودی علی علیہ السلام را کہ اگر اعتماد بر حفظ اللہ تعالیٰ داری از سر این کوشک خود را بینداز وجواب دادن آن حضرت او را

کہنا جہودی کا علی علیہ السلام کو کہ اگر تم اعتماد اوپر حفظ خدا کے رکھتے ہو اس بام پر سے اپنے کو گرا دو اور جواب دینا اُن حضرت کا اُس کو

مرتضیٰ را گفت روزے یک عنود / کو ز تعظیم خدا آگہ نبود
بر سر بامے و قصرے بس بلند / حفظ حق را واقفی اے ہوشمند
گفت آرے او حفیظ است و غنی / ہستی ما را ز طفلی و منی
گفت خود را اندر افگن ہین ز بام / اعتمادے کن بحفظ حق تمام
تا یقین گردد مرا ایقان تو / و اعتقاد خوب با برہان تو
پس امیرش گفت خامش کن برو / تا نگردد جانت از جرأت گرو
کی رسد مر بندہ را کو با خدا / آزمایش پیش آرد ز ابتلا
بندہ را کی زہرہ باشد کز فضول / امتحان حق کند اے گیج گول
آن خدا را میرسد کو امتحان / پیش آرد ہر دمے با بندگان
تا بما ما را نماید آشکار / کہ چہ داریم از عقیدہ در سرار
ہیچ آدم گفت حق را کہ ترا / امتحان کردم درین جرم و خطا

مرتضیٰؓ سے اک جہودی نے کہا[1] / کہ نہ وہ تعظیم حق تھا جانتا
قصر بالا پر داور پہ بام کے / حفظ حق سے آشنائی ہو تجھے
بولے ہاں وہ ہی محافظ ہو مرا / عالم طفلی جوانی میں سدا
بولا پھینک اپنے کو تو اس بام سے / اعتماد اب حق پہ کر تو حفظ پے
تا یقین مجکو ترے ایقان کا ہو / اور عقیدہ خوب با برہان کا ہو
مرتضیٰ بولے کہ چپ رہ دور ہو / تا نہ تیرے عجز میں جان ہو گرو
لائق[2] بندہ نہیں کہ حق سے وہ / آزمائے آزمایش کرکے جو
ہووے کب بندہ کو طاقت جیسے کہ / امتحان حق کا فضولی سے کرے
امتحان لائق ہے اُس اللہ کو / کہ کرے ہر وقت بس بندوں سے وہ
تا ہمارا ہمکو دکھلا دے عیان / کہ عقیدہ رکھتے ہم کیا ہیں نہاں
کچھ کہا آدم نے حق کو کہ ترا / اس خطا میں امتحان میں نے کیا

[1] مرتضیٰ الخ ۶ شعر ایک جہودی نے مرتضیٰ رضؓ سے کہا کہ وہ تعظیم حق نہیں جانتا تھا قصر بلند پر اور بام پر تو حفاظت حق کو جانتا ہے فرمایا کہ ہاں وہی میرا محافظ ہے عالم طفلی و جوانی میں ہمیشہ کہا کہ تو اپنے کو اس بام پر سے پھینک اور اعتماد حق کی حفاظت پر کر تاکہ مجکو تیرے ایقان کا یقین ہو اور عقیدہ خوب برہان سے ہو مرتضیٰ علیہ السلام نے کہا کہ چپ رہ اور دور ہو تاکہ عجز میں تیری جان گرو نہ ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [2] لائق بندہ الخ ۷ شعر بندے کو لائق نہیں ہے کہ وہ حق سے آزمائش کرکے آزمائے بندے کو کب طاقت ہووے کہ امتحان حق کا فضولی سے کرے اللہ تعالیٰ کو امتحان لائق ہے کہ وہ ہر وقت بندے کا کرے تاکہ ہمارا ہمکو دکھلا دے عقیدہ کہ ہم کیا پوشیدہ رکھتے ہیں آدم علیہ السلام نے کچھ بھی کہا حق کو کہ اس خطا میں تیرا امتحان میں نے کیا کہ تیرے حلم کی انتہا دیکھوں واہ [illegible] اب ارا ہو تیری عقل از بسکہ خیرہ سر ہوئی تیرا عذر میرے جرم سے بدتر ہے یعنی ہم کو امتحان حق کا لازم نہیں ہے بلکہ حق کو امتحان مراد اور ہے کہ ہمارا عقیدہ ہمکو وہ دکھلا دے اے عاشق عقل تیری بیہودہ ہے کہ عذر گناہ بدتر از گناہ ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

تا بہ بینم غایت حلمت شہا — وہ کرا باشد مجال این کرا
عقل تو از بسکہ آمد خیرہ سر — ہست عذرت از گناہ تو بتر
آنکہ او افراشت سقف آسمان — تو چہ دانی کردن او را امتحان
ای ندانستہ تو شر و خیر را — امتحان خود را کن آنگہ غیر را
امتحان خود چو کردی اے فلان — فارغ آئی ز امتحان دیگران
چون بدانستی کہ شکر دانۂ — پس بدانی کاہل شکر خانۂ
پس بدان بے امتحانی کہ آلہ — شکری نفرستدت ناجائے گاہ
این بدان بے امتحان از علم شاہ — چون سری نفرستدت در پایگاہ
ہیچ عاقل افگند دُرِّ ثمین — در میان مستراح پرچمین
زانکہ گندم را حکیم آگہے — ہیچ نفرستد بانبار کہی
شیخ را کہ پیشوا و رہبر است — گر مریدے امتحان کرد او خرست
امتحانش گر کنی در راہ دین — ہم تو گردی ممتحن اے بے یقین
جرأت و جہلت شود عریان و فاش — او برہنہ کی شود زین افتتاش
گر بباید ذرہ سنجد کوہ را — بر درد زان کہ ترازوش ای فتا
کز قیاس خود ترازو می تند — مرد حق را در ترازو می کند
چون نگنجد او بمیزان خرد — پس ترازوے خرد را بر درد
امتحان ہمچون تصرف دان و رو — رو تصرف بر چنان شاہی مجو

دیکھوں تیرے حلم کی تا انتہا — واہ کسکو یہ مجال اب ہو روا
عقل تیری بسکہ آئی خیرہ سر — عذر تیرا جرم سے تیرے بتر
کی[۱] بلندی اس نے سقف آسمان — جانے کیا تو اس کا کرنا امتحان
تو نے جانا حال نے شر خیر کا — امتحان کر اپنا تب کر غیر کا
اے فلان جو امتحان اپنا کیا — امتحان سے دوسرون کے تو چھٹا
جانا تو نے گر ہیں ہوں دانہ شکر — جان تو ہوں مالک خانہ شکر
نیم شب گر تجکو مارے خور کہان / تا تو روے اُس سے یا چاہے امان
ہوتی ہیں آفات اکثر رات کو / غائب اُس دم تیرا بس معبود ہو
سوے حق گر راستانہ تو جھکے / اختروں سے چھوٹے اور محرم بنے
جو تو محرم ہو کہون مژدہ مین لب / تا تو دیکھے آفتاب نیم شب
جان پاکون کی بغیر اسکے نہ شرق / رات دن بیچ طلوع اُسکے سے فرق
جب کرے وہ شرق تو وہ روز ہے / شب نہ رہوے جب چمکنے وہ لگے
جیسے ذرہ چمکے آگے شمس کے / شمس ہو اُس نور مین اس طور سے
شمس کو کہ ہے درخشندہ جہان / دیدہ اُسکے آگے حیران ہو یہان
دیکھے نور عرش مین ذرہ اسے / ظاہر آگے نور بیحد عرش کے
دیکھے تو اس کو ذلیل و بیقرار / آنکھ کو قوت ہو حق سے آشکار
کیمیا ہے کہ دھوئین پر جو پڑا / اک اثر اُسکا تو وہ اختر ہوا
ہے عجب اکسیر کہ کچھ اس سے تاب / ڈالے ظلمت پر کیا اک آفتاب
کیمیا ہے بوالعجب کرکے عمل / خاصیت رکھین بہت اندر زحل
باقی اختر اور سب ہے جان / بھی اسی مقیاس پر طالب تو جان
چشم حسی شمس سے عاجز رہے / چشم ربانی کو تو ڈھونڈھ اور لے
وہ نظر نوری و یہ ناری سے ہو / نار آگے نور کے ظلمت رکھے
تا ہو بدتر اُس نظر کے روبرو / روشنی خورشید کی اے نیک خو

سلہ جان پاکون الخ ۸ شعر بغیر جان پاکون کے اُس کا شرق نہین ہے اور رات دن مین اُس کے طلوع سے فرق نہین ہے جب کہ وہ شرق کرے تو وہ دن ہے اور رات نہ رہوے جب کہ وہ چمکنے لگے جیسے ذرہ آگے شمس کے چمکے اور شمس اُس نور مین اس طور سے ہووے شمس کہ درخشندہ جہان ہے اور دیدہ اُسکے آگے حیران یہان ہے نور عرش مین اُس آفتاب کو ذرہ دیکھے بظاہر آگے نور عرش مین اُس آفتاب کو ذرہ دیکھے بظاہر آگے نور عرش بیحد کے تو اُس کو دیکھے ذلیل اور بیقرار اور آنکھ کو قوت حق سے ہووے ظاہر کیمیا ہے کہ دھوئین پر جو پڑا ایک اثر اسکا ہو تو وہ اختر ہوا عجب اکسیر ہے کہ کچھ اس سے تاب ظلمت پر ڈالی ایک آفتاب کیا یعنی وہ نور طلوع کرتا ہے پاکون کی جان سے اور رات دن مین کچھ خلل نہین کرتا ہے مگر اُس شخص کو کہ ہر وقت دن ہے اُس نور کے آگے آفتاب مانند ذرے کے ہے اور اسی سے آفتاب و اختر ظاہر ہوئے ہین پس حصول اسکے کو فقیری کہتے ہین آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ کیمیا الخ ۵ شعر عجب کیمیا گر ہے عمل کرکے بہت خاصیت رکھین زحل مین باقی اختر اور سب گوہر جان بھی اسی قیاس پر ہین اے طالب تو جان لے چشم حسی شمس سے عاجز رہے چشم ربانی کو ڈھونڈھ اور حاصل کر وہ نظر نور سے اور یہ نار سے ہے نار آگے نور کے ظلمت رکھتی ہے تا اُس نظر کے روبرو وہ بدتر ہووے روشنی خورشید کی یعنی چشم سر آفتاب سے عاجز ہوتی ہو اور چشم دل نہین ہوتی تو اسکو حاصل کر کہ وہ نظر نوری اور یہ نظر ناری ہو کہ روشنی خورشید کی اُس نظر کے روبرو بدتر ہوتی ہے جیسے شیخ عبداللہ مغربی کہ نظر نورانی رکھتے تھے چنانچہ اسکا حال مثال ہین آگے ہے فافہم ۱۲

کرامات شیخ عبداللہ مغربی قدس سرہ

گفت عبداللہ شیخ مغربی / شصت سال از شب ندیدم من شبے
من ندیدم ظلمتے در شصت سال / نے بروز و نے بشب از اعتلال
صوفیان گفتند صدق قال او / نیم شب رفتیم در دنبال او
در بیابانہاے پر از خار و گو / او چو ماہ بدر ما را پیش رو
روے پس ناکردہ میگفت او بشب / ہین گو آمد میل کن بر دست چپ
باز گفتی بعد یکدم سوے راست / میل کن زیرا کہ خارے پیش پاست
روز گشتے پاے بوسش کردہ ما / زانکہ بودش پاک از گل ہر دو پا
نے ز خاک و نے ز گل بر وے اثر / نے خراشِ خار و آسیب حجر
مغربی را مشرقی کردہ خدا / کردہ مغرب را چو مشرق نور زا
نور این شمس شموس فارس است / روز خاص و عام را او حارس است
چون نباشد حارس آن نور مجید / کہ ہزاران آفتاب آرد پدید
تو بنور او ہمی رو در امان / درمیانِ اژدہا و کژدمان
پیش پیشت میرود آن نور پاک / میکند ہر رہزنے را چاک چاک
یوم لا یخزی النبی راست دان / نور یسعی بین ایدیہم بخوان
گرچہ گردد در قیامت آن فزون / از خدا اینجا بخواہید آزمون

کرامات شیخ عبداللہ مغربی قدس سرہ کی

بولے[۱] عبداللہ شیخ مغربی / ساٹھ سال اک شب نے دیکھی شب بھی
نے سیاہی دیکھی مین نے ساٹھ سال / دن کو اور نے رات کو تھا اعتدال
بولے صوفی بات سچ کہتے ہین وہ / ہم تھے پیچھے اُنکے آدھی رات کو
تھا گڑھون سے صحرا پُرا اور خار سے / وہ ہمارے پیشرو جون ماہ تھے
رات کو بے منہ کے پھیرے کہتے وہ / ہے گڑھا تم آؤ اُلٹے ہاتھ کو
کہتے پھر دم بھر مین وہ کہ دیکھنا / سیدھی جانب خار ہے اک پیش پا
دن ہوئے پابوس اونکے ہم ہوئے / گرد رہ سے اُنکے پاؤن پاک تھے
نے گل اور نے خاک کا اسیر اثر / خار و پتھر کا نہ زخم اور نے ضرر
مغربی[۲] کو مشرقی حق نے کیا / مغرب کو روشن کیا بس شرق سا
نور اس شمس شموسون کا یہان / خاص و عامونکے ہے دلکا نگہبان
کیون نہو وہ نور پاک اب نگہبان / کہ ہزارون شمس کرتا ہے عیان
نور سے اُسکے تو جا اندر امان / اژدہا اور کژدمون کے درمیان
تیرے آگے جائے ہے وہ نور پاک / کرتا ہے ہر راہزن کو چاک چاک
یوم[۳] لا یخزی النبی سچ جان تو / نور یسعی[۴] بین ایدیہم پڑھو
گرچہ محشر مین زیادہ ہووے وہ / آزمایش یان[۵] خدا سے مانگ تو

۱ بولے الخ ۸ شعر شیخ عبداللہ مغربی نے کہا کہ ساٹھ برس ایک رات راتون سے نہین دیکھی مین نے ساٹھ برس سیاہی نہین دیکھی نہ دن کو نہ رات کو کہ اعتدال تھا صوفیون نے کہا کہ وہ سچ کہتے ہین کہ ہم انکے پیچھے تھے آدھی رات کو صحرا مین گئے اور صحرا گڑھون و غارون سے پُر تھا اور وہ ہمارے پیشرو ماہ کے مانند تھے رات کو بغیر منہ پھیرنے کے وہ کہتے تھے کہ گڑھا ہے تم اُلٹے ہاتھ کو آؤ پھر دم مین کہتے دیکھنا سیدھی جانب غار ہے آگے پاؤن کے دن ہوا کہ ہم پابوس انکے ہوئے اُن کے پاؤن گرد راہ سے پاک تھے نہ مٹی اور نہ خاک کا اسیر اثر نہ خار و پتھر کا اسیر زخم و نہ ضرر یعنی چشم دل انکی روشن تھی کہ تاریکی شب مین وہ مثل دن کے راہ دیکھتے تھے اسکو روشن دل کہتے ہین آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۲ مغربی الخ ۸ شعر مغربی کو حق نے مشرقی کیا مغرب کو روشن کیا مثل مشرق کے نور اس آفتاب آفتابون کا یہان خاص و عامون کے دل کا نگہبان ہے وہ نور پاک اب کیون نہ نگہبان ہو کہ ہزارون شمس عیان کرتا ہے اُسکے نور سے اندر امن کے جا درمیان اژدہا و بچھوؤن کے وہ نور پاک تیرے آگے جاتا ہے اور ہر ایک راہزن کو چاک چاک کرتا ہے ترجمہ اُس دن کہ خدا خجل نہ کرے اپنے پیغمبر کو سچ جان تو ترجمہ نور جو کوشش کرے درمیان دونون ہاتھ آنکے پڑھ ہوا اگرچہ محشر مین وہ زیادہ ہووے آزمایش یہان خدا سے مانگ تو کہ وہ ابر ظلمت کو بخشے نور جان اللہ خوب جانتا ہے یعنی وہ نور محمدی کہ آفتاب آفتابون کا ہے اور یہ آفتاب اُس سے روشن ہے پس وہ نور اس جہان مین خاص و عامون کا نگہبان ہے اگرچہ حشر مین زیادہ ہوگا تو اس کا امتحان حق سے یہان چاہئے آگے پھیر دینے تخت سلیمان علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ اُس دن کو کہ خدا خجل نہ کرے پیغمبر اپنے کو ۴ نور جو کوشش کرے درمیان دونون ہاتھون کے ۱۲

گو ببخشد ہم بیغ و ہم بساغ	نور جان واللہ اعلم بالبلاغ	کہ وہ بخشے ابر ظلمت کو تتاب	نور جان واللہ اعلم بالصواب

باز گردانیدن سلیمان علیہ السلام رسولان بلقیس را با آن ہدیہا کہ آوردہ بودند سوے بلقیس و دعوت سلیمان ایشان را بایمان و ترک آفتاب پرستی کردن

پھیر دینا سلیمان علیہ السلام کا قاصدان بلقیس کو مع اس تحفہ کے کہ بلقیس کی جانب سے لائے تھے اور دعوت کرنا سلیمان علیہ السلام کی انکو ساتھ ایمان و ترک آفتاب پرستی کے

باز گردید اے رسولان خجل	زر شما را دل بما آرید دل	لوٹ جاؤ[1] قاصدان پُر خجل	لیو تم زر ہمکو لا کر دیو دل
این زر من بر سر آن زر نہید	کوری تن فرج استر را دہید	میرا یہ زر سر پہ اُس زر کے رکھو	یہ زر تن فرج خچر مین بھرو
فرج استر لائق حلقہ زرست	زر عاشق روے زرد صفرست	فرج خچر شایان حلقہ زر کے ہے	زر عاشق زرد روئی کو رکھے
کہ نظرگاہ خداوندست آن	کہ نظر انداز خورشیدست کان	کہ[2] وہ ہے اللہ کا مد نظر	کان ہے خورشید کی حد نظر
کو نظرگاہ شعاع آفتاب	کو نظرگاہ خداوند لباب	کہ وہ ہو خورشید کی حد نظر	کہ وہ ہے اللہ کا مد نظر
از گرفت من ز جان اسپر کنید	گرچہ اکنون ہم گرفتار منید	جان سپر میری گرفتون سے کرو	تم گرفتار اب بھی میرے گرچہ ہو
مرغ فتنہ دانہ بر بام ست او	پر کشادہ بستہ دام ست او	مرغ مفتون دانہ اسکا بام ہے	پر کشادہ پر بندھا ہے دام سے
چون بدانہ داد او دل را بجان	ناگرفتہ مر ورا بگرفتہ دان	قید دانہ مین جو دل کو وہ رکھے	جانو بے پکڑا ہوا وہ قید ہے
آن نظرہا کہ سوے دانہ میکند	آن گرہ دان کو بپا بر میزند	جو نظر وہ بس سوے دانہ کرے	جانو پاؤن پر گرہ اپنی رکھے
دانہ گوید گر تو میدزدی نظر	من ہمی دزدم ز تو صبر و مقر	دانہ کہوے جو چرائے تو نظر	صبر تجھ سے مین چراتا ہون مگر

[1] لوٹ الخ ۳ شعر اے قاصدان پر خجل تم لوٹ جاؤ اور زر کو تم لیو اور دل لا کر دیو یہ میری نذر اس زر کے سر پر رکھو اور یہ زر تن خچر کی فرج مین بھرو خچر کی فرج لائق حلقہ زر کے ہے زر عاشق زرد روئی کو رکھتا ہے فافہم ۱۲ [2] کہ وہ ہے الخ ۸ شعر کہ وہ زر عاشق اللہ کا مد نظر ہے اور کان زر ہے خورشید کی مد نظر کہ وہ خورشید کا مد نظر ہو اور وہ کان کا مد نظر ہے میری گرفتون سے تم اپنی جان سپر کرو اگرچہ تم ابھی میرے گرفتار ہو آگے اس گرفتاری کی مثال ہے مرغ عاشق دانہ بام پر کشادہ بیٹھا ہے ولیکن دام حرص سے بندھا ہوا ہے جو وہ دل کو قید دانہ مین رکھتا ہے جان لو کہ وہ بے پکڑا ہوا قید ہے جو کہ وہ نظر طرف دانے کے کرتا ہے جان لو کہ پاؤن پر وہ اپنے گرہ رکھتا ہے دانہ کہوے کہ جو تو نظر چرائے مین تجھ سے صبر چراتا ہون تو میرے پیچھے نظر چھپاتا ہے مین تجھ سے غافل نہین ہون یعنی ریاکارون کو بھی دنیا اسی طرح بے دام پھانسے ہوئے ہے جیسے گل خوار نے گل کھائے اور اپنی شکر کھوئی چنانچہ قصہ اس کا مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

چون کشیدت آن نظر اندر بیم || پس بدانی کز تو من غافل نیم

تو چھپاتا ہے نظر پیچھے مرے || مین نہین غافل ہون تجھسے جانیے

قصّہ عطارے کہ سنگ ترازوے او از گل سرشوی بود و دزدیدن مشتری گل خوارہ ازان گل ہنگام سنجیدن

قصہ اُس عطار کا کہ اُسکے ترازو کے بانٹ مٹّی کے بنے ہوئے تھے اور چرانا مشتری گل خوارہ کا اُسکو ہنگام تولنے کے

پیش عطارے یکی گل خوارہ رفت || تا خرد ابلوج و قند خاص زفت

پس بر عطار طرار دودل || موضع سنگ ترازو بود گل

گفت عطارا اے جوان ابلوج من || ہست نیکو بے تکلف بے سخن

لیک گل سنگ ترازوے من ست || گر ترا میل شکر بخریدن ست

گفت ہستم در مہمی قند جو || سنگ میزان ہر چہ خواہی باش گو

گفت با خود پیش آنکہ گل خور ست || سنگ چہ بود گل نکوتر از زر ست

ہمچو آن دلالہ کو گفت اے پسر || نو عروسے یافتم بس خوب تر

سخت زیبا لیک ہم یک چیز ہست || کان ستیزہ دختر حلوا گر ست

گفت بہتر این چنین خود گر بود || دختر او چرب و شیرین تر بود

گر نداری سنگ و سنگت از گل ست || این بہ و بہ گل مرا میوہ دل ست

اندران کفہ ترازو ز اعتداد || او بجائے سنگ آن گل را نہاد

پس برائے کفہ دیگر بدست || ہم بقدر آن شکر را می شکست

چون نبودش تیشہ او دیر ماند || مشتری را منتظر آنجا نشاند

رویش آنسو بود گل خور ناشگفت || گل ازو پوشیدہ دزدیدن گرفت

پیش عطار ایک گل خوارہ گیا[۱] || تا خریدے قند و شکر وہ ذرا

پیش اس عطار خوش چالاک کے || پس بجائے سنگ گل کے بانٹ تھے

بولا عطار اے جوان شکر مری || ہے بہت عمدہ نہین ہے وہ بری

بانٹ مٹی کے ہین لیکن سب مرے || گر شکر لینا تجھے منظور ہے

بولا[۲] شکر مجکو لینا ہے ولے || بانٹ تیرے ہووین گو ہر چیز کے

سوچا اُسکے آگے جو گل کھائے ہے || سنگ کیا ہے مٹی بہتر زر سے ہے

جیسے اک دلالہ بولی اے پسر || اک نئی دلہن مری ہے خوب تر

خوبصورت ہے وہ بھی اک عیب ہے || کہ وہ حلوائی کی لڑکی ہے ولے

بولا بہتر ہو اگر وہ ایسی ہو || چرب و شیرین زیادہ لڑکی ہووے وہ

گر نہ پتھر کا ہے بانٹ اور گل کا ہے || خوب گل میوہ سے ہے خوشتر مجھے

گن[۳] کے پلے مین ترازو کے رکھے || اُسنے گل کے بانٹ پتھر کی جگھے

دوسرے پلے کے لائق وہ بشر || توڑتا تھا ہاتھ سے اپنے شکر

تیشہ اُسکا جو نہ تھا تو اس جگہ || مشتری کو منتظر بیٹھا رکھا

اُسکا منہ تھا اُسطرف گل خوار نے || گل کی چوری خفیہ کی اُن بانٹ سے

ف[۱] پیش عطار الخ ۴ شعر آگے عطار کے ایک گل خوار گیا تاکہ قند و شکر خریدے پاس اس عطار چالاک کے بجائے سنگ کے مٹی کے بانٹ تھے عطار نے کہا کہ اے جوان شکر میری بہت عمدہ ہے بری نہین ہے ولیکن میرے سب بانٹ مٹی کے ہین اگر تجکو شکر لینا منظور ہے آگے گل خوار کا جواب ہے فافہم ۱۲ ف[۲] بولا الخ ۶ شعر کہا کہ مجکو شکر لینا ہے ولیکن تیرے بانٹ گو ہر چیز کے ہون اُس کے آگے سوچا کہ جو گل کھائے ہے پتھر کیا ہے مٹی زر سے بہتر ہے آگے اسکی مثال ہے جیسے ایک دلالہ نے کہا کہ اے پسر ایک نئی دولہن خوبصورت ملی ہے لیکن ایک عیب بھی ہے کہ وہ حلوائی کی لڑکی ہے کہا کہ بہتر ہووے اگر وہ ایسی ہووے چرب و شیرین وہ لڑکی سوا ہووے اگر پتھر کا بانٹ نہیں ہے گل کا ہے مجھے گل میوے سے خوشتر ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ف[۳] گن کے الخ ۵ شعر پلہ ترازو مین گن کے رکھے اسنے گل کے بانٹ سنگ کی جگہ دوسرے پلہ کے لائق وہ بشر ہاتھ سے اپنے شکر توڑتا تھا اسکا تیشہ جو اس جگہ نہ تھا خریدار کو منتظر رکھا اُسکا منہ اسطرف تھا کہ گل خوار نے پوشیدہ گل چرائے اُن بانٹوں سے ڈرتے ڈرتے کہ وہ شاید ناگہان دیکھ لیوے مجکو از راہ امتحان کے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

ترس ترسان که نیاید ناگهان / چشم او بر من فتد از امتحان
دید عطار آن و خود مشغول کرد / که فزون تر دزد هین ای روی زرد
گر بدزدی از گل من می بری / رو که هم از پهلوی خود می خوری
تو همی ترسی ز من لیک از خری / من همی ترسم که تو کمتر خوری
چون به بینی مر شکر را آزمود / پس بدانی احمق و عاقل که بود
گرچه مشغولم چنان احمق نیم / که شکر افزون کشی تو از نیم
مرغ از آن دانه نظر خوش میکند / دانه هم از دور راهش می زند
گر زنای چشم حظی می بری / نی کباب از پهلوی خود می خوری
این نظر از دور چون تیرست و سم / عشقت افزون میشود صبر تو کم
مال دنیا دام مرغان ضعیف / ملک عقبی دام مرغان شریف
تا بدین ملکی که او دامیست ژرف / در شکار آیند مرغان شگرف
من سلیمان می نخواهم ملکتان / بلکه من برهانم از هر هلکتان
کاین زمان هستید خود مملوک ملک / مالک ملک آنکه او بجهد ز هلک
باژگونه ای اسیران جهان / نام خود کردید امیران جهان
ای تو بنده این جهان محبوس جان / چند گوئی خویش را خواجه جهان
ای رسولان میفرستم آن رسول / رد من بهتر شمارا از قبول

ڈرتے ڈرتے وہ کہ شاید ناگہان / دیکھ لیوے مجکو از رہ امتحان
دیکھا جو عطار نے شاغل کیا ۵۱ / آپ کو کہ وہ چرائے اور رسوا
گر چرائے ہے وہ گل لیجائے ہو / جانو نقصان آپ اپنا کھائے ہو
مجھسے از راہ خری ڈرتا ہو تو / ڈرتا مین ہون کم نہ کھائے اسے تو
تو شکر کا امتحان جب کر کرے / جانے احمق اور عاقل کون ہے
گر ہون شاغل ایسا احمق مین نہون / کہ شکر کو مجھسے لیوے تو فزون
مرغ دانے سے نظر کو خوش کرے / دانہ اسکی راہ مارے دور سے
گر گلو سے چشم کی لذت تو لے / نے کباب اپنے تو پہلو سے چکھے
یہ نظر ہے دور سے جون تیر سم / عشق زیادہ ہو ترا او صبر کم
مال دنیا دام مرغان ضعیف ۵۲ / ملک عقبی دام مرغان شریف
ملک ایسے مین کہ دام اک سخت ہے / مرغ پاک آکر کے کب اسمین پھنسے
مین سلیمان ملک نے چاہون ترا / بلکہ کرتا ہون ہلاکت سے رہا
ملک کے مملوک تم خود ہو بھلا / نے غرے جو وہ ہو مالک ملک کا
رسم الٹی اے اسیران جہان / خود کو کہتے ہو امیران جہان
بندۂ عالم ہے تو محبوس جان ۵۳ / کب تلک کہوے مین ہون خواجہ جہان
اے رسولو بھیجتا ہون تم کو کیا / تم کو مقبولی سے بہتر رد مرا

دلداری کردن و نواختن سلیمان | دلداری کرنا اور نوازنا سلیمان کا رسولون کو

۵۱ دیکھا الخ ۸ شعر جو دیکھا عطار نے شاغل کیا آپ کو کہ تا وہ اور رسوا چرائے اگر چرا تا ہو وہ گل لیجاتا ہو جانو کہ آپ نقصان اپنا کھاتا ہے از راہ خری کے تو ڈرتا ہے اور مین ڈرتا ہون کہ تو اسے کم کھائے تو شکر کا جب امتحان کرے تب جانے کہ احمق و عاقل کون ہے اگرچہ مین شاغل ہون مگر ایسا احمق نہین ہون کہ تو مجھ سے شکر سوا لیجاوے آگے اسکی مثال ہے مرغ دانہ سے نظر خوش نہ کرے دانہ اسکی راہ مارے دور سے اگر تو گلو سے چشم کی لذت لیوے نہین کباب اپنے پہلو سے چکھتا ہے یہ نظر دور سے مثل تیر و سم کے ہے عشق سوا ہو تیرا اور صبر کم ہو یعنی چشم کی لذت گلو سے لیتا ہے تو اپنے پہلو کا کباب کیون نہین کھاتا ہے یعنی طمع نفس کے واسطے نظر نامحرم پڑ جاتا ہے عشق بڑھتا ہے لیکن صبر کم ہوتا ہے گویا نفس کے واسطے تو خود کو ہلاک کرتا ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۲ مال دنیا الخ ۵ شعر مال دنیا کا مرغان ضعیف کا دام ہے اور ملک عقبی کا مرغان شریف کا دام ہے ایسے ملک مین کہ ایک دام سخت ہے مرغ پاک آکر اُس مین کب پھنستے یعنی مین آگے بلقیس کے ایک دام تحفہ مین کب پھنستا ہون مین سلیمان تیرا ملک نہین چاہتا ہون ہلاکت سے تجکو رہا کرتا ہون تم ملک کے مملوک خود ہو اور وہ مالک ملک کا ہے کہ جو غرے اسے امیران جہان رسم اُلٹی ہے کہ تم خود کو کہتے ہو امیران جہان یعنی امیر و مالک و ملک نہین ہو کہ کوئی دم تم کو اس دنیا سے رہائی نہین ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۳ بندہ الخ ۲ شعر تو بندۂ جہان و محبوس جان ہو کب تک کہیگا کہ مین خواجہ جہان ہون اے رسولون مین بھیجتا ہون تمکو کیا ہے تمکو مقبولی سے رد بہتر ہے آگے نوازنا سلیمان علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲

عذر رسولان را و دفع وحشت و آزار از دل ایشان و عذر قبول ناکردن ہدیہ

اور دفع کرنا وحشت و آزار دل اُنکے سے اور عذر قبول نہ کرنا تحفے کا

پیش بلقیس آنچه دیدید از عجب — باز گوئید از بیابان ذہب
که چہل منزل بروے زر پدید — و ز چنین ہدیہ خجل چون میشدید
تا بداند که به زر طامع نه ایم — ما ز زر زر آفرین آورده ایم
آنکه گر خواہد ہمه خاک زمین — سر بسر زر گردد و دُرّ ثمین
حق براے او کند ای زرگزین — روز محشر این زمین را نقره گین
فارغیم از زر که ما بس پُر فنیم — خاکیان را سر بسر زرین کنیم
از شما کے گدیۂ زر می کنیم — ما شما را کیمیا گر می کنیم
ترک آن گیرید که ملک سباست — که برون از آب و گل بس ملکہاست
تخته بند ست آنکه تختش خوانده — صدر پنداری و بر در مانده
بادشاہی نیست بر ریش خود — بادشاہی چون کنی بر نیک و بد
بے مراد تو شود ریش سفید — شرم دار از ریش خود ای کژ امید
مالک الملک است ہر کس سر نہد — بے جہان خاک صد ملکش دہد
لیک ذوق سجدۂ پیش خدا — خوشتر آید از دو صد دولت ترا

جو ہے[۱] دیکھا آگے تم بلقیس کے — کہتا اس سونے کے بس میدان ہے
زر پہ جو چالیس منزل تم پہ ہے — ایسے تحفے سے خجل جو تم ہوئے
تا که جانے طامع ہم زر کے نہین — بخشتا زر ہمکو ہے زر آفرین
وه اگر چاہے تو کل خاک زمین — زر ہو بالکل اور ہو دُرّ ثمین
حق کرے اُس کے لئے اے زر گزین — روز محشر اس زمین کو نقره گین
زر[۲] سے فارغ ہون کہ ہم پُر فن ہین — خاکیون کو زرین بالکل ہین کرون
تم سے کب ہین خواہش زر کرتا ہون — تمکو بس ہین کیمیا گر کرتا ہون
چھوڑ دو تم اُسکو کہ ملک سبا — کہ بہت ملک آب و گل سے ہین سوا
قید ہے وه تخت جس کو کہتے ہو — صدر جانا ره گئے تم در پہ ہو
اپنی[۳] داڑھی پر نہین شاہی تجھے — نیک و بد پر شاہی کیونکر کر سکے
تیری بے مرضی ہو کل داڑھی سفید — شرم کر داڑھی سے اپنی کج امید
جو کرے عجز اُس خداے ملک سے — اس جہان کے غیر سو ملک اسکو دے
ذوق سجده کا تجھے پیش خدا — لاکھ دولت سے ہو بہتر اور بھلا

۱؎ جو ہے الخ ۵ شعر جو تمنے دیکھا ہے آگے بلقیس کے کہنا اس سونے کے آگے میدان ہے جو چالیس منزل تم زر پر رہے اور ایسے تحفے سے تم خجل ہوئے تا کہ وه جانے کہ ہم طامع زر کے نہین ہم کو زر بخشتا ہے زر آفرین وه اگر چاہے تو کل خاک زمین زر ہو اور دُرّ ثمین ہو حق اس کے لئے کرے بروز محشر زمین کو نقره سے بر سین ۲؎ زر الخ ۵ شعر زر سے فارغ ہون کہ پُرفن ہون خاکیون کو بالکل مین زرین کرون مین تم سے کب خواہش زر کی کرتا ہون بس تم کو کیمیا گر کرتا ہون اُس کو چھوڑ دو کہ وه ملک سبا ہے بلکہ بہت ملک اس آب و گل سے علاوه ہین وه قید ہے کہ جس کو تم تخت کہتے ہو صدر جانتا اور تم در پر ره گئے یعنی اس ملک دنیا کے علاوه اور بہت ملک ہین جس کو تم تخت کہتے ہو وه قید ہے تم نے صدر اُس کو جانا پر حقیقت مین دروازه پر ره گئے ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۳؎ اپنی الخ ۷ شعر تجکو اپنی داڑھی پر شاہی نہین ہے نیک و بد پر شاہی کیونکر کرسکتا ہے تیری بے مرضی کل داڑھی سفید ہوا اپنی داڑھی سے شرم کر اے کج امید آگے اس کے حقائق ہین جو عجز کرے اس مالک ملک سے سوا اس جہان کے اور سو ملک وه اس کو دے تجکو ذوق سجده کا آگے خدا کے لاکھ دولت سے بہتر ہو تو نالہ کر مین نہین چاہتا ہون ملک کو ملک سجدے کا مجکو عنایت کر بادشاہون کی محرومی سے کبھو شراب بندگی سے بو نہ پائی ورنہ وه مانند ادہم کے دنگ ہو کر ملک دنیا چھوڑ دیتے بیدھڑک یعنی تو عجز درگاه باری مین کر کہ بندگی تجکو عنایت کرے اور اس ملک کے سبب سے بادشاه بندگی سے محروم رہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

پس بنالی کہ نخواہم ملکہا / ملک آن سجدہ مسلم کن مرا
پادشاہانِ جہان از بدرگی / بو نبردند از شراب بندگی
ورنہ ادہم وار سرگردان و دنگ / ملک را برہم زدندے بیدرنگ
لیک حق بہرِ ثباتِ این جہان / مُہرِ شان بنہاد چشم و زبان
تا شود شیرین بر ایشان تخت و تاج / تا ستانند از جہانداران خراج
از خراج ار جمع آری زر چو ریگ / آخر آن از تو بماند مردہ ریگ
ہمرہِ جانت نگردد ملک و زر / زر بدہ سرمہ ستان بہر نظر
تا ببینی این جہان چاہیست تنگ / یوسفانہ آن رسن آری بچنگ
تا بگوید چون ز چاہ آئی ببام / جان کہ یا بشری لنا ہذا غلام
ہست در چہ انعکاسات نظر / کمترین آنکہ نماید سنگ زر
وقت بازی کودکان را ز اختلال / می نماید آن خزفہا زر و مال
عارفانش کیمیاگر گشتہ اند / تاکہ شد کانہا بر ایشان نژند

نالہ کر کے مین نہ چاہون ملک کو / ملک سجدہ کا عنایت مجکو ہو
کجروی سے پادشاہون نے کبھو / نے شراب بندگی سے پائی بو
ورنہ وہ مانند ادہم ہو کے دنگ / چھوڑ دیتے ملک دنیا بیدرنگ
پر جہان کو باقی رکھنے کے لئے / اُنکے مُہرین حق نے کین دل آنکھ پے
تاکہ ہو محبوب اُنکو تخت و تاج / یا وہ لیوین بادشاہون سے خراج
جمع گر تو زر خراجون سے کرے / تجھسے آخر مال میراثی رہے
ملک و زر ہمرہ نہ جان کے ہو ترے / زر کو دے بہرِ نظر سرمہ کو لے
تا تو دیکھے یہ جہان اک چہ ہے تنگ / مثل یوسف کے وہ رسی لا بچنگ
تا کہے جب چاہ سے آوے بہام / جان کہ یا بشری لنا ہذا غلام
چاہ مین معکوس ڈالی ہے نظر / وہ ہے کمتر سنگ کو جو دیکھے زر
کھیل مین لڑکون کو ناقص عقل ہے / مال و زر وہ ٹھیکری دکھلائے ہے
عارف اسکے کیمیاگر ہو گئے / انکے آگے کان بس ناچیز ہے

دیدن درویشے جماعت مشایخ را در خواب و درخواست کردن روزی حلال از ایشان کہ بہ مشغول شدن کسب از عبادت می مانم و ارشاد ایشان

دیکھنا درویش کا جماعت مشائخ کو خواب مین اور چاہنا روزی حلال کا اُنسے کہ بسبب مشغولی کسب کے عبادت سے باز رہتا ہون اور ارشاد کرنا اُنکا اُس کو

۵۱ پر جہان الخ ۶ شعر لیکن جہان کو باقی رکھنے کے واسطے آنکھ و دل پر اُن کے حق نے مہرین کر دین تاکہ تخت و تاج اُنکو محبوب ہو تاکہ بادشاہون سے وہ خراج لیوین اگر تو زر جمع خراجون سے کرے آخر تجھ سے مال میراثی رہے تیری جان کے ہمراہ ملک و مال نہ ہو دے زر کو دے اور واسطے نظر کے سرمے کو لے تاکہ تو دیکھے کہ یہ جہان ایک چاہ تنگ ہے مثل یوسف کے وہ رسی ہاتھ مین لا تاکہ جان سے جب کہ چاہ سے بام پر لائے ترجمہ اسے خوشخبری واسطے میرے کہ یہ غلام ہے یعنی تو زر کو حق کی راہ میں صرف کر اور سرمہ توحید کو حاصل کر کہ چشم باطن روشن ہو کہ بھلائی اس دنیا کی تجھپر کھلے اور مثل یوسف کے چاہ دنیا سے تجکو نجات ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲
۵۲ چاہ مین الخ ۳ شعر نظر اُلٹی ڈالے ہے معکوس اس چاہ مین وہ کمتر ہے کہ جو سنگ کو زر دیکھے آگے اس کی مثال ہے لڑکون کو کھیل مین بسبب عقل ناقص کے ٹھیکریان مال و زر دکھلائی دیتی ہین عارف خدا کیمیاگر ہو گئے اُن کے آگے کان ناچیز ہے چنانچہ مثال ہین قصہ مشائخ کا فرماتے ہین فافہم ۱۲

اورا به میوه‌های تلخ و ترش و شیرین شدن بداد مشایخ آنها را

ساتھ میوہ ہاے تلخ و ترش کے اور شیرین ہو جانا اُنکا بسبب دینے مشائخون کے

آن یکی درویش گفت اندر سمر — خضریان را من بدیدم خواب در
گفتم ایشان را که روزی حلال — از کجا نوشم که آن نبود وبال
مر مرا سوی کهستان راندند — میوه‌ها زان بیشه می افشاندند
که خدا شیرین بکرد آن میوه را — در دهان تو بهمت‌های ما
هین بخور پاک و حلال و بی حساب — بی صداع و نقل بالا و نشیب
پس مرا زان رزق نطقی رو نمود — ذوق گفت من خردها میربود
گفتم این فتنه است یا رب در جهان — بخششی ده از همه خلقان نهان
شد سخن از من دل خوش یافتم — چون انار از ذوق می بشکافتم
گفتم ار چیزی نباشد در بهشت — غیر این شادی که دارم در سرشت
هیچ نعمت آرزو ناید دگر — زین نپردازم بحور زر و شکر
مانده بود از کسب یک دو حبه‌ام — دوخته در آستین جبه‌ام

۵۱ بولا اک درویش مین نے صبح کو — خواب مین دیکھے مشائخ بس نکو
بولا مین اُنسے کہ روزی حلال — مین کہان سے کھاؤن کہ نہ ہو وبال
وہ پہاڑون مین مجھے بس لیگئے — اور میوے توڑ کر مجھ کو دیئے
کہ خدا ہمت ہماری سی کرے — میٹھا اُن میوونکو بس منہ مین ترے
کھا تو یہ پاک و حلال و بیحساب — بے بھرے اوپر تلے بے رنج و تاب
لطف اک اس رزق سے آیا مجھے — عقل گم ہوتی تھی میرے قول سے
۵۲ بولا مین آفت ہے یہ یا رب بہان — خلق سے آزاد کر مجھکو نہان
دل ہوا خوش جو سخن مجھسے کیا — جون انار از ذوق سے بس مین کھلا
بولا مین جنت مین نہ شے ہو کوئی — اس سوا شادی کے جو مجھکو ملی
دوسری نعمت کی نہ خواہش مجھے — نیشکر کھاتا نہین ہون اسلیے
مبلغ اک دو رہ گئے تھے کسب کے — آستین مین میرے جبہ کے سلے

در گذرانیدن درویش که این زر بدین هیزم‌کش دهم که من رزقی حلال یافتم و رنجیدن هیزم‌کش

درویش کے دل مین گذرنا کہ یہ زر اس ہیزم کش کو دون مین کہ مین نے روزی حلال کی پائی ہے اور رنجیدہ ہونا ہیزم کش کا

۵۱ بولا الخ ۶ شعر ایک درویش نے کہا کہ مین نے صبح کو خواب مین بہت مشائخ دیکھے مین نے اُن سے کہا کہ روزی حلال مین کہان سے کھاؤن کہ وبال نہ ہو وہ مجھ کو پہاڑون مین لے گئے اور مجھکو میوے توڑ کر دیے کہ خدا ہماری ہمت سے میوون کو شیرین کرے تیرے منہ مین کہ تو کھا کہ یہ پاک و حلال و بیحساب ہین سب اوپر تلے بھرنے اور بے رنج و ملال کے مجھ کو اس ذوق سے ایک لطف آیا کہ عقل گم ہوتی تھی میرے کلام سے یعنی اسکی جو مین خوبیان بیان کرتا تھا تو سننے والون کی عقل میرے بیان سے گم ہوتی تھی آگے ارجع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ بولا مین الخ ۵ شعر مین نے کہا اے رب یہ آفت ہے یہان خلق سے مجھکو آزاد کر پوشیدہ دل خوش ہوا جو سخن مجھسے نکلا اور مانند انار کے اس ذوق سے مین کھلا مین نے کہا کہ جنت مین کوئی شے ہو سوا اس شادی کے کہ مجھکو ملی ہے دوسری نعمت کی خواہش نہین ہے اس واسطے نیشکر نہین کھاتا ہون ایک دو روپیہ کسب کے رہ گئے تھے میرے جبہ کی آستین مین سلے ہوئے یعنی اس قوت حلال کے ملنے کی سبب سے وہ خوشی ہوئی کہ جنت مین کوئی شے اسکے سوا نہ ہو آگے دو روپیہ درویش کو دینے کا بیان ہے فافہم ۱۲

آن یکی درویش هیزم میکشید
خستهٔ و مانده ز بیشه می رسید
پس بگفتم من ز روزی فارغم
زین سپس از بهر رزقم نیست غم
میوهٔ مکروه بر من خوش شدست
رزق خاص جسم را آمد بدست
چونکه من فارغ شدستم از گلو
حبهٔ چندست من بدهم بدو
بر رهم این ترّ را بدین تکلیف کش
تا دو سه روزک شود از قوت خوش
خود ضمیرم را همی دانست او
زانکه سمعش داشت نور از شمع هو
بود پیشش سرّ هر اندیشهٔ
چون چراغی در درون شیشهٔ
هیچ پنهان می نشد از وی ضمیر
بود بر مضمون دلها او خبیر
پس همی منکید با خود زیر لب
در جواب فکرتم آن بوالعجب
که چنین اندیشی از بهر ملوک
کیف تلقی الرزق ان لم یرزقوک
من همیکردم سخن را فهم لیک
بر دلم میزد عتابش نیک نیک
سوی من آمد ز هیبت همچو شیر
تنگ هیزم را ز خود بنهاد زیر
پرتو حالی که او هیزم نهاد
لرزه بر هفت عضو من فتاد
گفت یا رب گر ترا خاصان هیند
که مبارک دعوت و فرخ پی اند
لطف تو خواهم که میناگر شود
این زمان این تنگ هیزم زر شود
در زمان دیدم که زر شد هیزمش
همچو آتش بر زمین میتافت خوش
من در آن بیخود شدم تا دیرگه
چونکه با خویش آمدم من از وله

ایک ہیزم کش فقیر بے نوا
آتا صحرا سے تھکا اور خستہ تھا
سوچا میں فارغ ہوں اب اس رزق سے
رزق کا نہ غم ہے بعد اسکے مجھے
میوہ ناخوش مجھ پہ اب خوش ہوگیا
رزق تن کا خاصکر ہاتھ آگیا
جو کہ میں فارغ ہوا ہوں اکل سے
ہیں یہ مبلغ چند ہیں دیدوں اُسے
دو تین یہ زر اُسکو بس تکلیف سے
تا یہ خوش دو تین دن ہو قوت سے
فکر سے میرے اُسے تھی آگہی
شمع ہو سے شمع روشن اسکی تھی
اُسکے آگے فکر کا سرّ نہان
شمع تھی فانوس میں جیسے عیان
کوئی پوشیدہ نہ تھی اُس سے ضمیر
دل کے مضمونوں سے تھا بس وہ خبیر
چپکے چپکے کہتا تھا خود زیر لب
بس جواب فکر میں وہ بوالعجب
ایسا اندیشہ ترا بہر ملوک
کیف تلقی الرزق ان لم یرزقوک
میں سمجھتا تھا نہیں باتیں ولیک
میرے دل پر غصہ کرتا نیک نیک
آیا حملہ کرکے مجھپر مثل شیر
اور رکھا لکڑی کا گٹھا سر سے نیچے
پرتو اس حملہ کا جو مجھ پے پڑا
لرزہ سات اندام میں میرے پڑا
بولا یا رب گر ترے خاصان ہیں
کہ مبارک دعوت و خوش جان ہیں
کیمیا گر چاہوں لطف ہو ترا
گٹھا اب لکڑی کا زر ہو وے مرا
دیکھا اُسدم لکڑیاں زر ہوگئیں
مثل آتش کے چمکنے وہ لگیں
دیر تک میں اس میں بیخود بس رہا
ہوش میں حیرت سے جبکہ میں ہوا

۵۱ ایک ہیزم کش آنخ ۲ شعر ایک فقیر ہیزم کش بینوا صحرا سے آتا تھا تھکا ہوا میں نے سوچا کہ فارغ ہوں اس رزق کا غم نہیں ہے بعد اس کے مجھ کو میوہ ناخوش آب خوش ہوگیا خاصکر رزق تن کا ہاتھ آگیا جو کہ میں فارغ کھانے سے ہوا ہوں چند مبلغ ہیں میں اس کو دیدوں یہ زر اسکو دوں کہ بہت تکلیف میں ہے تاکہ یہ دو تین دن خوش ہو رزق سے میری فکر سے اُس کو آگہی تھی کہ شمع ہو سے اُس کی شمع روشن تھی یعنی وہ روشن دل تھا اسواسطے اُس کو میری فکر سے آگہی تھی آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ ۵۲ اسکے آگے آنخ ۲ شعر فکر کا بھید اس کے آگے جیسے شمع فانوس میں عیان تھی کوئی ضمیر اُس سے پوشیدہ نہ تھی دل کے مضمون سے وہ خبردار تھا چپکے چپکے ہونٹوں میں وہ کہتا تھا جواب فکر میری میں وہ بوالعجب کہ ایسا اندیشہ تیرا واسطے اولیا کے ترجمہ کیونکر ملاقات کرتا تو رزق سے اگر نہ دین وہ رزق تجھ کو میں سمجھتا نہ تھا باتیں ولیکن میرے دل پر وہ غصہ کرتا تھا مجھپر حملہ کرکے آیا مثل شیر کے اور لکڑیوں کا گٹھا سر سے اُتار کر پرتو اُس کے حملہ کا جو مجھپر اثر پڑا تو میرے ساتوں اندام میں لرزہ پڑا آگے اسکے دعا کرنے کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ بولا آنخ ۷ شعر دل میں کہا کہ یارب اگر تیرے خاصان ہیں کہ مبارک دعوت و خوش جان ہیں میں چاہتا ہوں کہ لطف تیرا کیمیا گر ہو کہ میرا گٹھا لکڑی کا زر ہو وے اسدم دیکھا کہ لکڑیاں زر ہو گئیں مثل آتش کے وہ چمکنے لگیں دیر تک اسمیں بیخود رہا جب کہ حیرت سے میں ہوش میں آیا بعدہ کہا کہ اے خداوند کیا اگر غیور ہیں میں نہیں چاہتا ہوں شہرت پھر انکو لکڑیاں کردے اسے معین بے تامل ویسی ہی جیسی کہ تھیں وہ شاخ زر پھر لکڑیاں ہوگئیں عقل و نظر اس کام سے دنگ ہوگئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۱؎ کیونکر ملاقات کرتا تو رزق سے اگر نہ دین وہ رزق تجھ کو ۱۲

بعد ازان گفت ای خدا گر آن کبار	پس غیورند و گریزان ز اشتہار	بعدہ بولا خدایا وہ کبار	گر غیور اب ہین چاہون اشتہار
باز این را بند ہیزم ساز زود	بی توقف ہم بران حالی کہ بد	لکڑیان پھر انکو کردے اے معین	بے تامل ویسی ہی جیسی کہ تھین
در زمان ہیزم شدہ اغصان تر	مست شد در کار او عقل و نظر	لکڑیان پھر ہوگئین وہ شاخ زر	عقل دنگ اس کام سے ہوئی اور نظر
بعد ازان برداشت ہیزم را و رفت	سوی شہر از پیش من او تیز و تفت	بعدہ لے لکڑیان وہ چلدیا	میرے آگے شہر کی جانب گیا
خواستم تا در پی آن شہ روم	پرسم از وی مشکلات و بشنوم	مین نے چاہا اُسکے پیچھے مین چلون	پوچھون اس سے مشکلین اور مین سنون
بستہ کرد آن ہیبت او مر مرا	پیش خاصان رہ نباشد عامہ را	روکا اس ہیبت نے اسکی اب مجھے	آگے خاصون کے نہ رہ عامون کو ہے
ور کسی را رہ شود گو سر فشان	کان بود از رحمت و از جذب شان	گرملے رہ کہدو سر قربان کرے	کیا وہ رحمت اور جذب انکی سے ہے
پس غنیمت دار آن توفیق را	چون بیابی صحبت صدیق را	مین غنیمت جانون اس توفیق کو	پاؤ جو تم صحبت صدیق کو
نی چو آن ابلہ کہ یابد قرب شاہ	سہل و آسان در فتد آن دم ز راہ	نے جبن اُس احمق کہ پائے قرب شاہ	سہل و آسان کردے اسکو وہ تباہ
چون ز قربانی دہندش بیشتر	پس بگوید ران گاو است این مگر	دیوین قربانی سے اُسکو بیشتر	کہوے یہ اک گاؤ کی ران ہی مگر
نیست این از ران گاو ای مفتری	ران گاو ت می نماید از خری	گاؤ کی یہ ران نہین ہی جو تجھے	بس خری سے گاؤ کی ران دکھتی ہی
بذل شاہانست این بی رشوتی	بخشش محض است این از رحمتی	شاہ کی بخشش یہ بے رشوت کے ہی	اُنکی بخشش محض یہ رحمت سے ہی

تحریص کردن سلیمان رسولان را بباز گشت و ہجرت بلقیس

حرص دلانا سلیمان کا رسولون کو واسطے رجوع و ہجرت بلقیس کے

ہمچنانکہ شہ سلیمان در نبرد	جذب خیل و لشکر بلقیس کرد	جیسے لڑنے مین سلیمان نے کیا	جذب لشکر اور حشم بلقیس کا

ف بعدہ الخ ۵ شعر بعدہ وہ لکڑیان لیکر چلدیا میرے آگے شہر کی جانب گیا مین نے چاہا کہ اس کے پیچھے چلون اور مین اس سے مشکلین پوچھون اور مین سنون اس کی ہیبت نے روکا مجھکو کیونکہ آگے خواصون کے عامون کو راہ نہین ہے آگے اس کے حقائق مین گر راہ ملے کہدو کہ سر قربان کرے کہ راہ ملنا رحمت و جذب ان کے سے ہے توفیق و جذب اُنکے سے ہے اس توفیق کو غنیمت جانو کہ جو تم صحبت صدیق کی پاؤ یعنی اگر کامل کی صحبت مین تم کو راہ ملے غنیمت جانو بلکہ اُسکو رحمت و جذب حق کا جانو کہ یہ عنایت حق کی ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ۵۲ نے جون الخ ۷ شعر نہ مانند اُس احمق کے ہے کہ قرب شاہ کا پائے اور اُسکو سہل و آسان تباہ کردے اسکو قربانی سے زیادہ دیوین وہ کہے کہ یہ ایک گاؤ کی ران ہے پس یہ گاؤ کی ران نہین ہے جو کہ تجھے خری سے گاؤ کی ران دکھتی ہے بغیر رشوت کے محض اُن کی بخشش رحمت سے ہے یعنی جو چیز کہ بادشاہ دے اُس کو تم حقیر شے مت جانو بلکہ اُس کو بخشش شاہ کی جانو اسی طرح اگر اولیاء اللہ کی صحبت تمکو نصیب ہو وہ تم عنایت حق کی جانو اور اسکو حقیر مت جانو آگے ایسی ہی حرص دلانا سلیمان علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ جیسے الخ ۴۴ شعر جیسے سلیمان علیہ السلام نے لڑنے مین کیا لشکر و حشم بلقیس کو جذب کیا اے عزیزو تم یہان جلد آؤ بحر بخشش کا موجزن و روان ہے ساحل پر ڈالتی ہے خطر جوش سے ہر دم موج اس کی سو کو ہر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

که بیائید اے عزیزان زود زود	که برآمد موجہا از بحر جود	که تم آؤ اے عزیزو جلد یہان	موجزن ہے بحر بخشش اور رحمن
سوے ساحل میفشاند بے خطر	جوش موجش ہر زمانے صد گہر	ڈالتی ساحل پہ ہے بس بے خطر	جوش سے موج اس کی ہر دم سو گہر
الصلا گفتیم اے اہل رشاد	کاین زمان رضوان در جنت گشاد	الصلا کہتا ہون مین اہل صفا	کھولا در رضوان نے اب خلد کا
پس سلیمان گفت کاے پیکان روید	سوے بلقیس و بدین دین بگروید	بس سلیمان بولے جاؤ قاصدو	سوے بلقیس اور اُسے راغب کرو
پس بگوئیدش بیا اینجا تمام	زود که ان اللہ یدعو بالسلام	کہدو اُس سے کہ یہان آئے تمام	جلد که ان اللہ یدعوا بالسلام
ہین بیا اے طالب دولت شتاب	که فتوح است این زمان و فتح باب	آؤ تو اے طالب دولت شتاب	کہ فتوحات اب ہے اور ہے فتح باب
اے که تو طالب نۂ تو ہم بیا	تا طلب یابی ازان یار وفا	اے تو طالب گر نہین ہے تو بھی آ	تا طلب دے تجکو وہ یار وفا
ملک برہم زن تو ادہم وار زود	تا بیابی ہمچو او ملک خلود	مثل ادہم چھوڑ اپنے ملک کو	مثل اسکے ملک جنت پائے تو

سبب ہجرت ابراہیم ادہم قدس سرہٗ و ترک ملک خراسان

سبب ہجرت ابراہیم ادہم قدس سرہٗ وچھوڑنا ملک خراسان کا.

خفته بود آن شه شبانه بر سریر	حارسان بر بام اندر دار و گیر	تخت پر سوتا تھا وہ شہ رات کو	بام پر کرتے نگہبان ہاے ہو
قصد شه از حارسان آن هم نبود	که کنند زان دفع دزدان و رنود	قصد شہ یہ پاسبانون سے نہ تھا	کہ کرین چورون کو دفع او جدا
او همی دانست کان کس کو عادلست	فارغست از واقعه آمن دلست	جانتا تھا وہ کہ عادل ہے کوئی	فارغ واقعہ سے وہ ہے امینی
عدل باشد پاسبان کامہا	نے بشب چوبک زنان بر بامہا	پاسبان کامون کا ہے تا عدل ہر	نے صدا نوبت کی شب کو بام پر
لیک بد مقصودش از بانگ رباب	ہمچو مشتاقان خیال آن خطاب	بانگ نوبت سے اسے مقصود تھا	مثل مشتاقان خیال اس قول کا

سلہ ۵۱ الصلا الخ ۶ شعر الصلا اے اہل صفا مین کہتا ہون که رضوان نے دروازہ کھولا ہے جنت کا پس سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ اے قاصدو تم جاؤ بلقیس کی طرف اور اُسے راغب کرو اُس سے کہدو کہ یہان آئے جلد تحقیق اللہ بلاتا ہے والسلام آگے اس کے حقائق ہین اے طالب دولت تو آ جلدی کہ اب فتوحات ہین اور فتح باب ہے اے تو اگر طالب نہین ہے تو بھی آ تا کہ وہ یار وفا تجھ کو طلب دے مانند ادہم کے اپنے ملک کو چھوڑ تا اُس کے مانند تو ملک جنت کا پائے یعنی اے طالب دولت سہی اولیاء اللہ کے جانب آؤ کہ فتوحات تم کو ملین اور اگر تجھ کو طلب نہین ہے تب بھی آؤ کہ یار وفادار تجھ کو طلب عنایت کرے جیسے ابراہیم ادہم نے رجوع کی اور یار پایا چنانچہ ان کا قصہ آگے مثال مین بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ وہ شاہ الخ ۵ شعر وہ شاہ تخت پر سوتا تھا شب کو اور بام پر نگہبان ہاے وہو کرتے تھے قصد شاہ کا پاسبانون سے نہ تھا کہ چورون کو دفع کرین وہ جانتا تھا کہ جو عادل ہے واقعے سے فارغ ہے اور امینی رکھتا ہے کیونکہ کامون کا پاسبان عدل ہے نہ کہ صدا نوبت کی بام پر ہے بانگ نوبت سے اسے ایک مقصود تھا کہ مثل مشتاقون کے خیال اس قول کا رہے یعنی بام پر وہ نگہبانی کے واسطے نہین بجواتا تھا بلکہ مانند عاشقون کے آواز کا مشتاق تھا کہ جو روز الست اُنھون نے یار کی آواز سنی ہے اور اس نغمہ مین وہ صلا آدمی پر ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

نالۂ سرنا و تہدید دہل ۱ / چیزکے ماند بدان ناقور کل
پس حکیمان گفتہ اند این لحنہا / از دوار چرخ بگرفتیم ما
بانگ گردشہای چرخست اینکہ خلق / می سرایندش بطنبور و بحلق
مومنان گویند کہ آثار بہشت / نغز گردانید ہر آواز زشت
ما ہمہ اجزاے آدم بودہ ایم / در بہشت آن لحنہا بشنودہ ایم
گرچہ بر ما ریخت آب و گل شکے / یاد ما آید از آنہا اندکے
لیک چون آمیخت با خاک کرب / کے دہد این زیر و آن بم آن طرب
آب چون آمیخت با بول و کمیز / گشت زامیزش مزاجش تلخ و تیز
چیزکے از آب ہستش در جسد / بول ازان رو آتشے را میکشد
گر نجس شد آب این طبعش بماند / کاتش غم را بطبع خود نشاند
پس غذاے عاشقان آمد سماع / کہ درو باشد خیال اجتماع
قوتے گیرد خیالات ضمیر / بلکہ صورت گردد از بانگ صفیر
آتش عشق از نواہا گشت تیز / آنچنان کہ آتش آن جوز ریز

نالۂ سرنا و دھمکا ڈھول کا ۱ / سامنے اس صور کل کے ہے ذرا
پس حکیموں نے کہا لحن و صدا / گردش افلاک سے ہمنے لیا
دور فلکی کی صدا ہے جو کہ خلق / گاتی ہے اسکو بطنبور اور حلق
کہتے مومن ہین اثر نے خلد کے / کر دیا آواز بد کو خوب ہے
جملہ ہم اجزا ہوئے آدم کے ہین / ہمنے یہ الحان سُنی ہین خلد مین
آب و گل نے گرچہ شک ہمپر رکھا / یاد آتا ہمکو ہے اُس سے ذرا
خاک غم مین جو ہمین پھانسا ہم / وہ طرب کب ہمکو دے یہ زیر و بم
جیسے ۲ کچھ پیشاب مین پانی ملا / تیز اور کڑوا مزاج اسکا ہوا
جو وجود اسکے مین ہے پانی ذرا / اسلئے پیشاب آتش دے بجھا
طبع وہ ہے گر نجس پانی ہوا / طبع خود سے آتش غم دے بجھا
پس غذا عشاق کی گانا ہوا / بس خیال اس مین ہو ملنے یار کا
قوت اک پکڑے خیالات ضمیر / بل دکھائے صورت اک بانگ صفیر
لحن سے بس عشق کے آتش ہو تیز / جس طرح آتش رکھے وہ جوز ریز

۱ نالہ الخ یہ شعر نالہ سرنا و دھمکا ڈھول کا اس صور کل کے روبرو ذرا سا ہے یعنی یہ آواز مزامیر کی اُس آواز الست کے روبرو اندک ہے کیونکہ وہ آواز تمام جہان مین پڑی ہے آگے حال نغمہ کا بمقولہ حکماء کے بیان فرماتے ہین پس حکماء نے کہا کہ لحن و صدا گردش افلاک سے ہم نے لیا ہے یہ صدا دور فلاک کی ہے جو کہ خلق گاتی ہے اُسکو طنبور و حلق سے یعنی حکماء نے سوچا کہ جو شے ہوا مین گردش کرتی ہے ضرور اس سے آواز پیدا ہوتی ہے جبکہ فلک گردش کرتا ہے تو ضرور اس سے آواز ہوتی ہوگی چنانچہ انھون نے رصد اسکی بنا کر آواز فلک کو سنا اور اس سے یہ چھ راگ و ۳۶ راگنیان علم موسیقی کی پیدا کین اسلئے جسوقت وہ راگ و راگنیان ہنگام گانے کے آواز فلک کے برابر ہو جاتی ہین اثر اسکا سامعین کے دلون مین پیدا ہوتا ہے آگے حال نغمہ کا بقول صوفیہ فرماتے ہین مومن کہتے ہین کہ اثر نے خلد کے آواز بد کو خوش کر دیا ہے ہم سب اجزا آدم کے ہوئے ہین ہمنے یہ الحان جنت مین سنے ہین آب و گل نے اگرچہ ہمپر شک رکھا ہے اس سے ہمکو ذرا یاد آتا ہے خاک غم مین جو ہمکو بالکل پھانسا ہے وہ طرب یہ زیر و بم ہمکو کب دے یعنی جو کہ ہماری روح نے جنت مین بشمولی روح آدم علیہ السلام کے یہ الحان سنے ہین اور وہ دنیا مین بسبب وجود خاکی کے غافل ہو گئی ہے مگر کبھی کبھی وہ آواز یاد آجاتی ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ۲ جیسے الخ یہ شعر کہ پیشاب مین کچھ پانی ملا اسکا مزاج تیز و کڑوا ہوا جو وجود پیشاب مین پانی ذرا سا ہے اسواسطے پیشاب آتش کو بجھا دیتا ہے طبیعت پانی کی وہ ہے اگرچہ پانی نجس ہوا ہے اپنی طبیعت سے آتش غم کو بجھا دیتا ہے یعنی آواز الست اس آواز مین اسی طرح سے ملی ہوئی ہے کہ وہ اپنے اثر سے عشاق مین آتش دنیا کو دفع کر دیتی ہے پس غذا عشاق کی گانا ہوا کہ اس مین یار کے ملنے کا خیال ہوتا ہے خیالات دل ایک قوت پکڑے بلکہ دکھا دے ایک صورت بانگ صفیر سے آتش عشق الحان سے تیز ہو جیسے آتش رکھتا ہے وہ جوز پھینکنے والا یعنی روح نے جو یار کی آواز بروز الست جس راگنی مین سنی ہے اب عاشق دنیا مین جب وہ راگنی سنتا ہے بیخودی وجد کی طاری ہوتی ہے چنانچہ محبوب الٰہی صاحب فرماتے ہین کہ مین نے آواز الست راگنی پوربی مین سنی ہے کہ میرے کان مین بھری ہوئی ہے اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ مین نے وقت پانے نفس کے رحمٰن کی آواز رحمٰن کو راگنی یمن مین سنا تھا بقول بحر العلوم آگے قصہ جوز ریز تشنہ کا مثال مین اس کے فرماتے ہین فافہم ۱۲

حکایت آن مرد تشنہ کہ از سر جوز بن جوز در آب می ریخت کہ در گو بود و در آب نمی رسید تا بافتادن جوز بانگ آب بشنود و او را چون سماع بانگ آب در طرب می آورد

حکایت اُس مرد تشنہ کی کہ جوز کے درخت سے پھینکتا تھا جوز پانی مین کہ گڑھے مین بھرا تھا اور وہ اس تک پہونچ نہین سکتا تھا آواز پانی کی اُس جوز کے گرنے سے سنی کیونکہ آواز پانی کی اسکو مانند راگ کے وجد مین لاتی تھی

در تغولی بود آب آن تشنہ راند　　بر درخت جوز و جوزی میفشاند
می فتاد از جوز بن جوز اندر آب　　بانگ می آمد ہمی دید او حباب
عاقلی گفتش کہ بگذار ای فتا　　جوزہا خود تشنگی آرد ترا
بیشتر در آب می افتد ثمر　　آب در پستی است از تو دور تر
بیشتر در آب می افتد بہ بین　　می برد آبش تراچہ سود ازین
تا تو از بالا فرود آئی بزیر　　آب جویش بردہ باشد ای دلیر
گفت قصدم زین فشاندن جوز نیست　　تیز تر بنگر برین ظاہر مایست
قصد من آنست کاید بانگ آب　　ہم ببینم بر سر آب این حباب

تھا[۱] گڑھے مین پانی وہ تشنہ چڑھا　　جوزبن پر اور گراتا جوز تھا
پھینکتا وہ جوزبن سے اندر آب　　بانگ سنتا دیکھتا تھا وہ حباب
بولا اک عاقل کہ چھوڑ اور ہو جدا　　جوز کرتا تشنگی ہے اور سوا
گرتے ہین پانی مین اکثر یہ ثمر　　پانی پستی مین ہے تجھ سے دور تر
گرتے پانی مین ہین اکثر دیکھ لے　　پانی لے جائے تجھے کیا سود ہے
جب تلک اوپر سے نیچے آئے تو　　پانی لیجائے بہا کر جوز کو
بولا[۲] گرنے جوز سے نے قصد ہے　　غور کر ظاہر پہ اسکے مت رہے
قصد میرا وہ کہ آئے بانگ آب　　اور دیکھون آب پر بھی یہ حباب

سلہ تھا گڑھے مین الخ ۶ شعر گڑھے مین پانی تھا اور وہ تشنہ درخت جوز پر چڑھا اور جوز گراتا تھا پھینکتا تھا وہ جوز درخت سے پانی مین آواز سنتا اور حباب دیکھتا تھا ایک عاقل نے کہا کہ چھوڑ علیحدہ ہو جوز تشنگی سوا کرتا ہے یہ ثمر اکثر پانی مین گرتے ہین وہ پانی پستی مین ہے تجھ سے دور تر اکثر پانی مین گرتے ہین دیکھ لے پانی بہائے جائے اور تجھ کو کیا فائدہ جب تک کہ تو اوپر سے نیچے اُترے پانی جوز کو بہا کر لے جائے آگے جواب ہے فافہم ۱۲ سلہ بولا الخ ۴ شعر کہا جوز کے پھینکنے سے نہ قصد ہے تو غور کر اور اُسکے ظاہر پر مت رہے میرا قصد وہ ہے کہ آواز پانی کی آئے اور بھی یہ حباب دیکھون تشنہ کو اور شغل عالم مین کیا ہے حوض کے گرد پھرنا ہمیشہ گرد نہر و گرد آب و بانگ آب مانند طواف کعبہ حاجی کے صواب ہے یعنی تشنہ کو آواز پانی کی تسکین دیتی ہے اسی طرح تشنگان یار کو آواز کہ اس دریاے معنی کی ہے تسکین دیتی ہے اس واسطے صوفیان اہل جنت وجد و سمع سے سیراب ہوتے ہین بقول استاد ؎

کسانیکہ یزدان پرستی کنند　　باواز دولاب مستی کنند

چنانچہ مثنوی کے پیرائے مین مولانا حال وجد و سماع کا بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲

تشنه را خود شغل چه بود در جهان / گرد پاے حوض گشتن جاودان
شغل اور عالم مین تشنہ کو ہی کیا / گرد پھرنا حوض کے اوپر سدا

گرد جو و گرد آب و بانگ آب / همچو حاجی طائفِ کعبه صواب
گرد نہر و گرد آب اور بانگ آب / چون طواف کعبہ حاجی کے صواب

همچنین مقصود من زین مثنوی / ای ضیاء الحق حسام الدین توئی
مثنوی[۵۱] سے میرا قصد ہے سب یہی / اے ضیاء الحق حسام الدین توئی

مثنوی اندر فروع و در اصول / جمله آن تست کردستی قبول
مثنوی اندر فروع اندر اصول / تیری ملک ہے سب کیا تونے قبول

التجا بر تست و بر امداد تو / تکیه بر اشفاق و بر اسعاد تو
التجا تجھ سے تری امداد سے / تکیہ تیری یاری و اشفاق پے

مثنوی اندر اصول و در فروع / میکند زیر لواے تو رجوع
مثنوی اندر اصول اندر فروع / کرتی ہے تیرے لوا کے سو رجوع

مثنوی اندر اصول و ابتدا / جمله بهر تست و بر تست انتها
مثنوی کی ابتدا تیرے لئے / اصل مین اور انتہا تیرے لئے

در قبولِ تست عز و مقبلے / زانکه شاه جان سلطانِ ولی
تیری مقبولی مین عزت اسکی ہے / کیونکہ شاہ جان اور دل تو ہی ہے

در قبول آرند شاهان نیک و بد / چون قبول آرند نبود هیچ رد
نیک و بد کو شاہ کرتے ہین قبول / رد نہین کرتے جو رکھتے ہین قبول

چون نهالے کاشتی آبش بده / چون کشادش داده بکشا گره
جو[۵۲] نہال اک بویا پانی اسکو دے / جو دیا کھلنا گرہ تو کھول دے

قصدم از الفاظ او راز تو است / قصدم از انشاش آواز تو است
قصد الفاظون سے تیرا راز ہے / قصد انشا سے تری آواز ہے

پیش من آوازت آوازِ خداست / عاشق از معشوق حاشا کی جداست
ہے تری آواز آواز خدا / حاشا کب معشوق سے عاشق جدا

اتصالی بے تکیف بے قیاس / هست رب الناس را با جان ناس
وصل ہے بے کیف اور بے قیاس / خالق انسان کو با جان ناس

لیک گفتم ناس من نسناس نے / ناس غیر جان جان اشناس نے
پر کہا ناس اور نسناس اب کہا / ناس غیر جان بجان نے آشنا

ناس مردم باشد و کو مردمی / تو سر مردم ندیدستی دمی
ناس[۵۳] مردم ہے کہان ہے مردمی / دیکھا نے مردم تو دم بھر بھی کوئی

ما رمیت اذ رمیت خوانده / لیک جسمی در تجزے مانده
ما رمیت اذ رمیت کو پڑھا / پر تو ہے جسم اور قسمت مین رہا

سلہ ۵۱ مثنوی الخ ۷ **شعر** مثنوی سے میرا قصد سب اے ضیاء الحق حسام الدین تو ہی ہے مثنوی اصل و شاخ مین تیری ملک ہے تو نے سب قبول کیا ہے التجا تجھ سے اور تیری امداد سے ہے تکیہ تیری یاری و اشفاق تجھ پے مثنوی اندر اصل و فروع کے تیرے لوا کی طرف رجوع کرتی ہے مثنوی کی ابتدا اصل مین تیرے واسطے ہے اور انتہا بھی تیرے واسطے ہے تیرے قبول کرنے مین عزت اسکی ہے کیونکہ شاہ جان و دل تو ہی ہے بادشاہ نیک و بد قبول کرتے ہین جس کو قبول کرتے اسکو رد نہین کرتے ہین یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ مثنوی کل تمھارا کلام ہے تم نے اگر قبول کیا ہے اسکو رد مت کرو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ جو نہال الخ ۶ **شعر** جو ایک نہال تو بویا اسکو پانی دے جو کھلنا دیا تو گرہ کھول دے قصد لفظون سے تیرا راز ہے اور انشا سے قصد تیری آواز ہے تیری آواز آواز خدا ہے حاشا معشوقون سے عاشق کب جدا ہے وصل بے کیف و بے قیاس ہے خالق انسان کو ساتھ جان ناس کے لیکن ناس کہا نسناس نہین کہا کہ ناس سواے جان کے آشنا نہین ہے ناس مردم ہے مردمی کہان ہے مردم تو کوئی دم بھر نہین دیکھا یعنی حق تعالیٰ کو ساتھ جان کے وصل بے کیف ہے مگر جان انسان کامل سے ساتھ و نہ نسناس یعنی اہل نفس کے ساتھ نہین ہے آگے حقائق اسکے ہین فافہم ۱۲ سلہ ۵۳ ما رمیت الخ ۶ **شعر ما رمیت اذ رمیت** کو پڑھا لیکن تو جسم ہے اور تقسیم مین رہا پس تو ملک جسم اپنے کو مانند بلقیس کے سلیمان کے واسطے ترک کر دے اپنے قول پر مین لاحول نہین کرتا ہون بلکہ طعنہ زن کے وسواس سے مین کرتا ہون میرے کلام پر وہ طنز کرتا ہے دل مین وسواس و گمان و انکار سے مین لاحول کرتا ہون یعنی علاج نہین ہے جو تیرے دل مین ضد میرے کلام سے ہے جو کہ میرا کہنا خود گلو پکڑتا ہے مین چپ ہو جاؤ تو کہہ بعد اسکے یعنی مین اپنے قول پر لاحول نہین کرتا ہون بلکہ طعنہ زن کی بدگمانی پر کرتا ہون مین چپ ہو جاتا ہون تو بعد اسکے خود کہہ یعنی تو اے طعنہ زن اگر میرے کلام پر طعنہ کرتا ہے تو اب مین خاموش ہون تحمل کرتا ہون تو کلام کر دیکھون تو کیا کہتا ہے آگے تحمل کا بیان ہے [illegible] فافہم ۱۲ سلہ ۵ نہین پھینکا تو نے جس وقت پھینکا تو نے ۱۲

ملک جسمت راچو بلقیس اے غنی / ترک کن بہرِ سلیمانِ نبیٔ
میکنم لاحول نے از گفت خویش / بلکہ از وسواس آن اندیشہ کیش
کو خیالے میکند در گفت من / در دل از وسواس و انکارات ظن
میکنم لاحول یعنی چارہ نیست / چون ترا در دل بضدم گفتنی ست
چونکہ گفت من گرفتت در گلو / من خمش گردم تو زین پس خود بگو

ملک جسم اپنے کو چون بلقیس کے / ترک تو کردے سلیمان کے لئے
کرتا نہ لاحول اپنے قول پے / بلکہ طعنہ زن کے ہین وسواس سے
میرے کہنے پر وہ کرتا طنز ہے / دل مین وسواس و گمان انکار سے
کرتا ہون لاحول یعنی چارہ نہ / میری ضد کہنا جو تیرے دل مین ہی
جو کہ خود کہنا مرا اٹکے گلو / مین ہو چپ خود کہو بعد اسکے تو

در بیان تحمل کردن از ہر بے ادبے وطریق رفق سپردن

بیان تحمل کرنے ہر بے ادب سے اور طریق رفاقت کرنے کا

آن یکی نائی کہ خوش نے میزدست / ناگہان از مقعدش بادے بجست
نائے را بر کون نہاد او کہ زمن / گر تو بہتر میزنی بستان بزن
اے مسلمان خود ادب اندر طلب / نیست الا حمل از ہر بے ادب
ہر کہ را بینی شکایت میکند / کان فلان کس راست طبع و خوے بد
این شکایت گو بدان کو بدخو ست / کہ مر آن بدخوے را او بدگو ست
زانکہ خوشخو آن بود کو در خمول / باشد از بدخوی و بدطبعان حمول
لیک در شیخ این گلہ ز امر خداست / نے پے خشم و ممارات و ہواست
آن شکایت نیست ہست اصلاح جان / چون شکایت کردن پیغمبران
نا حمول انبیا از امر دان / ورنہ حمال است بد را حلمشان
طبع را کشتند در حمل بدی / نا حمولی گر بود ہست ایزدی

ایک[۱] نائی خوش بجاتا نے کو تھا / ناگہان اک گوز اس سے سر ہوا
کون پر نے کو رکھا کہ تو بجا / گر بجاتی مجھ سے ہے بہتر سوا
اے مسلمان تو طلب مین ہی ادب / پر تحمل بے ادب سے ہی ادب
بس شکایت کرتا تو دیکھے جسے / کہ فلان طبع رسا خود بد رکھے
یہ شکایت[۲] وہ کرے بدخو جو ہے / کہ وہ اُس بدخو کی بدگوئی کرے
کیونکہ وہ خوشخو ہے تنہائی مین جو / بدطبعون بدخو کا متحمل ہو وہ
شیخ مین پر شکوہ حکم حق سے ہی / نے ہے خشم و دشمنی کی راہ سے
نے وہ شکوہ بلکہ ہے اصلاح جان / جیسے شکوہ کرتے ہین پیغمبران
نے تحمل انبیا کو حکم سے / ورنہ حمال اُن کا بد حمال ہے
طبع[۳] تحمل بدی کی دھو گئے ہے / نے تحمل ہے تو ہے اللہ سے

ف۱ ایک نائی الخ ہہ شعر ایک نے نواز نے کو بجاتا تھا ناگہان ایک گوز اُسکا سر ہوا نے کو اُس نے کون پر رکھا کہ تو بجا اگر مجھ سے سوا بہتر بجاتی ہے آگے حقائق ہین اے مسلمان طلب مین ادب نہین ہوتا ہے تحمل کرنا بے ادب سے ادب ہے پس جسکو تو شکایت کرتا دیکھے کہ فلان طبع رسا خوے بد رکھتا ہے یعنی طلب مین ادب نہین رہتا ہے مگر بے ادب سے تحمل کرنا ادب ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۲ یہ شکایت الخ ۵ شعر یہ وہ شخص شکایت کرے کہ جو بدخو ہو وہ اس بدخو کی بدگوئی کرتا ہے کیونکہ وہ شخص جو تنہائی مین ہے اور بدطبعون اور بدخو کا متحمل ہے لیکن شیخ مین شکوہ حکم حق سے ہے از راہ خشم و دشمنی کے نہین ہے اصلاح جان ہے جیسے انبیا شکوہ کرتے ہین انبیا کو حکم حق سے تحمل نہین ہے ورنہ انکا حلم بدی کا حمال ہے یعنی تحمل کرنا بدگوئی پر انبیا کا کام ہے اور جو کہ تحمل نہین کرتے ہین غصہ ہوتے ہین حکم حق سے ہوتا ہے کیونکہ وہ اصلاح جان ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ طبع الخ ہہ شعر طبع انبیا کی بدی کی متحمل ہوتی ہے جو تحمل نہین ہے تو اللہ کی طرف سے ہے اے سلیمان درمیان زاغ و باز کے حلم حق ہو اور سب مرغون سے واقفیت کر بلبل گویا گے تو پرست تو طوطا اور باز کو کبک سے مت لڑا تیرے حلم کے آگے بلقیس زبون ہے ترجمہ ہدایت کر قوم میری کو تحقیق وہ نہین جانتے ہین یعنی اے مرشد جو تو دانا اور راحمقون مین جاہلے حلم حق ہو کر جانوران اہل دنیا سے موافق ہو اور ہدایت اُن کو کر آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

اے سلیمان درمیانِ زاغ و باز — حلم حق شو با ہمہ مرغان بساز
بلبل بسیار گو را پر مکن — باز را و کبک را بر ہم مزن
اے دو صد بلقیس حکمت را زبون — کاہد قومی انہم لایعلمون

اے سلیمان درمیان زاغ و باز — حلم حق ہو کر تو سب مرغون سے ساز
بلبل گویا کے پر مت توڑ تو — مت لڑا تو باز کو اور کبک کو
تیرے حکم آگے ہو بلقیس اب یون — کاہد قومی انہم لایعلمون

تہدید فرستادن سلیمان علیہ السلام پیش بلقیس کہ اصرار میندیش بر شرک و تاخیر مکن کہ فی التاخیر آفات

دھمکی بھیجنا سلیمان علیہ السلام کا بلقیس کو کہ اصرار مت کر شرک پر اور تاخیر مت کر کہ تاخیر مین آفتین ہین

ہین بیا بلقیس ورنہ بد شود — لشکرت خصمت شود مرتد شود
پردہ دار تو درت را بر کند — جان تو با تو بجان خصمی کند
جملہ ذراتِ زمین و آسمان — لشکر حق اند گاہ امتحان
باد را دیدی کہ با عادان چہ کرد — آب را دیدی کہ این طوفان چہ کرد
انچہ بر فرعون زد آن بحر کین — انچہ بر قارون نمود ست این زمین
وانچہ آن بابیل با آن پیل کرد — وانچہ پشہ کلہ نمرود خورد
وانکہ سنگ انداخت داؤد یدے — گشت سہ صد پارہ و لشکر شکست
سنگ می بارید بر اعدائے لوط — تاکہ در آب سیہ خوردند غوط
گر بگویم از جمادات جہان — عاقلانہ یاری پیغمبران
مثنوی چندان شود کہ چل شتر — گر کشد عاجز شود از بار بر

جلد آ بلقیس ورنہ ہو بُرا[۱] — دشمن اور باغی ہو سب لشکر ترا
پردہ دار ابتر ترے در کو کرے — جان تیری دشمنی تجھسے رکھے
سارے ذراتِ زمین و آسمان[۲] — حق کے لشکر ہین بوقت امتحان
باد کو دیکھا کیا کیا عاد سے — آب کو دیکھا کہ کیا طوفان رکھے
جو کچھ اس دریا نے فرعون پر کیا — اور زمین نے جو کہ قارون پر کیا
جو کیا بابیل نے اس پیل سے — جو کیا مچھر نے اس نمرود سے
پھینکا جو داؤد نے اس سنگ کو — مار لشکر تین سو ٹکڑے وہ ہو
سنگ برسے دشمنون پر لوط کے — تا وہ غرق آب سیہ مین ہو گئے
مین جماداتِ جہان کی یاوری — گر کہون پیغمبرون سے جو کری
اسقدر ہو مثنوی کہ نہ اُٹھے[۳] — وہ اگر چالیس اونٹون پر لدے

ف ۱ جلد آ الخ ۲ شعر اے بلقیس جلد آ ورنہ برا ہووے باغی و دشمن سب لشکر تیرا ہووے پردہ دار تیرے دروازے کو ابتر کرے اور تیری جان تجھسے دشمنی رکھے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ف ۲ سارے الخ ۷ شعر سب ذرات زمین و آسمان کے لشکر حق کے ہین وقت امتحان کے باد کو دیکھا کہ کیا کیا عاد سے و آب کو دیکھا کہ کیا کیا طوفان رکھتا ہے جو کچھ اس دریا نے فرعون پر کیا اور زمین نے جو کہ قارون پر کیا جو کیا ہے ابابیل نے اُس پیل سے جو کیا اُس مچھر نے نمرود پر جو داؤد نے اس سنگ کو پھینکا تو مار لشکر کو تین سو ٹکڑے ہو کر لوط کے دشمنون پر سنگ برسے تاکہ وہ غرق آب سیاہ ہو گئے مین جمادات جہان کی مددگاری اگر کہون جو پیغمبرون نے کی ہے یعنی سب موجودات جہان حق کے لشکر ہین کہ اسکے حکم سے باغیان حق کے ساتھ کیا کیا کچھ کیا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ف ۳ اسقدر الخ ۶ شعر اسقدر مثنوی ہووے کہ نہ اُٹھے اگر وہ چالیس اونٹ پر لدے جبکہ کافر گواہی دست و پا دیوے وہ حق کا لشکر ہووے اور یہ کافر ہووے اے ضد کرنے والے حق سے فعل مین تو درمیان اسکے لشکر کے ہے خوف کر تیرا جزو جزو اُسکے لشکر کا لشکر مطیع ہے اب بغاوت سے وہ تیرا مطیع ہے اگر وہ کہے چشم کو پر درد ہووے اور وہ درد سو مغز تجھپر سے نکالے اگر دانتون سے کہے کہ تم وبال لاؤ تو دانتون سے گوشمال دیکھے یعنی جیسے جماد حق کے حکم مین ہین اُسی طرح تیرے جزو جزو بھی سب حق کے لشکر ہین جسکو وہ حکم دے وہ وبال لائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

دست بر کافر گواہی مید ہد / لشکر حق میشود سر می نہد
ای نمودہ ضد حق در فعل درس / در میان لشکر اوئی بترس
جزو جزوت لشکر او در وفاق / مر ترا اکنون مطیع انداز نفاق
گر بگوید چشم را کو را فشار / درد چشم از تو بر آرد صد دمار
گر بدندان گوید او بنما وبال / پس بہ بینی تو ز دندان گوشمال
باز کن طب را بخوان باب العلل / تا بہ بینی لشکر تن را عمل
چونکہ جان جان ہر جزوت ویست / دشمنی با جان جان آسان کی است
خود رہا کن لشکر دیو و پری / کز میان جان کنندم صفدری
ملک را بگذار بلقیس از نخست / چون مرا یابی ہمہ ملک آن تست
خود بدانی چون بر من آمدی / کہ تو بے من نقش گرمابہ بدی
نقش اگر خود نقش سلطان غنیست / صورتست از جان خود بی چاشنیست
زینت او از برای دیگران / باز کردہ بیہدہ چشم و دہان
ای کہ در بیگار خود را باختہ / دیگران را تو ز خود نشناختہ
تو بہر صورت کہ آئی نیستی / کہ منم این واللہ آن تو نیستی
یکزمان تنہا بمانی تو ز خلق / در غم و اندیشہ مانی تا بحلق
این تو کے باشی کہ تو آن اوحدی / کہ خوش و زیبا و سرمست خودی
مرغ خویشی صید خویشی دام خویش / صدر خویشی فرش خویشی بام خویش
جوہر آن باشد کہ قائم با خودست / آن عرض باشد کہ فرع او شدست

دست کافر پہ گواہی جبکہ دے / حق کا لشکر ہووے وہ یہ سر رکھے
حق سے اے ضد کرنیوالے فعل پر / درمیان لشکر کے ہی تو اسکے ڈر
تیرا جز جز لشکر اسکا ہے مطیع / اب بغاوت سے وہ تیرا ہی مطیع
گر کہے وہ چشم کو پر درد ہو / سو نکالے مغز تجھسے درد و در
گر کہے دانتوں کو تم لاؤ وبال / دیکھے تو دانتوں سے از بس گوشمال
کھول[1] تو طب کو پڑھ باب العلل / تا تو دیکھے لشکر تن کا عمل
جان کی جان ہر جزو کی تیری وہ ہے / دشمنی کب سہل جان کی جان سے
لشکر دیو و پری سے تو گذر / کہ کروں میں جان میں تیرے اثر
چھوڑ اسے بلقیس پہلے ملک کو / مجھکو پائے ملک وہ سب ملک ہو
جانے تو خود پاس میرے آئے جو / نقش تھی حمام کی بے میرے تو
نقش ہو گر نقش سلطان غنی / ہے وہ صورت جان سے بے چاشنی
زینت اسکی دوسروں کے واسطے / آنکھ منہ بیہودہ کھولا کس لئے
تو نے[2] اک بیگاری اپنے کو کیا / دوسروں کو خود سے نے جانا ذرا
آیا جس صورت پہ تو قائم رہا / کہ یہ میں ہوں واللہ نے تو وہ ذرا
خلق سے تنہا تو گر دم بھر رہے / فکر و غم میں حلق تک تو غرق ہے
تو یہ کب ہے بلکہ وہ واحد تو ہو / کہ خوش و زیبا و سرمستی رکھے
مرغ اپنا صید اپنا اپنا دام / صدر اپنا فرش اپنا اپنا بام
وہ ہے جوہر جو کہ قائم آپ ہے / وہ عرض ہو جو کہ وہ شاخ اک بنے

---

[1] کھول الخ ۔ شعر تو طب کھول اور باب مرض کا پڑھ تاکہ تو لشکر تن کا عمل دیکھے تیرے ہر ایک جزو کی جان کی جان وہ ہی ہے کب دشمنی سہل ہے جان کی جان سے یعنی جان کی جان خدا ہے آگے رجوع بقصہ ہے تو لشکر دیو و پری سے گذر کہ میں تیری جان میں اثر کروں اے بلقیس پہلے ملک کو چھوڑ دے جو تو مجھکو پائے وہ سب ملک ملک تیری ہووے تو خود کو جانے جو میرے پاس آئے کہ تو ایک نقش حمام کا بغیر میرے تھی اگر سلطان کا نقش ہے تو وہ ایک نقش ہے پس وہ صورت ہے اور جان سے بے چاشنی ہے اسکی زینت دوسروں کے واسطے ہے اور ہاتھ منہ بیہودہ کس واسطے کھولا یعنی اگر تو میرے پاس آئے تو خود کو پہچانے ورنہ تو مثل ایک نقش کے بے جان ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

رہتی ہین بہنین تری افلاک پے ‏ کیا تو اس مردار مین شاہی کرے

دوڑ بلقیس آ و دولت دیکھ تو ‏ پھل مری دولت سے کھا تو ابکو

تیری بہنون کو تو جانے ہے کیا ‏ از رہ بخشش شہنشہ نے دیا

دوڑ بلقیس آ و اندر بحر جود ‏ اور بے پونجی کے لے ہر دم تو سود

سلہ ۵ پشت آدم الخ ۵ شعر پشت آدم تک سب انکے اجداد بزم و رزم مین عالی نسب تھے یہ نسب انکا پوست ہے کہ شہنشاہون سے وہ ماہ پاک ہے وہ مغز ہے اور خود نسب سے جدا ہے اس کی جنس نہین ہے زمین سے آسمان تک نور حق کا کوئی وطن نہین ڈھونڈھتا ہے خلعت حق کو حاجت دوخت کی نہین ہے جو کہ ادنی خلعت ثواب مین دے اس کو نقش آفتاب کب پہونچتا ہے یعنی خداوند عالم اہل طاعت کو ثواب مین ادنے خلعت جو دیتا ہے نقش آفتاب اُس کی روشنی کو کب پہونچتا ہے آگے قصہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعوت کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ دوڑ بلقیس الخ ۹ شعر اے بلقیس دوڑ اور آ کر دیکھ اب ملک کو اور لب دریا حق پر چن تو گوہر کو تیری بہنین رہتی ہین آسمان پر تو کیا اس مردار مین شاہی کرتی ہے دولت دیکھ تو اور پھل میری دولت سے تو کھا تیری بہنون کو تو جانتی ہے کہ کیا از راہ بخشش کے پادشاہ نے دیا ہے دوڑ بلقیس اور آ بحر جود مین اور بے پونجی کے ہر دم فائدہ لے تیری سب بہنین با عیش و طرب ہین تجھ کو یہ رنج و تعب کیون خوش آیا ہے دوڑ بلقیس اور آ کہ سعادت یار ہووے اور ملک سبا سے بیزار ہو تو خوشی سے ڈھول کوٹتی ہے مانند گدا کے کہ مین گھوڑے کی مالک اور شاہ ہون سگ نے ایک اندھا گدا کوچہ مین دیکھا حملہ کرتا اور اُس کی گدڑی کھینچتا یعنی اے بلقیس تو مانند گدا و سگ کے ڈھول کوٹتی ہے کہ مین بادشاہ ہون تو اُسکے مانند ہے کہ کتے نے کوچے مین گدا کو پا کر اُسکی گدڑی پھاڑی پس یہ دنیا مثل گھوڑے کے ہے اور اس کے کتے شاہ و گدا ہین آگے اُس کا بیان ہے فافہم ۱۲

خواہرانت جملہ در عیش و طرب — بر تو چون خوش گشت این رنج و تعب
خیز بلقیسا سعادت یار شو — وز ہمہ ملک سبا بیزار شو
تو ز شاہی چون گدای طبل زن — کہ منم شاہ و رئیس گولخن

تیری بہنین سب ہین با عیش و طرب — تجکو کیون خوش آیا یہ رنج و تعب
دوڑ بلقیس آ سعادت یار ہو — کہ سبا کے ملک سے بیزار ہو
تو خوشی سے ڈھول کوٹے جون گدا — کہ مین ہون گھورے کی مالک او شاہ

مثل قانع شدن آدمی بہ دنیا و حرص او در طلب و غفلت او از دولت روحانیان کہ ابنای جنس وی اند و نعرہ زنان کہ یا لیت قومی یعلمون

مثل قانع ہونے آدمی کی دنیا پر اور حرص اُسکی طلب مین اور غفلت اُسکی روحانیون سے کہ ہمجنس اُسکی ہین اور نعرہ مارنا انکا کہ یا لیت قومی یعلمون

آن سگی در کو گدای کور دید — حملہ می آورد و دلقش میکشید
گفتہ ایم این را وے بار دگر — شد مکرر بہر تاکید نظر
کور گفتش آخر آن یاران تو — بر کہ اند این دم شکار و صید جو
قوم تو در کوہ می گیرند گور — در میان کوے میگیری تو کور
ترک این تزویر کن شیخ نفور — آب شوری جمع کردہ چند کور
کاین مریدان من و من آب شور — مینخورند از من ہمی گردند کور
آب خود شیرین کن از بحر لدن — آب بد را دام این کوران مکن
خیز شیران خدا بین گور گیر — تو چو سگ چونی بزرقی کور گیر
گو گرچہ از صید غیر دوست دور — جملہ شیر و شیرگیر و مست نور

دیکھا سگ نے اندھا کوچہ مین گدا — حملہ کرتا اُسکی گدڑی کھینچتا
کہدیا اُس کو مکرر اب وے — کہتا ہون مین واسطے تاکید کے
اسکو اندھے نے کہا کہ تیرے یار — ڈھونڈھتے ہین صید کرتے ہین شکار
قوم تیری کوہ مین پکڑے ہے گور — اور کوچہ مین پکڑتا ہے تو کور
کہدو چھوڑے مکر کو شیخ نفور — گھیرے اندھے اور تو ہے آب شور
یہ مرے طالب ہین مین ہون آب شور — مجھسے کھاتے ہین وہ بس ہوتے ہین کور
شیرین کر بحر لدن سے اپنا آب — دام اندھون کا نہ کر آب خراب
دیکھ اُٹھکر شیر حق ہین گور گیر — مکر سے تو مثل سگ ہے کور گیر
کور کیا صید سوے اللہ سے ہین دور — سب ہین شیر اور شیر گیر و مست نور

سلہ کہدیا الخ ے شعر اُس کو مکرر کہدیا ولیکن اب مین کہتا ہون واسطے تاکید کے اُس سگ کو اندھے نے کہا کہ یار تیرے صید ڈھونڈھتے ہین و شکار کرتے ہین تیری قوم کوہ پہ گور خر پکڑتی ہے اور تو کوچہ مین اندھا پکڑتا ہے آگے حقائق ہین کہدو کہ چھوڑے مکر کو شیخ نفرت کیا گیا کہ اندھون کو گھیرتا ہے اور خود ہے آب شور یہ میرے مرید ہین اور مین آب شور ہین ہون مجھسے آب شور کھاتے ہین اور اندھے ہوتے ہین بحر لدن سے اپنا آب شیرین کر اور آب خراب کو اندھون کا دام مت کر اُٹھکر دیکھ کہ شیر حق کے گور گیر ہین اور تو مکر سے کتون کے مانند اندھا پکڑنے والا کور گیا ہین بلکہ صید ماسوے اللہ سے وہ دور ہین سب ہین شیر اور شیر گیر اور مست نور کے یعنی پیران ریاکار آب شور ہین کہ احمقون کو بلا کر اندھا کرتے ہین پس تو اپنے آب باطن کو اولیا کے دریا سے شیرین کر اور دیکھو کہ شیر حق کی گور گیر ہین اور کور کیا چیز بلکہ ماسوے اللہ کا شکار بھی نہین کرتے ہین کہ وہ سب شیر گیر اور مست نور کے ہین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

در نظاره صید و صیادی شه / کرده ترکِ صید و مرده در وله
همچو مرغ مرده شان بگرفته یار / تا کند او جنس ایشان را شکار
مرغ مرده مضطر اندر وصل و بین / خوانده القلب بین اصبعین
مرغ مرده را هر آنکو شد شکار / چون ببیند شد شکار شهریار
هر که او زین مرغ مرده سر بتافت / دست آن صیاد را هرگز نیافت
گوید او منگر بمرداری من / عشق شه بین در نگهداری من
من نه مردارم مرا شه کشته است / صورت من شبه مرده گشته است
جنبشم زین پیش بود از بال و پر / جنبشم اکنون ز دستِ دادگر
جنبش فانیم بیرون شد ز پوست / جنبش باقی ست اکنون چون از وست
هر که کج جنبد به پیش جنبشم / گرچه سیمرغ ست تار ارش میکشم
هین مرا مرده مبین گر زندهٔ / در کفِ شاهم نگر گر بندهٔ
مرده زنده کرد عیسیٰ از کرم / من بکفِ خالق عیسیٰ درم
کی بمانم مرده در قبضه خدا / بر کفِ عیسیٰ مدار این هم روا
عیسیم لیکن هر آنکو یافت جان / از دمِ من او بماند جاودان
شد ز عیسیٰ زنده لیکن باز مرد / شاد آنکو جان بدین عیسیٰ سپرد
من عصایم در کفِ موسیِ خویش / موسیم پنهان و من پیدا به پیش
بر مسلمانان پل دریا شوم / باز بر فرعون اژدرها شوم

صید[1] و صیادی سے شہ کی دید مین / صید گیری چھوڑ دی مردہ عشق مین
مثل مرغ مردہ وہ پابند یار / تا کرے وہ جنس اپنی کو شکار
مرغ مردہ مضطر اندر وصل ہین / ہے پڑھا القلب بین الاصبعین
مرغ مردہ کا ہوا جو کہ شکار / جبکہ دیکھا ہے شکار شہریار
جو کوئی اُس مرغ مردہ سے پھرا / نے ملا ہاتھ ہرگز اُس صیاد کا
وہ کہے مت دیکھ مرداری مری / دیکھ عشق شہ کو ہے یاری مری
مین نہین مردار کشتہ شہ کا ہون / مثل مردے کے مین صورت رکھتا ہون
پہلے[2] جنبش میرے بال و پر سے تھی / ہاتھ سے اب حق کے جنبش ہے مری
جنبش فانی گئی اس جسم سے / جنبش باقی ہے اب جو اس سے ہے
میری جنبش آگے جو ٹیڑھا چلے / مارون اُسکو گرچہ وہ سیمرغ ہو
گر ہے زندہ مجکو نے مردہ تو دیکھ / گر ہے بندہ دستِ شہ مین مجکو دیکھ
مردہ زندہ جود سے عیسیٰ کرین / خالقِ عیسیٰ کی مین ہون ہاتھ مین
کب رہون مردہ بدستِ کبریا / دستِ عیسیٰ پر بھی مت رکھ یہ روا
مین ہون عیسیٰ جس کسی نے پائی جان / میرے دم سے بس رہے وہ جاودان
زندہ عیسیٰ سے ہوا وہ پھر مرا / جسنے اس عیسیٰ کو جان دی وہ سدا
مین[3] عصا ہون ہاتھ مین موسیٰ کے یان / میرا موسیٰ ہے نہان مین ہون عیان
پل مسلمانون کا دریا پر بنون / اور پھر فرعون پر اژدر بنون

سلہ صید الخ، شعر شاہ کے صید و صیادی سے دید مین صید گیری چھوڑ دی کہ مردہ عشق ہین مثل مرغ مردہ کے وہ پابند یار ہین تا کہ اپنی جنس کو شکار کرین مرغ مردہ مضطر ہے اور بلا وصل و ہجر مین پڑا ہے ترجمہ قلب درمیان دو انگلیون پروردگار کے ہے جو شخص مرغ مردہ کا شکار ہوا جبکہ دیکھا شکار شہریار جو کوئی اس مرغ مردہ سے پھرا ہرگز اُس صیاد کا ہاتھ نہ ملا وہ کہے مرداری مت دیکھ بلکہ دیکھ عشق شاہ کو میری مددگاری ہے مین مردار نہین ہون شاہ کا کشتہ ہون اور مثل مردہ کے صورت رکھتا ہون یعنی اولیاء اللہ مرغ مردہ ہین ولیکن صورت و معنی مین زندہ ہین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ پہلے الخ، شعر میری پہلی جنبش بال و پر سے تھی اب حق کے ہاتھ سے میری جنبش ہے جنبش فانی گئی اس جسم سے جنبش باقی ہے کہ جو اس سے ہے میری جنبش کے آگے جو ٹیڑھا چلے مین اسکو مارون اگرچہ وہ سیمرغ ہے اگر تو زندہ ہے مجھکو مردہ مت دیکھ اگر بندہ ہے دست شاہ مین مجھکو دیکھ عیسیٰ مردہ کو زندہ بخشش سے کرے مین خالق عیسیٰ کے ہاتھ مین ہون یہ بات دست کبریا کب مردہ ہون یہ بات دست عیسیٰ پر بھی مت روا رکھ مین عیسیٰ ہون جسنے میرے دم سے جان پائی وہ ہمیشہ رہے اور جو زندہ عیسیٰ سے ہو وہ پھر مرا جسنے اس عیسیٰ کو جان دی وہ رہے سدا یعنی اوّل مجکو جنبش جسم جنبش سے تھی اور اب جنبش مجکو حق سے ہے مین بظاہر مردہ ہون لیکن باطن مین حق سے زندہ ہون ایسی مین وہ عیسیٰ ہون کہ جسنے مجھ سے جان پائی وہ ہمیشہ زندہ رہا کیونکہ جسنے عیسیٰ سے جان پائی وہ پھر مرا وہ خوش نصیب کہ جسنے جان اس عیسیٰ یعنی اولیاء اللہ کو سونپی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ مین عصا ہون الخ، شعر مین عصا ہون ہاتھ مین موسیٰ کے یہان میرا موسیٰ نہان ہے اور مین عیان ہون مسلمانون کا پل دریا پر ہون اور پھر فرعون پر اژدر بنون اس عصا کو تو تنہا مت دیکھ کہ عصا بغیر دست حق کے نہین ہوتا ہے موج طوفان کی عصا تھی رعب سے جادوگرونکے دبدبے کھا لئے باد عصا تھی عدو و یہود پر کہ قوم عاد سے دو دنکالا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ عہ قلب درمیان دو انگلیون پروردگار کے ہے ۱۲

این عصا را اے پسر تنہا مبین — کہ عصا بے کف حق نبود چنین
موج طوفان ہم عصا بد کو زدرد — طنطنہ جادو پرستان را بخورد
ہم عصا بد باد بر اعدائے ہود — کہ بر آورد از بقیہ عاد دود
ہم عصائے بود پشہ در نبرد — کہ بر آورد از سر نمرود گرد
گر عصا ہائے خدا را بشمرم — رزق این فرعونیان را بر درم
لیک زین شیرین گیاہ زہر مند — ترک کن تا چند روزے می چرند
گر نباشد جاہ فرعون و سرے — از کجا یابد جہنم پرورے
فربہش کن آنگہش کش ای قصاب — زانکہ بے برگند در دوزخ کلاب
گر نبودے خصم و دشمن در جہان — پس بمردے خشم اندر مردمان
دوزخ آن خشم است خصمی بایدش — تا زید ورنہ رحیمی بکشدش
در جہان گر لطف بے قہری بدی — در کمال بادشاہی کے شدی
ریشخندی کردہ اند آن منکران — بر مثلہا و بیان ذاکران
تو اگر خواہی بکن ہم ریشخند — چند خواہی زیست اے مردار چند
شاد باشید اے محبان در نیاز — بر ہمین در کہ این شود امروز باز
ہر جوئے باشدش کردے دگر — در میان باغ از سیر و گذر
ہر یکے با جنس خود در کرد خورد — از برائے پختگی نم مے خورد
تو کہ کردی زعفرانی زعفران — باش و آمیزش مکن با ضیمران

اس عصا کو دیکھ مت تنہا پسر — کہ عصا بے دست حق نے ہو مگر
موج طوفان بھی عصا تھی رب کے — دبدبے جادوگرون کے کھا لئے
باد عصا تھی بھی عدوئے ہود پے — کہ نکالا دود قوم عاد سے
۱؎ بھی عصا مچھر تھا اندر جنگ کے — کہ نکالا مغز کو نمرود سے
گر خدا کے مین عصاؤن کو گنون — مکر ان فرعونیون کا توڑ دون
لیکن اس شیرین گیہ پر زہر سے — چھوڑ دے تا تھوڑے دن چر لین اسے
گر نہوتی جاہ فرعون کی روش — کیسے پاتی بس جہنم پرورش
موٹا کرکے ذبح کر قصاب انھین — کیونکہ کتے بھوکے بس دوزخ مین ہین
گر نہین ہوتے جہان مین دشمنان — خشم مر جاتا بس اندر مردمان
خشم و دوزخ دشمن اسکو چاہئے — تا جئے ورنہ رحیم ابتر کرے
۲؎ ہوتا لطف عالم مین بے قہر و ملال — بادشاہی کو نہین ہوتا کمال
جو تمسخر اب کیا منکر نے ہے — ذاکرون کی بس مثال و ذکر پے
تو بھی گر چاہے تمسخر کر وسے — کب تک اے مردار تو زندہ رہے
اے محبو خوش ہو تم اندر نیاز — اوپر اس در کے کہ ہو یہ آج باز
۳؎ ہوتی ہر حاجت کی کیاری ہے جدا — باغ مین لہسن و گاجر سے سدا
اپنی کیاری مین ہر اک جنس اپنی سے — پختگی کے واسطے پانی پئے
زعفران کی، تو ہے کیاری زعفران — ٹھہر اور ریحان سے مت مل اے جوان

۱؎ بھی عصا الخ یے شعر مچھر بھی عصا تھا جنگ مین کہ مغز نمرود کا نکالا اگر مین خدا کے عصاؤن کو گنون ان فرعونیون کا مکر توڑ دون ولیکن اس شیرین گھاس پر زہر کو تو چھوڑ دے کہ چند دن اسے چر لین اگر فرعون کی جاہ و روش نہ ہوتی کیسے جہنم پرورش پاتی اے قصاب انکو موٹا کر کے ذبح کر کیونکہ دوزخ مین کتے بھوکے ہین اگر جہان مین دشمن نہ ہوتے خشم مردم مر جاتا خشم دوزخ ہے دشمن اسکو چاہئے تاکہ جیئے ورنہ رحیم ابتر کرے یعنی اگر کفار پیدا نہ ہوتے جہنم کا پیٹ کاہے سے بھرتا اگر دشمن نہ ہوتے خصم پیدا کیسے ہوتا آگے بیان اس کا ہے فافہم ۱۲ ۲؎ ہوتا الخ یہ شعر اگر لطف عالم مین بے قہر و ملال ہوتا تو بادشاہی کو کمال نہ ہوتا جو منکرین نے تمسخر اب کیا ہے ذاکرون کی مثال اور ذکر پہ تو بھی اگر چاہتا ہے تمسخر کر ولیکن کب تک اے مردار تو زندہ رہیگا اے محبو تم خوش ہو نیاز مین اوپر اس دروازے کے کہ آج کھلا ہوا ہے یعنی اے دوستو تم خوش ہو اپنے نیاز پر کہ آج دروازہ قبولیت کا کھلا ہے و اگر منکر تمسخر کرتے ہین تو کرنے دو آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲ ۳؎ ہوتی الخ یہ شعر ہر ایک حاجت کی کیاری جدا جدا ہوتی ہے باغ مین لہسن و گاجر سے ہمیشہ اپنی کیاری مین ہر ایک اپنی جنس سے پختگی کے واسطے پانی پیتے ہین تو زعفران ہو اور ریحان سے مت مل اے زعفران تو پانی پی تا تو پہونچے زعفرانی جلوے مین شلغم کی کیاری کی طرف منہ نہ کر تا کہ شلغمی ہم طبع و ہم خو نہ ہو وے تو کیاری ہو وہ بھی کیاری ہے جدا جدا کیونکہ ترجمہ زمین اللہ کی فراخ ہے خاص وہ زمین کہ بڑی ہے اور سفر مین گم ہوتی ہین دیو اور پری اس دریا اور جنگل و کوہ مین وہم و خیال منقطع رہین یعنی جبکہ اس زمین مین یہ حال ہوتا ہے تو اس زمین باطن مین وہم و خیال کب جا سکتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

آب می خور زعفرانا تا رسی / زعفرانی اندر آن حلوا رسی
تو مکن در گردِ شلغم پوز خویش / تا نگردد با تو او ہم طبع و کیش
تو بکردی او بکردی مودعہ / زانکہ ارض اللہ آمد واسعہ
خاصہ آن ارضی کہ از پہنادری / در سفر گم میشود دیو و پری
اندر آن بحر و بیابان و جبال / منقطع میگردد اوہام و خیال
این بیابان در بیابانہاے او / ہمچو اندر بحر پر یک تار مو
آب استادہ کہ سیرش نہان / تازہ تر خوشتر ز جوہاے روان
کز درون خویش چون جان روان / سیر پنہان دارد و پاے نہان
مستمع خفتہ است کوتہ کن خطاب / اے خطیب این نقش را کم زن بر آب

پانی پی اے زعفران تا پہنچے تو / زعفرانی اندر اس حلوے کی ہو
منہ نہ کر شلغم کی کیاری کی سو / تا نہووے تجھسے وہ ہم طبع و خو
تو ہو کیاری وہ بھی کیاری میں جدا / کیونکہ ارض اللہ آیا واسعہ
خاصکر بس وہ زمین کہ ہے بڑی / گم سفر میں ہوتے ہیں دیو و پری
اندر اُس دریا و جنگل کوہ کے / منقطع وہم و خیال از بس رہے
یہ بیابان اس بیابان میں دکھے / جیسے دریا میں پڑا اک بال ہے
پانی ٹھہرا ہو کہ سیر اسکی نہان / تازہ تر اس بحر سے کہ ہو روان
جس طرح باطن میں اپنی روح و جان / سیر پوشیدہ رکھے پانوں روان
سامع سوتا ہے خطاب اب مت کرے / اے خطیب اب نقش مت کر آب پے

بقیہ قصۂ دعوت سلیمان علیہ السلام بلقیس را کہ فرصت غنیمت است

باقی قصہ دعوت کرنا سلیمان علیہ السلام کا بلقیس کو کہ فرصت غنیمت ہے

خیز بلقیسا کہ بازاریست تیز / زین خسیسان کساد افگن گریز
خیز بلقیسا کنون با اختیار / پیش از آنکہ مرگ آرد گیر و دار
خیز بلقیسا بیا پیش از اجل / در نگر شاہی و ملکِ بے دغل
خیز بلقیسا بجاہ خود مناز / اندرین درگہ نیاز آور نہ ناز
خیز بلقیسا و مستیز با قضا / ورنہ مرگ آید کشد گوش ترا
بعد ازان گوشت کشد مرگ آنچنان / کہ چو دزد آید بہ شحنہ موکشان

دوڑ بلقیسا کہ ہے بازار تیز / ان خسیسوں بدوضع سے کر گریز
دوڑ بلقیسا تو اب با اختیار / پہلے اس سے کہ ہو تجھپر موت بار
دوڑ بلقیسا اجل سے پہلے آ / بادشاہی دیکھ اور ملک بقا
دوڑ بلقیس اور نہ کر رتبے پہ ناز / لا نہ اس درگہ میں ناز اور لا نیاز
دوڑ بلقیسا قضا سے مت لڑے / ورنہ موت آ کان کھینچے تیرے
بعدہ موت ایسے کھینچے تیرے کان / پیش شحنہ جیسے چور آئے کشان

۵۱ یہ بیابان الخ ۹ شعر یہ بیابان اس بیابان میں دکھائی دیتا ہے جیسے دریا میں ایک بال پڑا ہے پانی ٹھہرا ہے کہ سیر اسکی پوشیدہ ہے تازہ تر اُس نہر سے کہ روان ہووے جیسے باطن اپنے میں روح و جان سیر پوشیدہ رکھے اور پانوں روان سامع سوتا ہے اب خطاب مت کر اے خطیب مت کر نقش آب پر یعنی اس بیابان میں بیابان ایسا ہے جیسے دریا میں بال آب اُس دریا کا ٹھہرا ہوا ہے مگر آب نہر سے تیز تر وہ روان ہے آگے قصۂ دعوت سلیمان علیہ السلام کا ہے فافہم ۱۲ ۵۲ دوڑ الخ ۶ شعر اے بلقیس دوڑ کہ بازار تیز ہے اور ان خسیسوں بدوضع سے بھاگ اے بلقیس دوڑ اب با اختیار اُس سے پہلے کہ موت تجھ پر بار ہوا ہے اے بلقیس دوڑ اجل سے پہلے بادشاہی دیکھ اور ملک بقا کا اے بلقیس دوڑ اپنے مرتبے پر ناز مت کر اس درگاہ میں ناز مت لا نیاز لا اے بلقیس دوڑ قضا سے مت لڑ ورنہ موت آکر تیرے کان کھینچے بعدہ موت ایسے تیرے کان کھینچے جیسے آگے کوتوال کے چور کھینچا آوے کیونکہ ان چوروں سے تو لعل چراوے اور اگر چراتی ہے تو آ وہ لعل چرا تیری بہنوں کو ملک بقا ملا اور تو نے یہ ملک فنا لیا ہے یعنی ازواج انبیا کو وہ ملک بقا ملا ہے اور تو اس ملک پر قانع ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

زین خران تا چند باشی نعل دزد	گر همی دزدی بیا و لعل دزد	کب تک ان خر سے چرائے نعل تو	گر چرانی ہے چرا آ لعل تو
خواهرانت یافته ملکِ خلود	تو گرفته مملکت کور و کبود	تیری بہنون کو ملا ملک بقا	اور لیا تو نے ہے یہ ملک فنا
ای خنک آنرا کزین ملکت بجست	که اجل این ملک را ویران کن است	وہ(سلہ) ہے اچھا بھاگا جو اس ملک سے	کہ اجل اس ملک کو ویران کرے
خیز بلقیسا بیا بارے ببین	ملکتِ شاهان و سلطانان دین	دوڑ اے بلقیس آ اور دیکھ تو	ملک شاہون خسروان دین کو
شسته در باطن میان بوستان	ظاهر اخارے میانِ دوستان	بیٹھے باطن مین ہین اندر بوستان	ظاہر اہین خار اندر دوستان
بوستان با او روان هر جا رود	لیک آن از خلق پنهان میشود	جائین جب جا باغ ساتھ انکے چلے	ہے وہ پوشیدہ ولیکن خلق سے
میوه ها لابه کنان کز من بچر	آبِ حیوان آمده کز من بخور	عاجزی میوے کرین کہ ہمکو کھا	آب حیوان آیا پی مجکو ذرا
طوف میکن بر فلک بے پر و بال	همچو خورشید و چو بدر و چون هلال	سیر(سلہ) کر افلاک پر بے پر و بال	مثل خورشید و قمر مثل ہلال
چون روان باشی روان بے پاے نه	میخوری صد لوت و لقمه خایی نه	مثل جان کے تو چلے نے پانون ہو	سو غذا تو کھائے نے کھانا ہو وو
نے نهنگ غم زند بر کشتیت	نے پدید آید ز مردن زشتیت	نے نہنگ غم ہو کشتی پر پڑے	نے برائی موت کچھ تجھپر رکھے
هم تو شاه و هم تو لشکر هم تو تخت	هم تو نیکوبخت باشی هم تو بخت	بھی تو شاہ اور بھی تو لشکر بھی تو تخت	بھی تو نیکو بخت ہووے بھی تو بخت
گر تو نیکوبختی و سلطان زفت	بخت غیرست روزی بخت رفت	گر تو خوش قسمت ہے اور سلطان و شاہ	بخت تیرا غیر اک دن ہو تباہ
تو بمانی چون گدائے بے نوا	دولت خود هم تو باش ای مجتبیٰ	تو رہے مثل گدائے بے نوا	اپنی دولت خود ہو تو اے مجتبیٰ
چون بباشی بخت خود ای معنوی	پس تو که بختی ز خود کی گم شوی	جو تو اپنا بخت ہو اے معنوی	بخت اپنے سے نہ تو ہو گم کبھی
تو ز خود کی گم شوی ای خوشخصال	چونکه عین تو ترا شد ملک و مال	خود سے تو گم ہووے کب ای خوشخصال	عین تو ہی تیرا ہو جو ملک و مال

قصہ عمارت کردن سلیمانؑ مسجد اقصےٰ را

قصہ تعمیر کرنا سلیمانؑ کا مسجد اقصےٰ کو

سلہ وہ ہے الخ ۵ شعر وہ اچھا ہے کہ جو اس ملک سے بھاگا کہ اجل اس ملک کو ویران کرے دوڑ اے بلقیس اور آ دیکھ ملک شاہان دین کو آگے اس کے حقائق ہین باطن مین باغ کے اندر بیٹھے ہین اور ظاہر مین خار ہین اندر دوستون کے جہان وہ جائین انکے ساتھ باغ چلے ولیکن وہ باغ پوشیدہ ہے خلق سے میوے عاجزی کرین کہ ہمکو کھا آب حیوان آیا کہ مجکو پی یعنی اولیاء اللہ ظاہر مین خراب حال اور باطن مین وہ خوش و خرم ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ سیر کر الخ ۹ شعر آسمان پر سیر کر بے پر و بال مانند خورشید و ماہ ہلال کے مانند جان کے تو چلے اور پاؤن نہووے سو غذا تو کھائے اور وہ کھانا نہووے نہ نہنگ غم تیری پر پڑے اور نہ موت کچھ تجھپر برائی رکھے بھی تو بادشا اور بھی تو لشکر اور تخت و بھی تو نیک بخت و بھی تو بخت ہووے اگر تو خوش قسمت و سلطان ہے تیرا بخت غیر ہے ایک دن تباہ ہووے تو مانند گدائے بے نوا کے رہے پس تو اپنی دولت خود ہو اے مجتبیٰ جو تو اپنا بخت ہو اے معنوی تو اپنے بخت سے کم نہووے کبھی تو خود سے کب گم ہووے ای خوشخصال عین تو ہی ہے کہ جو ملک و مال تیرا ہووے بعدہ وحی آئی درگاہ حق سے اُس سلیمان و نبی نیک پے پر یعنے تجکو سیر افلاک حاصل ہو جبکہ تو خود بخت ہو جائے تو سب کچھ تیرا ہے پھر تو جو چاہے وہ کر یہ عین توحید ہے آگے تعمیر مسجد اقصےٰ کا بیان ہے فافہم ۱۲

بہ تعلیم وحی خدا جہت حکمتہا و معاونت ملائکہ و دیو و پری

بعد ازان آمد ندا از پیش تخت — سلیمان آن نبی نیک بخت
کای سلیمان مسجد اقصے بساز — لشکر بلقیس آمد در نماز
چونکہ او بنیاد آن مسجد نہاد — جن و انس آمد بدن در کار داد
یک گروہ از عشق و قومی بے مراد — ہمچنانکہ در رہِ طاعت عباد
خلق دیوانند و شہوت سلسلہ — میکشد شان سوے دکان و غلہ
ہست این زنجیر از خوف و ولہ — تو مبین این خلق را بے سلسلہ
میکشاند شان سوے کسب و شکار — میکشد شان سوے کانہا و بحار
میکشاند شان بسوے نیک و بد — گفت حق فی جیدہا حبل المسد
قد جعلنا الحبل فی اعناقہم — واتخذنا الحبل من اخلاقہم
لیس من مستقذر مستنقہ — قط الاطائرہ فی عنقہ
نیستند این خلق بے بند گران — ہست آن بند و کمند آن خونفشان
حرص تو در کار بد چون آتش ست — اخگر از رنگ خوش آتش خوش ست

بموجب تعلیم وحی الٰہی کے واسطے حکمتون کے از راہ مدد فرشتون و دیو و پری کے

بعدہٗ وحی آئی اس درگاہ سے — اُس سلیمان اور نبی نیک سے
مسجد اقصے سلیمان کر تو ساز — خیل بلقیس آیا پڑھنے کو نماز
جو انھون نے رکھی مسجد کی بنا — جن و انس اسکو بناتے تھے سدا
عشق سے اک قوم قوم اک بے مراد — جسطرح طاعت کی رہ مین ہو عباد
دیو خلق اور شہوتین زنجیر ہین — جانب دکان کھینچے ہے انہین
بس یہ ہے زنجیر خوف و عشق سے — جانے مت یہ خلق بے زنجیر ہے
کھینچے انکو ہی سوے کسب و شکار — کھینچے انکو ہے سوے کان و بحار
کھینچے ہے انکو بسوے نیک و بد — بولا حق فی جیدہا حبل المسد
قد جعلنا الحبل فی اعناقہم — واتخذنا الحبل من اخلاقہم
تحقیق ڈالدیا ہمنے رسی کو انکی گردنون مین ۱۲ — اور پکڑا ہمنے رسی کو انکی بداخلاقیون سے
لیس من مستقذر مستنقہ — قط الاطائرہ فی عنقہ
نہین ہے کوئی بد و نیک سے ۱۲ — ہرگز مگر کہ نامۂ اعمال اسکی گردن مین ہے ۱۲
ہے نہین یہ خلق بے بند گران — ہے کمند و بندہ اور خونفشان
کار بد مین حرص آتش ہے تری — رنگت انگارہ کی خوش آتش نے کی

لـہ مسجد اقصی کا بیان آلخ ۷ شعر مسجد اقصے اے سلیمان تو بنا کہ لشکر بلقیس کا آیا نماز پڑھنے کو جو انھون نے مسجد کی بنا رکھی سب جنات و انسان اس کو بناتے تھے اگر ایک قوم عشق سے اور ایک قوم بے مراد جس طرح طاعات کی راہ مین عباد ہون آگے اس کے حقائق ہین دیو مخلوق اور شہوتین زنجیر ہین کہ جانب دکان کے انھین کھینچتی ہے پس یہ زنجیر خوف و عشق سے ہے تو مت جان کہ یہ خلق بے زنجیر کے ہے زنجیر خوف انکو کھینچتی ہے جانب کسب و شکار کے اور زنجیر عشق انکو کھینچتی ہے جانب کان و دریا کے اُن کو یعنی انکو کھینچتی ہے طرف بد کے حق نے کہا ترجمہ اس کی گردن مین رسی کھجور کی ہے یعنی زنجیر کشش کی دو ہین ایک عشق کی اور ایک خوف کی عشق کی زنجیر طرف دریائے اصل کے کھینچتی ہے اور زنجیر خوف کی طرف دریائے کسب شکار کے کھینچتی ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ـہ قد جعلنا آلخ ۸ شعر ترجمہ تحقیق ڈالدیا ہم نے رسی کو انکی گردنون مین اور پکڑا ہم نے رسی کو انکی بداخلاقیون سے ترجمہ نہین ہے کوئی بد و نیک سے ہرگز نامہ اعمال اس کی گردن مین پڑا ہے یہ خلق نہین بغیر بند گران کے وہ کمند و بند ہے اور خونفشان ہے کار بد مین تیری حرص آتش ہے رنگت انگارے کی خوش آتش نے کی یعنی سب مخلوق بند گران مین گرفتار ہے اور وہ حرص ہے چنانچہ اس کی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ـ

آن سواد فحم در آتش نہان — چونکہ آتش شد سیاہی شد عیان
اخگر از حرص تو شد فحم سیاہ — حرص چون شد ماند آن فحم تباہ
آنزمان کہ فحم اخگر می نمود — آن ز حسن کار نار حرص بود
حرص کارت را بیارائیدہ بود — حرص رفت و ماند کار تو کبود
غورہ را کہ بیارائیدہ غول — پختہ پندارد کسے کو ہست گول
آزمایش چون نماید جان او — کند گردد ز آزمون دندان تو
از ہوس آن دام دانہ می نمود — عکس غول حرص آن خود دام بود
حرص اندر کار دین و خیر جو — چون نماند حرص ماند نغز او
خیرہا نغزند نے از عکس غیر — تاب حرص از رفت ماند تاب خیر
تاب حرص از کار دنیا چون برفت — فحم باشد ماندہ از اخگر بتفت
کودکان را حرص می آرد غرار — تا شوند از ذوق دل دامن سوار
چون ز کودک رفت آن حرص بدش — بر دگر اطفال خندان آیدش
کہ چہ میکردم چہ می دیدم درین — خل ز عکس حرص بنمود انگبین
آن بنائے انبیا بے حرص بود — لاجرم پیوستہ رونقہا فزود
اے بسا مسجد برآوردہ کرام — لیک نبود مسجد اقصاش نام
کعبہ را کش ہر زمان عزے فزود — آن ز اخلاصات ابراہیم بود
فضل آن مسجد ز خاک و سنگ نیست — لیک در بناش حرص و جنگ نیست
نے کتب شان چون کتاب دیگران — نے مساجد شان نہ کسب و خانمان

کوئلے کی ظلمت آتش مین نہان — جب گئی آتش ہوئی ظلمت عیان
کوئلا انگارہ دہکتا حرص سے — حرص گئی تو کوئلہ تیرہ رہے
کوئلا انگارہ دہکتا جو کہ تھا — حسن تھا وہ حرص کی بس آگ کا
حرص نے تیرے بنایا کام کو — حرص جائے کام تیرہ تیرا ہو
غول کھلاتا ہے خوش غورہ کو جو — پختہ جو جانے اُسے احمق ہے وہ
جان اُسکی آزمایش جو کرے — دانت کھٹے امتحان سے ہون ترے
۵۲ وہ ہوس سے دام دانہ دیکھتا — دام تھا وہ عکس غول حرص کا
حرص کار خیر دین مین ڈھونڈھ تو — جو نہووے حرص رہ کار نکو
خیر بہتر ہے نہین با عکس غیر — جائے تاب حرص ہو تاب خیر
کار دنیا سے جو جائے حرص تو — کوئلہ رہ جائے انگارے سے وہ
حرص دے لڑکون کو دھوکا اسکا — ذوق دل سے ہووین تا دامن سوار
حرص لڑکو سے گئی جو تھی انہین — دوسرے لڑکون کے اوپر وہ ہنسین
۵۳ کرتا مین کیا تھا دیکھا اسمین کیا — سرکہ عکس حرص سے شہد دکھا
انبیا کی وہ بنائے حرص تھی — اسلئے اُس کی سدا رونق بڑھی
اے بہت مسجد کو لائے ہین کرام — مسجد اقصیٰ ہوا نے انکا نام
مرتبہ کعبے کا جو ہر دم بڑھا — وہ تھا سب اخلاص ابراہیم کا
قدر مسجد کی نہ خاک و سنگ سے — پر بنا مین اُسکی حرص و جنگ نے
جون کتب غیرونکی نہ انکی کتاب — انکے نے مسجد نہ گھر نے اکتساب

۵۱ کوئلہ کی آنچ ۶ شعر سیاہی کوئلے آتش مین پوشیدہ ہے جبکہ آتش گئی سیاہی عیان ہوئی کوئلا انگارہ حرص سے دہکتا ہے جب حرص گئی کوئلہ سیاہ رہے کوئلہ انگارہ جو کہ دہکتا تھا وہ حسن تھا آتش حرص کا تیری حرص نے کام کو بنایا اگر حرص جائے کام تیرا تیرہ ہووے غول جو غورہ کو خوش دکھلاتا ہے اُسکو جو پختہ جانے وہ احمق ہے اُسکی جان جو آزمایش کرے دانت تیرے امتحان سے کھٹے ہوویں یعنی حرص آتش ہے اور دین کو مثل کوئلہ کے روشن رکھتی ہے جبکہ حرص جائے بدلے رونق کے رہین باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ وہ ہوس الخ ۶ شعر وہ دام ہوس سے دانہ دکھتا تھا وہ دام تھا عکس غول حرص کا تو حرص کار خیر مین ڈھونڈھ جبکہ حرص نہ ہو کار نیک رہے خیر بہتر ہے عکس غیر سے نہین ہے جبکہ تاب حرص جائے تاب خیر رہے کار دنیا سے جو حرص جائے کوئلہ انگارہ سے رہجائے حرص لڑکین کو دھوکا دے ظاہر ذوق دل سے تا دامن سوار ہوں جون حرص لڑکون سے گئی کہ جو انکو تھی گئی دوسرے لڑکون کے اوپر وہ ہنسین یعنی حرص اگر تو کرتا ہے تو کار دین مین کر اگر حرص رہے تو کار بہتر رہجائے تو وہ انگارہ سے کوئلہ رہجائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ کرتا مین الخ ۶ شعر مین کیا کرتا تھا اور اسمین کیا دیکھا حرص کے عکس سے سرکہ شہد دکھا وہ انبیا کی بنائے حرص تھی اسلیئے اسکی ہمیشہ رونق بڑھی ای بہت کرام مسجد لائے ہین مگر مسجد اقصیٰ انکا نام نہین ہوا جو ہر دم مرتبہ کعبے کا بڑھا وہ سب اخلاص ابراہیم کا تھا قدر مسجد کی خاک و سنگ سے نہین ہے ولیکن بنا مین اسکی حرص و جنگ نہین ہے انکی کتاب غیرونکی کتاب کے مانند نہین ہے اور نہ انکی مسجد و نہ خانہ نہ کسب اور نہ انکا غصہ نہ خواب و نہ غضب و نہ قیاس و نہ خیال و نہ ادب یعنی حضرت رسول مقبول صلعم کے برابر کوئی نبی نہ تھا اور نہ انکے دین کے برابر کسی کا دین تھا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

نی ز آب شان نی ز غضب شان نی نکال — نی نفاس و نی قیاس و نی خیال
هر یکے را داده حق در مرتبت — صد هزاران حشمت و هم مکرمت
هر یکے شان را یکی فرّے دگر — مرغ جان شان طائر از پرّی دگر
دل همی لرزد ز ذکر حال شان — قبلهٔ افعال ما افعال شان
مرغ شان را بیضها زرّین بُدست — نیم شب جان شان سحر گہ بین شدست
هر چه گویم من بجان نیکوی قوم — نقص گفتم گشته ناقص گوی قوم
مسجد اقصی بسازید اے کرام — که سلیمان باز آمد والسلام
ور ازین دیوان و پریان سر کشند — جمله را املاک در چنبر کشند
دیو یکدم کج رود از مکر و زرق — تازیانه آیدش بر سر چو برق
چون سلیمان شو که تا دیوان تو — سنگ برند از پی ایوان تو
چون سلیمان باش بے وسواس و ریو — تا ترا فرمان برد جنّی و دیو
خاتم تو این دل است و هوش دار — تا نگردد دیو را خاتم شکار
پس سلیمانی کند بر تو مدام — دیو با خاتم حذر کن والسلام
آن سلیمانی دلا منسوخ نیست — در سر و سرّت سلیمانی کنیست
دیو هم وقتے سلیمانی کند — لیک هر جولاهه اطلس کے تند
دست جنباند چو دست او ولیک — در میان هر دو شان فرقیست نیک

انکا نے غصہ نہ خواب ور نہ ادب — نہ قیاس اور نہ خیال اور نہ غضب
[1] مرتبہ میں حق نے کی انکو عطا — سیکڑوں حشمت بزرگی بس سوا
کروفر ہر اک سے انکے دوسرے — مرغ جان انکے کو اڑنا اور ہے
ذکر حال انکے سے کانپے دل مرا — فعل انکا قبلہ میرے فعل کا
مرغ کا انکے ہے بیضہ مثل زر — نیم شب کو دیکھے انکی جان سحر
جان سے نیکی جو کہوں اس قوم کی — ہوؤں ناقص گو کہ وہ ناقص کہی
مسجد اقصی بناؤ اے کرام — کہ سلیمان آیا پھر ہے والسلام
[2] اس سے سرکش دیو پریاں گر ہیں — پس فرشتے سب کو زندانی کریں
دیو اکدم مکر سے ٹیڑھا چلے — اس پہ مثل برق کے کوڑا پڑے
جو سلیمان ہو کہ تا دیوان ترے — کھودیں پتھر تیرے گھر کے واسطے
ہو سلیمان کی طرح بے مکر ریو — تا ترے محکوم جن ہوویں اور دیو
ہے انگوٹھی تیرا دل ہو ہوشیار — تا انگوٹھی دیو کی نے ہو شکار
پس سلیمانی کرے تجھ پر مدام — دیو اس انگشتری سے والسلام
[3] وہ سلیمانی نہیں منسوخ ہے — اس سلیمانی کا مالک تو رکھے
دیو بھی گاہے سلیمانی کرے — لیک ہر جولاہہ اطلس کب بنے
ہاتھ ہلائے مثل ہاتھ اسکے وے — اک بڑا فرق اندر ان دونوں کے ہے

سلہ مرتبہ مین الخ ۲ شعر حق نے عطا کی انکو مراتب مین سیکڑون بزرگی وحشمت سوا ہر ایک کے کروفر سے اُن کے دوسرے ہین مرغ جان کو انکے اُڑتا اور رہا اُنکے ذکر حال سے میرا دل کانپتا ہے اور انکا فعل میرے فعل کا قبلہ ہے اُنکے مرغ کا بیضہ زرین ہے اور نیم شب کو انکی جان سحر دیکھتی ہے اس قوم کی جان سے اگر نیکی کہون ناقص گو ہون کہ وہ ناقص کہی ہے اے کرام مسجد اقصی بناؤ کہ پھر سلیمان آیا ہے والسلام یعنی اولیاء کرام کا اگر مین حال بیان کرون ناقص گو ہوتا ہون پس تم بھی مسجد اقصی بناؤ کہ سلیمان آیا ہے یعنی اپنے دلون کو لوث دنیا سے پاک کرو کہ نزول الٰہی اس مین ہو اُسی کو مسجد اقصی کہتے ہین آگے سلیمان اہل دل کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ اس سے الخ ۲ شعر اگر اس سے دیو و پریان سرکش رہین فرشتے سب کو مقید کرین اگر دیو ایکدم مکر سے ٹیڑھا چلے اُسپر مانند برق کے کوڑا پڑے سلیمان کے مانند ہو کہ تا دیو تیرے گھر کے واسطے پتھر کھودین مانند سلیمان کے بے مکر ہو کہ تا جن و دیو تیرے محکوم ہون تیرا دل انگوٹھی ہے ہوشیار رہو تا انگوٹھی دیو کی شکار نہووے کہ تجھپر سلیمانی کرے دیو ہمیشہ اس انگشتری سے یعنی انگشتری دل کو اپنے محفوظ رکھ کہ نفس تیرا اسکو اپنا مغلوب کر کے تجھپر حکومت نہ کرے کیونکہ دل کو قلب اسی واسطے کہتے ہین کہ جب روح کا غلبہ ہوتا ہے تو دل روح کی جانب پلٹ جاتا ہے اور جبکہ نفس کو غلبہ ہوتا ہے تو اسکا مطیع ہوتا ہے کیونکہ قلب پلٹنے والی شے کو کہتے ہین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ سلیمانی الخ ۳ شعر وہ سلیمان منسوخ نہین ہے کیونکہ اس سلیمانی کے مالک کو تو رکھتا ہے کبھی دیو بھی سلیمانی کرے ولیکن ہر ایک جولاہہ کب اطلس بنتا ہے ہاتھ ہلاتا ہے مثل ہاتھ اُسکے ولیکن ایک بڑا فرق ہے ان دونون کے اندر یعنی حکومت روح کی منسوخ نہین ہے اور تجھ مین موجود ہے پس حکومت روح اور حکومت نفس مین بڑا فرق ہے جیسے دونون حسن نام وزیرون مین فرق تھا چنانچہ انکا قصہ مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

قصہ شاعر و صلہ دادن شاہ و یکے دہ کردن وزیر حسن نام

قصہ شاعر و صلہ دینا بادشاہ کا اور ایک کو دس کرنا وزیر حسن نام کا

در بیان این حدیث معنوی	یک حکایت بشنو اندر مثنوی	اس بیان میں ہے حدیث معنوی	اک حکایت سُن تو اندر مثنوی
شاعرے آورد شعرے پیش شاہ	بر امید خلعت و اکرام و جاہ	ایک شاعر شعر لایا پیش شاہ	واسطے امید خلعت اور جاہ
شہ مکرم بود فرمودش ہزار	از زر سرخ و کرامات و نثار	شہ کریم از بسکہ تھا اسکو ہزار	اشرفی دلوائین از راہ نثار
پس وزیرش گفت کاین اندک بود	دہ ہزارش ہدیہ دہ تا وا رود	پس وزیر اس سے یہ بولا ہے قلیل	دس ہزار انعام دے تا ہو جلیل
از چنون شاعر پس از تو بحر دست	دہ ہزارے ہم کہ گفتم اندک ست	ایسے شاعر کو سخی تجھ جیسے سے	دس ہزار اب جو کہا تھوڑا وہ ہی
قصہ گفت آن شاہ را و فلسفہ	تا بر آمد عشر خرمن از کفہ	مدح کی پس عقل شہ کی سنے تا	عشر اک گندم کے خرمن سے ملا
دہ ہزارش داد و خلعت در بہ خورش	خانۂ شکر و ثنا گشت آن سرش	دس ہزار اور خلعت اک بھاری دیا	اسکا سر شکر و ثنا سے پر ہوا
پس تفحص کرد کاین سعی کہ بود	شاہ را اہلیت من کے نمود	کی تجسس کسنے سعی میری کری	شہ کو اہلیت مری کسنے کہی
پس بگفتندش فلان الدین وزیر	آن حسن نام و حسن خلق و ضمیر	پس کہا اسکو حسن نامی وزیر	ہے فلان اور حسن خلقون کا امیر
در ثنائے وے یکے شعر دراز	بر نوشت و سوئے خانہ رفت باز	مدح میں اسکی قصیدہ اک لکھا	بسکہ عمدہ اور گھر اپنے گیا
بے زبان و لب ہمان نعمائے شاہ	مدح شہ میکرد و خلعتہائے شاہ	بے زبان و لب سے مدح کرتے تھے	خلعت و نعمات وہ اس شاہ کے

باز آمدن شاعر بعد چندین سال بامید ہمان صلہ و ہزار دینار فرمودن شاہ

پھر آنا شاعر کا بعد چند سال کے بامید اسی صلے کے اور ہزار دینار کا حکم دینا شاہ کا

۱ اس بیابان مین آلخ ۴ شعر اس بیابان مین قول معنوی کا ہے تو ایک حکایت سُن مثنوی مین ایک شاعر آگے بادشاہ کے شعر لایا واسطے امید خلعت وجاہ کے بادشاہ از بسکہ کریم تھا اس کو ہزار اشرفیان دلائین از راہ تصدق کے پس وزیر نے اس سے کہا کہ یہ قلیل ہے دس ہزار انعام لے کہ تا بہتر ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵ ایسے شاعر آلخ ۷ شعر ایسے شاعر کو تجھ جیسے سخی سے دس ہزار جو مین نے کہا وہ بھی تھوڑا ہے عقل شہ کی اس نے مدح کی تا عشر اک گندم کہ خرمن سے ملا ہے دس ہزار اشرفی اور ایک خلعت بھاری دیا اُس کا سر شکر و ثنا سے پر ہوا اُس نے تجسس کیا کہ میری سعی کس نے کی اور شاہ سے میری اہلیت کس نے بیان کی پس لوگون نے اسکو کہا کہ حسن نامے وزیر کہ فلانا ہے اور یہ حسن خلق کا امیر ہے اُس کی مدح مین ایک قصیدہ لکھا از بسکہ عمدہ اور اپنے گھر گیا بے زبان اور لب سے مدح کرتے تھے وہ خلعت اور نعمات اس بادشاہ کی آگے شاعر کا بیان ہے فافہم ۱۲

بر قاعدۂ خویشش و گفتن وزیر نو ہم حسن نام شاہ را کہ این سخت بسیار است و ما را خرجہاست و خزینہ خالی ست و من اورا بہ دہ یکے راضی کنم

اوپر قاعدے اپنے کے اور کہنا نئے وزیر حسن نام کا شاہ کو کہ یہ بہت دشوار ہے اور خرچ ہمارا زیادہ ہے اور خزانہ خالی ہے مین اسکو دس سے ایک پر راضی کرتا ہون

بعد سالے چند بہر رزق گشت
شاعر از فقر و عوز محتاج گشت

گفت وقت فقر و تنگی دو دست
جست و جوے آزمودہ بہتر است

در گہے را کآزمودم از کرم
حاجت نو را ہمان جانبم

معنی اللہ گفت آن سیبویہ
یولہون فی الحوائج ہم لدیہ

گفت الہنا فی حوائجنا الیک
والتمسنا ہا وجدنا ہا لدیک

صد ہزاران عاقل اندر وقت درد
جملہ نالان پیش آن دربان فرد

ہیچ دیوانہ فلیوی آن کند
بر بخیلے عاجزے کدیہ کند

گر ندیدندے ہزاران بار بیش
عاقلان کے جان کشیدندے بہ پیش

بلکہ جملہ ماہیان در موجہا
جملہ پرندگان بر اوجہا

بلکہ جملہ موجہا بازی کنان
ذوق و شوقش اعیان اندر عیان

پیل و گرگ و صید و اشکار نیز
اژدہاے زفت و مور و مار نیز

بعد تھوڑے سال کے وہ رزق کو
ہو گیا محتاج شاعر تنگ ہو

سوچا وقت تنگدستی فقر کے
آزمودہ کی تجسس خوب ہے

آزمائی جو کرم سے بارگاہ
پھر نئی اسکو کروں حاجت پناہ

معنی اللہ کے کہے وہ سیبویہ
یولہون فی الحوائج ہم لدیہ

گفت الہنا فی حوائجنا الیک
والتمسنا ہا وجدنا ہا لدیک

لاکھوں عاقل رنج کے وقت انکے
روتے ہین سب آگے اس دربان کے

کوئی دیوانہ کرے بیہودگی
کہ بخیل عاجز سے مانگے بھیک بھی

گر نہ صد ہا بار افزون دیکھتے
آگے اسکے جان نہ عاقل کھینچتے

بلکہ ماہی جملہ اندر موج کے
اور پرندے جملہ اوپر اوج کے

بلکہ جملہ موج بازی کرتے ہین
ذوق شوق انکے ہین ہین افزائشین

شیر ہاتھی بھیڑیے اور بھی شکار
اژدہاے فربہ اور بھی مور و مار

سہ بعد الخ ۳ شعر چند سال کی بعد رزق کو وہ شاعر محتاج ہو گیا تنگ ہو کر وقت تنگدستی و فقر کے سوچا کہ آزمودہ کی تجسس خوب ہے جو بارگاہ کہ کرم سے آزمائی پھر اسکو حاجت پناہ نئی کرون آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سہ معنی الخ ۵ شعر معنی اللہ کے سیبویہ شاعر نے کہے ترجمہ خواہش کرتے ہین حاجتون مین طرف اسکے ترجمہ کہا کہ عجز کرتے ہین ہم حاجتون مین تیری طرف ڈھونڈھتے ہین ہم تجھسے اور پاتے ہین ہم تجھسے اور پاتے ہین ہم نزدیک تیرے لاکھون عاقل رنج کے وقت روتے ہین آگے اس خدا کے کوئی دیوانہ بیہودگی کرے کہ بخیل عاجز سے بھیک مانگے اگر صدہا بار بلکہ زیادہ نہ دیکھے آگے اس کے جان عقلمند نہ رکھتے یعنی اللہ کے روبرو سب روتے و عجز کرتے ہین اور اسی سے حاجت چاہتے پس اللہ کے معنی حاجت روا کرنے والے کے ہین کیونکہ الہ مشتق الہ سے ہے اور آلہ معنی حاجت روا کے ہین بقول بحر العلوم آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سہ بلکہ الخ ۲ شعر بلکہ ماہی اندر موج کے اور جملہ پرند اوپر اوج کے بلکہ جملہ موج بازی کرتے ہین ان کے ذوق و شوق کو ہے زیادتی شیر و گرگ و فیل و شکار اژدہا فربہ و بھی مور و مار بلکہ باد و خاک و آب و نار اس سے مایہ پاتے ہین اور بہار ہر دم اس سے عجز کرتا ہے آسمان کہ اسے حق مجکو عاجز مت رکھ ایک زمانہ تیری عصمت میری تھم ہے بالیقین دونون ہاتھون مین ہے ترجمہ لپیٹا ہوا ہے دست قدرت مین یعنی جملہ اشیا دنیا مین پیش حق عجز کرتے ہین کہ وہ حاجت روا عالم ہے کہ اسکے سب دست قدرت مین ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سہ خواہش کرتے ہین حاجتون مین طرف تیرے
سہ ڈھونڈھتے ہین ہم تجھسے اور پاتے ہین ہم نزدیک تیرے ۱۲

بلکه خاک و آب و باد و هم شرار
هر دمش لابه کنان این آسمان
استن من عصمت و حفظ تو است
وین زمین گوید که دارم برقرار
جمله گان کیسه از و بر دوختند
هر نبی زد بر آورده برات
هین از و خواهید نے از غیر او
در بجو آبی از دگر هم او دهد
آنکه معرض را ز زر قارون کند
بار دیگر شاعر از سودای داد
هدیه شاعر چه باشد شعر نو
محسنان با صد عطا و جود و بر
پیش شان شعری به از صد تنگ شکر
آدمی اول حریص نان بود
سوی کسب و سوی غصب و صد حیل
چون بنادر گشت مستغنی ز نان
تا که اصل و نسل او را یه بود هد
تا که کر و فر ز نخشی او

مایه زو یابند و هم دی هم بهار
که فرو مگذارم ای حق یک زمان
جمله مطوی یمین آن دو دست
ای که بر آبم تو کردی استوار
دادن حاجت از و آموختند
استعینوا منه صبرا او صلات
آب در یم جو مجو از خشک جو
بر کف میلش سخا هم او نهد
رو بد و آری بطاعت چون کند
رو بسوی آن شه محسن نهاد
پیش محسن آرد و بنهد گرو
زر نهاده شاعران را منتظر
خاصه شاعر که گهر آرد ز قعر
زانکه قوت نان ستون جان بود
جان نهاده بر کف از حرص و امل
عاشق نام است و مدح شاعران
در بیان فضل او منبر نهند
تا چو عنبر بود مدح در گفت و گو

بلکه باد و خاک و آب اور بھی شرار
ہر دم اس سے عجز کرتا آسمان
تیری عصمت ہے مری تھم بالیقین
اور زمین کہوے قرار اب مجکو دے
گنج اس سے جملہ کانون نے لئے
ہر نبی نے اس سے حاصل کی برات
چاہ اس سے اور غیرون سے نہ لے
گر تو چاہے غیر سے بھی وہ ہی دے
زر سے وہ گمراہ قارون کو کرے
۵۲ پھر جو شاعر کو خیال داد تھا
شاعرون کا تحفہ کیا ہی شعر نو
اور محسن سو عطا و جود سے
شعر بہتر اسکو ابریشم سے ہی
آدمی اول حریص نان ہے
سو کسب و سوی غضب و مکر کے
ہے وہ نادر جو غنی ہو نان سے
تا وہ اصل و نسل کا بھلا اسکو دین
تا کہ اسکی ہیبت جود نکو

مایہ اس سے پائین وہ اور بھی بہار
کہ مجھے عاجز نہ رکھ حق اک زمان
دونون ہاتھوں میں ہر مطوی ہیں
ای کہ رکھا آب پر تونے مجھے
اس سے بس حاجت روائی آگئی ہے
استعینوا منه صبرا او صلات
چاہ دریا سے نہ نہر خشک سے
ہاتھ پر سیل سخا بھی وہ رکھے
تو کرے طاعت تو کیا کچھ مجکو دے
اس شہ محسن کی سو آیا چلا
آگے محسن کے رکھیں لا کر کے وہ
زر رکھے کہ منتظر شاعر کا ہے
خاصہ شاعر جو گہر خیری کرے
کیونکہ قوت نان ستون جان ہے
حرص اور امید سے بس جان دے
مدح شاعر نام کا شائق رہے
اسکی شرح فضل میں منبر رکھیں
گفتگو میں مثل عنبر دیوے بو

۵۱ اور زمین الخ ۶ شعر زمین کہے کہ مجکو قرار دے اے خدا تونے مجکو آب پر رکھا ہے اس سے سب کانون نے گنج لئے اور اس سے حاجت روائی سب کی ہے ہر ایک نبی نے اس سے برائت پائی ترجمہ مدد چاہو تم اس سے صبر و صلات میں اس سے چاہ اور غیرون سے نہ لے اور دریا سے چاہ نہر خشک سے مت چاہ اگر تو غیر سے چاہے بھی وہ ہی تجکو دے اور ہاتھ پر رغبت سخاوت کی بھی وہ ہی رکھے وہ گمراہ کو زر سے قارون کرے اگر تو طاعت کرے تو وہ تجکو کیا کچھ دے یعنی وہ خالق سب کو اپنے لطف و کرم سے سب کچھ دیتا ہے جبکہ اپنے گمراہون کو وہ دیتا ہے اگر اسکی طاعت کریگا تو وہ کیا کچھ تجکو دیگا آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ پھر وہی الخ ۹ شعر پھر وہی شاعر خیال داد سے اسی بادشاہ حسن کے پاس آیا شاعرون کا کیا تحفہ ہے شعر نو کو وہ لاکر آگے محسن کے رکھیں اور محسن سو عطا و جود سے زر رکھے کہ شاعر کا منتظر ہے اسکو شعر بہتر ہے ابریشم سے خاصکر وہ شاعر کہ جو گوہر خیزی کرے آگے اسکے حقائق ہیں آدمی اول حریص روٹی کا ہو کیونکہ قوت نان ستون جان کی ہے طرف کسب و غضب و مکر کے حرص امید سے جان دیتا ہو وہ نادر ہو کہ جو نان سے غنی ہو اور مدح شاعر نام آوری کا شائق ہو تاکہ وہ اصل و نسل کا اسکو بھلا دین اور اسکے فضل کی شاخ میں منبر پر چڑھین تاکہ اسکی ہیبت نیک جو نیک مثل عنبر کے گفتگو میں بودے یعنی حارص تو مدح چاہتے ہیں مگر نادر ہو کہ غنی مدح شاعر و نام آوری چاہے کہ منبر پر بیٹھکر اسکی مدح گوئی کرین آگے مدح پسندی کا بیان ہو فافہم ۱۲

خلق ما بر صورت خود کرد حق ۔ وصف ما از وصف او گیرد سبق
چونکہ آن خلاق شکر و حمد جوست ۔ آدمی را مدح جوئی نیز خوست
خاصہ مرد حق کہ در فضل ست چست ۔ پُر شود زان باد چون مشک درست
ور نباشد اہل زان باد دروغ ۔ خیگ بدریدست کے گیرد فروغ
این مثل از خود نگفتم اے رفیق ۔ سرسری مشنو چو اہلی و شفیق
این پیمبر گفت چون بشنید قدح ۔ کہ چرا فربہ شود احمد بہ مدح
رفت شاعر سوے آن شاہ و ببرد ۔ شعر اندر شکر احسان کان نمرد
محسنان مردند احسانہا بماند ۔ اے خنک آنرا کہ این مرکب براند
ظالمان مردند و ماند آن ظلمہا ۔ وائے جانے کو کند مکر و دغا
گفت پیغمبر خنک آنرا کہ او ۔ شد ز دنیا ماند ازو فعل نکو
نام نیک او ز فعل نیک دان ۔ پس نمردست او یقین بنگر عیان
مرد محسن لیک احسانش نمرد ۔ نزد یزدان دین و احسان نیست خرد
وائے آن کو مرد عصیانش نمرد ۔ تا نپنداری بمرگ او جان ببرد
این رہا کن زانکہ شاعر برگذر ۔ وام دارست و قوی محتاج زر

[۵۱] اپنی صورت پر ہمیں پیدا کیا ۔ ہم نے وصف اسکے سے وصف اپنا لیا
جو کہ وہ خالق ہے شکر و حمد جو ۔ مدح جوئی آدمی کی بھی ہے خو
خاص مرد حق کہ فضل از بس رکھے ۔ باد سے پُر ہو وہ مثل مشک کے
گر نہیں ہے اہل وہ اس باد کا ۔ ہو شکستہ مشک کب پھولے بھلا
یہ مثل نے آپ سے میں نے کہی ۔ تو اگر ہے اہل مت سن سرسری
یہ پیمبر بولے جو قدح سنے ۔ کس لئے فربہ ہوا احمد مدح سے
[۵۲] سوئے شہ شاعر گیا اور لیگیا ۔ شعر شکر احسان میں کہ نہ مرا
مرگئے محسن و بس احسان رہا ۔ خوب ہو وہ جسنے یہ احسان کیا
مرگئے ظالم و بس ظلم اب رہا ۔ حیف اُس جان پر کرے مکر و دغا
بولے پیغمبر کہ وہ ہے نیک خو ۔ چھوڑ دنیا میں گیا فعل نکو
نام نیک اسکا ہے فعل نیک سے ۔ نے مرا وہ بالیقین تو دیکھ لے
مرگیا محسن و احسان نے مرا ۔ آگے حق کے دین و احسان ہے بڑا
حیف اُسپر وہ مرا عصیان رہا ۔ تاکہ تو جانے نہیں ہے وہ مرا
چھوڑ اسکو کیونکہ شاعر رزق سے ۔ ہے قرضدار اور بہت محتاج ہے

بردن شاعر شعر را سوے شاہ و خساست وزیر

لیجانا شاعر کا شعر کو پاس بادشاہ کے اور کنجوسی وزیر کی

سـ۵۱ اپنی الخ یہ شعر ہم کو حق نے اپنی صورت پر پیدا کیا اور اُس کے وصف سے ہم نے وصف لیا جو کہ وہ خالق حمد جو ہے مدح جوئی آدمی کی بھی خو ہے آگے اسکی مثال ہے خاص کر مرد حق کہ از بس فضل رکھتا ہے اور باد سے مانند مشک کے پُر ہو وے اگر وہ اس باد کا اہل نہیں ہے تو وہ مشک شکستہ ہے بھلا کب پھولے یہ میں نے مثل آپ سے نہیں کہی ہے اگر تو اہل ہے اُس کو سرسری مت سن یہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مذمت سنے احمد کس لئے فربہ ہو مدح سے یعنی خداوند عالم نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے جو اُس کی صفت ہیں وہی انسان کی صفتیں ہیں چونکہ حق حمد پسند ہے پس دوستان حق اُس مدح سے کہ وہ صفت اُن میں ہے خوش ہوتے ہیں نہ اُس مدح سے کہ لغو ہو مثل عام کے بقول بحر العلوم آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سـ۵۲ سوے شاہ الخ یہ شعر شاہ کی جانب شاعر گیا اور لیگیا شعر شکر و احسان میں کہ وہ نہیں مرا تھا آگے اس کے حقائق ہیں محسن مرگئے اور احسان رہا وہ خوب ہے کہ جسنے یہ احسان کیا ظالم مرگئے اور ظلم رہا اُس جان پر افسوس ہے کہ مکر و دغا کرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ نیک خو ہے کہ جو فعل نیک دنیا میں چھوڑ گیا اُسکا نام نیک فعل نیک سے ہے وہ بالیقین نہیں مرا تو دیکھ لے محسن مرگیا اور احسان نہیں مرا کیونکہ حق کے آگے دین و احسان بڑا ہے اسپر افسوس ہو کہ وہ مرا عصیان رہا تاکہ تو جانے کہ وہ نہیں مرا اُسکو چھوڑ کیونکہ شاعر رزق سے قرضدار اور بہت محتاج ہے یعنی احسان جملہ افعال میں پیش حق بہتر ہے کہ اگر محسن مرگیا مگر بسبب احسان کے زندہ ہے اور اسی طرح سے ظالم مگر بہ نیت ظلم کے احسان کے ساتھ زندہ رہنا بہتر ہے کہ ثمرہ اس کا نیک ہے آگے شاعر کا بیان ہے فافہم ۱۲

مرد شاعر شعر سوے شہریار — برامید بخشش و احسان یار
نازنین شعرے پُر از دُرّ درست — برامید و بوے اکرام و نخست
باز شہ برخوے خود گفتش ہزار — چون چنین بُد عادت آن شہریار
لیک این بار آن وزیر پُر ز جود — بربراق عز ز دنیا رفتہ بود
بر مقام او وزیر نو رئیس — گشتہ لیکن سخت بیرحم و خسیس
گفت اے شہ خرجہا داریم ما — شاعرے را نبود این بخشش سزا
من بربع عشر آن اے مغتنم — مرد شاعر را خوش و راضی کنم
خلق گفتندش کہ او از پیش دست — دہ ہزارے زین ملا ور بردہ است
بعد شکر کلک خائی چون کند — بعد سلطانی گدائی چون کند
گفت بفشارم ورا اندر فشار — تا شود زار و نزار از انتظار
آنگہ از خاکش دہم از راہ من — در رباید ہمچو گلبرگ از چمن
این بمن بگذار کاستادم درین — گر تقاضا گر بود ہم آتشین
از ثریا گر بپرد تا ثرے — نرم گردد چون ببیند او مرا
گفت سلطانش برو فرمان تراست — لیک شادش کن کہ نیکوگوی ماست
گفت او را دو صد امید لیس — تو بمن بگذار و آن بر من نویس
جنس او و ہمچو او سہ صد ہزار — تو رہا کن با من و بر من گذار
پس فگندش صاحب اندر انتظار — شد زمستان و دے آمد بہار

آگے شہ کے شعر شاعر لے گیا — اس طمع پر کی تھی جو پہلے سخا
شعر نازک اور گوہر سے بھرا — پہلی امیدوں پہ بخشش کے گیا
اپنی عادت پر کیے شہ نے ہزار — ایسی رکھتا تھا جو عادت شہریار
پر وہ اس دفعہ وزیر پُر سخا — کوچ اس دنیا سے اُسنے تھا کیا
ایک ہوا اُس جا وزیر نو رئیس — پر معہ شدت سے تھا بیرحم و خسیس
بولا اے شہ خرچ اپنا ہے سوا — ایک شاعر کو نہ یہ بخشش روا
عشر کی چوتھائی پر بس ہیں ابھی — مرد شاعر کو کروں راضی خوشی
خلق نے اُس سے کہا کہ دس ہزار — پہلے اسنے پائے ہیں شہ سے نثار
نیشکر کے بعد ترسل کھائے کون — بعد شاہی کے گدائی پائے کون
بولا میں اسکو نچوڑوں تنگ کر کے — انتظاری سے ہوتا عاجز بتر
اسدم اُسکو خاک دوں میں راہ سے — باغ سے لیجائے جوں گلبرگ کے
اسمیں ہوں استاد سونپ اسکو مجھے — گر ہو غصہ یا تقاضا وہ کرے
گر زمیں سے آسمان تک وہ اُڑے — ہو وے بس عاجز جو دیکھے وہ مجھے
بولا سلطان جا اجازت ہے تجھے — پر اُسے خوش کر کہ وہ مداح ہے
بولا اسکو دو سو اہل امید کو — سونپ مجکو اور لکھ بس حکم تو
جنس اسکی مثل اُسکے لاکھ کو — سونپ مجکو تو وہ دے مجکو تو
اُسکو بس صاحب نے اندر انتظار — رکھا تا سردی گئی آئی بہار

لہ آگے شہ کے الخ ۹ شعر شاعر آگے شاہ کے شعر لے گیا اُس طمع پر کہ جو پہلے سخاوت کی تھی شعر نازک اور پر گوہر لیکر اگلی بخششوں کی امید پر گیا بادشاہ نے اپنی عادت پر ہزار کیے کہ ایسی عادت بادشاہ رکھتا تھا مگر اس دفعہ اُس وزیر سخی نے اس دنیا سے کوچ کیا تھا اور اُس کی جگہ ایک نیا مقرر ہوا تھا لیکن وہ شدت سے بیرحم و خسیس تھا اُس نے کہا کہ اے شاہ اپنا خرچ سوا ہے ایک شاعر کو اتنی بخشش روا نہیں ہے میں ابھی عشر کی چوتھائی پر شاعر کو راضی و خوشی کر دوں مخلوق نے اُس سے کہا کہ دس ہزار اس نے اوّل پائے ہیں تصدق شاہ سے نیشکر کے بعد ترسل کون کھاتا ہے اور شاہی کے بعد گدائی کون پاتا ہے آگے جواب وزیر کا ہے فافہم ۱۲ ۵۲ بولا الخ ۸ شعر کہا کہ میں اس کو نچوڑتا ہوں تنگ کر کے تاکہ انتظاری سے عاجز و بدتر ہو اُس دم اگر اُس کو خاک راہ سے دوں مانند گلبرگ باغ کے لے جائے میں اس میں استاد ہوں تو اسے مجکو سونپ اگر غصہ گر ہو و یا تقاضا کرے اگر زمین سے آسمان تک وہ اُڑے پس وہ عاجز ہو وے اگر مجکو دیکھے بادشاہ نے کہا کہ جا تجکو اجازت ہے و لیکن اس کو خوش کر کہ وہ مداح ہے کہا کہ اس کو اور دو سو امیدواروں کو مجھے سونپ اور حکم مجھ پر لکھ اُس کی جنس اور اس کی مثال لاکھ کو تو مجکو دے پس وزیر نے اُس کو انتظار میں رکھا یہاں تک کہ سردی گئی اور موسم بہار آیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

شاعرش چند انکہ حاجت مینمود　　صاحبش در وعدہ حیلہ میفزود
تاکہ اندر انتظارش پیر شد　　پس زبون این غم و تدبیر شد
گفت اگر زر نہ کہ دشنامم دہی　　تا رہد جانم ترا باشم رہی
انتظارم کشت بارے گو برو　　تا رہد این جان مسکین از گرو
بعد از انش داد ربع عشر آن　　ماند شاعر اندر اندیشہ گران
کو چنان نقد و چنان بسیار بود　　وینکہ دیر شگفت دستہ خار بود
پس بگفتندش کہ آن دستور راد　　رفت از دنیا خدا مزدش دہاد
کہ مضاعف زو ہمی گشتے عطا　　کم ہمی افتاد در بخشش خطا
این زمان او رفت احسان را ببرد　　او ببرد الحق ولے احسان نمرد
رفت از ما صاحب زاد رشید　　صاحب سلاخ درویشان رسید
رو بگیر این را و زینجا شب گریز　　تا نگیرد با تو این صاحب ستیز
ما بصد حیلہ از و این ہدیہ را　　بستدیم اے بے خبر از جہد ہا
رو بایشان کرد و گفت ای مشفقان　　از کجا آمد بگوئید این عوان
چیست نام این وزیر جامہ کن　　قوم گفتندش کہ نامش ہم حسن
گفت یارب نام آن و نام این　　چون یکے آمد دریغ ای رب دین

حاجتین بتلاتا شاعر جسقدر[۵۱]　　حیلہ وعدہ مین وہ کرتا بیشتر
انتظاری مین وہ تا بوڑھا ہوا　　اس غم و تدبیر سے عاجز ہوا
بولا نے زر ہے اگر دشنام دے　　تا چھٹے جان یہ ترا بندہ رہے
انتظاری سے مرا کہہ تو کہ جا　　جان مسکین قید سے تا ہو رہا
عشر کی چوتھائی آخر دی اُسے　　رہ گیا حیران شاعر فکر سے
کہ وہ ایسا نقد اور بسیار تھا　　یہ کھلا جو دیر مین تو خار تھا
پس[۵۲] کہا اُس کو وزیر نیک پے　　گذرا دنیا سے خدا بخشے اُسے
کہ زیادہ اس سے ہوتی تھی عطا　　ہوتی کم بخشش مین تھی اس سے خطا
وہ گیا اُسوقت احسان لیگیا　　وہ مرا لیکن نہین احسان مرا
صاحب تدبیر نیک ہم سے گیا　　صاحب آزار فقرا آگیا
لے اسے اور بھاگ یان سے رات کو　　تا نہ تجھسے پھیر لے یہ جنگ جو
ہم نے سو حیلہ سے یہ تحفہ لیا　　اُس سے کوشش کرکے تو جانے ہے کیا
اُسنے متوجہ ہو بولا مشفقا　　یہ سپاہی اب کہان سے آگیا
اس وزیر بے حیا کا کیا ہے نام　　قوم بولی کہ حسن اسکا ہے نام
بولا[۵۳] یارب اسکا نام اور اُسکا نام　　ایک کیسے آیا اے رب انام

[۵۱] حاجتین الخ ۶ شعر جس قدر حاجتین شاعر بتلاتا وہ حیلہ وعدہ سوا کرتا تھا یہان تک کہ وہ انتظاری مین بوڑھا ہوا اور اسی غم و تدبیر مین رہا شاعر نے کہا اگر زر نہین ہے تو گالیان دے تا جان چھوٹے اور یہ تیرا بندہ رہے مین انتظاری سے مرا تو کہہ کہ جا تاکہ جان مسکین قید سے رہا ہو آخر کار عشر کی چوتھائی اس کو دی شاعر فکر سے حیران رہ گیا کہ وہ وزیر ایسا نقد بسیار دہندہ تھا اور یہ جو دیر مین کھلا تو خار تھا یعنی ہر کہ دیر آید درست آید اور یہ وزیر دیر مین کھلا اور خار نکلا یہ تعجب ہے آگے مقولہ قوم کا ہے کہ جو اُس وقت موجود تھے تا فہم ۱۲ [۵۲] پس کہا الخ ۸ شعر پس لوگون نے کہا کہ اسکو وزیر نیک پے دنیا سے گذرا خدا اسکو بخشے اُس سے بخشش مین کم خطا ہوتی تھی وہ اس وقت گیا اور احسان لیگیا وہ مرا لیکن احسان نہین مرا ایسے صاحب تدبیر گیا اور صاحب آزار فقرا آگیا اُس کو لے اور یہان سے رات کو بھاگ تاکہ وہ تجھسے واپس نہ کرلیوے یہ تحفہ ہمنے سو حیلہ سے لیا اُس سے کوشش کرکے تو کیا جانتا ہے اُسنے متوجہ ہو کر کہا کہ اے مشفق یہ سپاہی کہان سے آگیا ہے اس وزیر بے حیا کا کیا نام ہے قوم نے کہا کہ اسکا نام حسن ہے آگے شاعر کا بیان ہے فافہم [۵۳] بولا الخ ۴ شعر شاعر نے کہا کہ یارب اُس کا نام اور اس کا نام ایک کیسے ہوا وہ ایسا حسن تھا کہ اُس کی بخشش سے سیکڑون وزیر اس سے ہوگئے یہ حسن ایسا ہے کہ اس داڑھی سے سیکڑون رستی بنانا چاہیئے ایسے وزیر کا جو بادشاہ کہنا کرے اُس بادشاہ اور اُس کے ملک کو ہمیشہ رسوا کرے۔ یعنی بادشاہ کو چاہیئے کہ وزیر بدطینت کے کہنے پر عمل نہ کرے کہ وہ دشمن ہے کیونکہ وہ اپنے مالک کا بدخواہ ہے چنانچہ اُس وزیر کی مثال مین ہامان و فرعون کا قصہ آگے ہے فافہم ۱۲

آن حسن نامے کہ از یک کلک او	صدوزیرو صاحب آمد جو بجو	وہ حسن ایسا کہ اُسکے جود سے	سیکڑون صاحب وزیر اس سے ہوئے
این حسن کز ریش زشت این حسن	بیتوان با فیدای جان صد حسن	یہ حسن ایسا کہ اسکی ریش سے	سیکڑون رستی بنانا چاہیئے
بر چنین صاحب چو شہ اصغا کند	شاہ و ملکش را ابد رسوا کند	ایسے صاحب کا جو شہ کہنا کرے	ملک ورشہ کو سدا رسوا کرے

دانستن بدرائی این وزیر دون درافساد مروت شاہ بہ وزیر فرعون یعنے ہامان درافساد قبول اوپند موسیٰ را

کج فہمی اس وزیر کی خرابی مروت شاہ مین مانند وزیر فرعون یعنی ہامان کے کہ پند موسیٰ کی قبول کرنے مین وہ خرابی کرتا تھا

چند آن فرعون میشد نرم و رام	چون شنیدی او ز موسیٰ آن کلام	نرم[۱] دل فرعون کا کچھ ہوتا تھا	جو کلام پاک موسیٰ سنتا تھا
آن کلامے کہ بداد ے سنگ شیر	از خوشی آن کلام بے نظیر	وہ کلام ایسا کہ دیتا سنگ شیر	پس خوشی اسکی سے جو تھا بے نظیر
چون بہامان کہ وزیرش بود او	مشورت کردی کہ کینش بود خو	جبکہ وہ ہامان سے کہ تھا وزیر	مشورت کرتا کہ اُسکا تھا مشیر
پس بگفتی تاکنون بودی خدیو	بندہ گردی ژندہ پوشی را بریو	پس وہ کہتا اب تلک تو شاہ تھا	بندہ ہووے اب تو گدڑی پوش کا
ہم چو سنگے منجنیقے آمدی	آن سخن بر شیشہ خانہ او زدی	وہ سخن جون سنگ گوپھن آتا تھا	اسکے شیشہ خانہ کو تھا توڑتا
ہرچہ صد روز آن کلیم خوش خطاب	ساختی در یکدم او کردی خراب	جو بہت دن مین کلیم خوش خطاب	پس بنایا کرتا وہ دم مین خراب
عقل تو مغلوب دستور ہواست	در وجودت رہزن راہ خداست	عقل[۲] ہی بس تیری محکوم ہوا	وہ ہی تن مین رہزن راہ خدا
ناصحے ربانیے پندت دہد	این سخن را او بفن طرحی نہد	ناصحے ربانی پندین دے تجھے	پھیر دے اس بات کو وہ مکر سے
کاین نہ برجا ایست ہین از جا مشو	نیست چندان با خود آ شیدا مشو	کہ نہ یہ سچ ہی تو ہرگز مت پھرے	ہوش مین آ اُسکا شیدا مت بنے

[۱] نرم دل الخ ۶ شعر فرعون کا دل نرم ہوتا تھا کہ جو کلام پاک موسیٰ علیہ السلام کا سنتا تھا وہ ایسا کلام تھا کہ سنگ شیر دیتا بسبب اُسکی خوشی کے کہ وہ جو بے نظیر تھا جبکہ وہ ہامان وزیر سے مشورہ کرتا کہ وہ مشیر اُس کا تھا پس وہ کہتا کہ تو اب تک بادشاہ تھا اب تو ایک گدڑی پوش کا بندہ ہووے وہ بات مانند سنگ گوپھن کے آتی تھی اور اس کے شیشہ خانہ کو توڑتی تھی جو کلیم بہت روز مین بنا کرتا تھا وہ دم بھر مین خراب کر دیتا تھا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ [۲] عقل ہے الخ ۶ شعر تیری عقل محکوم ہوا کی ہے کہ وہ تن مین رہزن راہ خدا ہے تجکو ناصح ربانی نصیحتین دے وہ مکر سے اس بات کو پھیر دے کہ یہ سچ نہین ہے تو ہرگز مت پھرے ہوش مین آ اور اسکا شیدا مت بنے افسوس ہے اُس بادشاہ پر کہ وزیر اُس کا یہ ہو وہ دونون دوزخ مین جائین وہ بہت اچھا بادشاہ ہے کہ اُسکا دستگیر کامون مین آصف سا وزیر ہو جو اُس کے نزدیک شاہ عادل ہو معنی نورا ورنور کے اب یہ ہون گے یعنی تیری عقل نفس کی محکوم ہے جو تو پند مرشد کی سنے اور وہ اس سے تجکو پھیر دے پس تو اس سے پناہ مانگ اور مرشد کی ہدایت پر چل اور اگر نفس عقل کا مطیع ہووے اور مرشد کی راہ پر چلے یہ نور علےٰ نور ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

واے آن شہ کہ وزیرش این بود | جاے ہردو دوزخ پر کین بود
شاد آن شاہے کہ اورا دستگیر | باشد اندر کار چون آصف وزیر
شاہ عادل چون قرین او شود | معنی نور علیٰ نورا این بود
چون سلیمان شاہ وچون آصف وزیر | نور بر نور است عنبر بر عبیر
شاہ فرعون وچو ہامانش وزیر | ہردو را نبود ز بدبختی گزیر
پس بود ظلمات بعض فوق بعض | نے خرد یارو نہ دولت روز عرض
من ندیدم جز شقاوت در لئام | گر تو دیدستی رسان از من سلام
ہمچو جان باشد شہ و صاحب چو عقل | عقل فاسد روح را آرد بہ نقل
آن فرشتہ عقل چون ہاروت شد | سحر آموز دو صد طاغوت شد
عقل جزوے را وزیر خود مگیر | عقل کل را ساز اے سلطان وزیر
مر ہوا را تو وزیر خود مساز | کہ برآید جان پاکت از نماز
کاین ہوا پر حرص و حالی بین بود | عقل را اندیشہ یوم الدین بود
عقل را دو دیدہ در پایان کار | بہر آن گل میکشد او رنج خار
کہ نہ فرساید نہ ریزد در خزان | باد ہر خرطوم اخشم دور ازان
ورچہ عقلت ہست با عقل دگر | یار باش و مشورت کن اے پسر
با دو عقل از بلاہا وارہے | پاے خود بر اوج گردونہا نہی

حیف اُس شہ پر وزیر اُس کا یہ ہو | دوزخ پر کین ہین جائین دونون وہ
خوب ہو وہ شہ کہ اُسکا دستگیر | کام کے اندر ہو آصف سا وزیر
شاہ عادل ہووے نزدیک اسکے جو | معنی نور علیٰ نور اب یہ ہو (نور او بر نور کے ۱۲)
چون سلیمان شاہ چون آصف وزیر | نور پر ہے نور عنبر پر عبیر (نور کے ۱۲)
شاہ فرعون اُسکا ہامان ہو وزیر | نے ہو بدبختی سے دونون کو گزیر
ہووے ظلمات بعض و فوق بعض | عقل نے یار و نہ دولت روز عرض
(اندھیرے پر اندھیرا دوسرا ۱۲) نے بدون کا جز شقاوت دیکھا کام | تو نے گر دیکھا مرا ہو پہنچا سلام
مثل جان ہو شاہ صاحب مثل عقل | عقل فاسد روح کو دیتی ہے نقل
وہ فرشتہ عقل چون ہاروت ہو | سحر سیکھے اور سو گمراہ ہووے
عقل جزوی کو نہ کر اپنا وزیر | عقل کل کو اپنا کر شاہا وزیر
تو ہوا کو مت وزیر اپنا بنا | کہ نمازون سے تری جان ہو جدا
گر ہوا ہے دیکھے نقد حال کو | آخرت کی عقل کو بس فکر ہو
عقل کی دو آنکھ ہے انجام کار | واسطے اُس گل کے کھینچے رنج خار
کہ نہین ابتر کرے اسکو خزان | اور نہ کوئی بھنڈ پر بو ہو عیان
گر تری عقل عقل ثانی کے ہے ساتھ | یار ہو اور مشورت کر اسکے ساتھ
تو بلا سے چھوٹے ان دو عقل سے | پانون اپنا اوج گردون پر رکھے

نشستن دیو بر مقام سلیمان علیہ السلام و تشبیہ | بیٹھنا دیو کا اوپر مقام سلیمان ع کے اور تشبیہ کرنا

مین نے اب دیکھا ہی پانی وان شتاب — تم چلو اس جا پہ اور وہ ہو سراب

ہر قدم اس آب سے تا ہووے دور — جائے جو سوے سراب با غرور

وہ غرور اک عین پردہ ہو گیا — اس لئے کہ آیا اور تجھسے ملا

پس غرور اس جا پہ کرتا ہی کوئی — کہ غرض ہوتی ہی کچھ اس جا سے ہی

شوخی اس خفتہ کی نہ کچھ کام کی — ہی خیال اک وہ اسے چھوڑ دے ابھی

تو بھرا ہی خواب سے پر رہ کے سو — اللہ اللہ راہ پر اللہ کے سو

کوئی سالک تا گذر تجھپر کرے — دور غفلت کے خیالون سے کرے

فکر اک باریک گر خفتہ کو ہو — وہ نہ اس دقت سے پائے راہ کو

فکر خفتہ دوئی اور تگنی ہو گر — ہی خطا اندر خطا کے بیشتر

گرچہ آنکھ اسکی ہی تیز اور پر ضیا — ہی غبار اندر غبار اندر فنا

بے چلے اک موج اسپر آئے ہی — خفتہ اک صحرا مین ہی گردش کرے

دیکھتا ہی تشنگی خفتہ شدید — آب اقرب منہ من حبل الورید

سلہ منہ کے بل الخ ۹ شعر جس جا پھر منہ کے بل گرے جب کہ جان و دیدہ حال مین ہے دور بین بے ہنر دور دیکھے جیسے خواب مین دور تر دیکھے تو نہر پر خفتہ ہے ولیکن خشک لب ہے اور طلب مین دھوکہ کی جانب دوڑے تو دور سے دھوکا دیکھے اور دوڑے اور عاشق اس اپنی دید کا تو ہووے خواب مین تو یارون سے شیخیان مارے کہ میرا دل بینا اور باطن عیان ہے مین نے وہان پانی اب دیکھا تم جلد اس جا پر چلو اور وہ دھوکا ہو یعنی جو کہ حال روشن ہوگا تو جان جائے گا منہ کے بل گرے گا اور سراب کو آب جانے گا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ ہر قدم الخ ۷ شعر اس آب سے تو ہر قدم دور ہوئے جو تو جاوے طرف سراب باغرور کے وہ غرور عین ایک پردہ ہو گیا اسواسطے کہ آیا اور تجھ سے ملا پس اس جا پر کوئی غرور کرتا ہی کہ اس جا سے کچھ غرض ہوتی ہی کہ اس خفتہ کی شیخی کچھ کام کی نہین وہ ایک خیال ہی اسے چھوڑ دے تو خواب سے بھرا ہی ولیکن راہ پر ہو اللہ اللہ راہ پر اللہ کے سو تا کہ کوئی سالک تجھپر گذر کرے اور غفلت کے خیالون سے دور کر دے اگر خفتہ کو ایک فکر باریک ہو وہ اس دقت سے راہ کو نہ پائے یعنی تو مرشد یا کار سے دور رہ اور اگر تجکو غفلت ہی تو راہ سلوک پر رہ کہ کوئی سالک تجھے اس غفلت سے چھڑاوے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ فکر خفتہ الخ ۵ شعر فکر خفتہ اگر دوئی و تگنی ہی خطا اندر خطا کے بیشتر ہی اگرچہ اسکی آنکھ تیز و پر ضیا ہے غبار اندر غبار اندر فنا کے ہی اسپر ایک موج بغیر چلے آتی ہی خفتہ ایک صحرا مین گردش کرتا ہی خفتہ تشنگی شدید دیکھتا ہی پانی نزدیک تر ہی گلے کی رگ سے یعنی غافل خدا کو ڈھونڈھتا ہی اور حالانکہ خدا اسکے نزدیک رگ گردن کے ہی زاہد کی حکایت مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

حکایت آن زاہدے کہ در سال قحط خندان و شاد بود با مفلسی و بسیاری عیال و خلق می مردند از گرسنگی باو گفتند کہ ہنگام تعزیت است نہ شادی و جواب او

حکایت اُس زاہد کی کہ قحط سالی مین خوش اور ہنستا تھا باوجود مفلسی و کثرت عیالداری کے اور مخلوق مارے بھوک کے مرتی تھی اور کہتی تھی کہ وقت غم کا ہی نہ کہ شادی کا اور جواب دینا اُسکا

ہمچنان کان زاہد اندر سال قحط ۔ بود او خندان و گریان جملہ رہط

پس بگفتندش چہ جای خندہ است ۔ قحط بیخ مومنان برکندہ است

رحمت از ما چشم خود بر دوختہ است ۔ ز آفتاب تیز صحرا سوختہ است

کشت و باغ و رز سیہ افتادہ است ۔ در زمین نم نیست نی بالا نہ پست

خلق می میرند زین قحط و عذاب ۔ دہ دہ و صد صد چو ماہی دور از آب

بر مسلمانان نمی آری تو رحم ۔ مومنان خویشند یکتن شحم و لحم

رنج یک جزوے ز تن رنج ہمہ است ۔ گر دم صلح است یا خود ملحمہ است

گفت در چشم شما قحط است این ۔ پیش چشمم چون بہشت است این زمین

من ہمی بینم بہر دشت و مکان ۔ خوشہ ہا انبہ رسیدہ تا میان

خوشہ ہا در موج از باد صبا ۔ بر بیابان سبز تر از گندنا

۱ جیسے وہ زاہد کہ اندر قحط کے ۔ ہنستا پھرتا روتے سب انسان تھے

پس کہا اسکو کہ کیا ہنسنے کی جا ۔ مومنون کو قحط نے ابتر کیا

ہمسے بس رحمت نے آنکھ اب پھیر لی ۔ آفتاب تیز سے صحرا جلی

کھیت و باغ انگور جملہ جل گئے ۔ نے زمین مین پانی نے اوپر تلے

مرتی ہی خلق اس عذاب قحط سے ۔ سیکڑون جون مچھلیان بے آب کے

تو مسلمانون پہ نے کرتا ہی رحم ۔ مومن آپسمین ہین سب اک جسم و لحم

رنج اک جز جملہ تن کا رنج ہے ۔ صلح و جنگ ہر جزو کا سب کل کا ہم

۲ بولا تمکو قحط دکھتا اب یہ ہی ۔ مثل جنت ہی یہ میرے سامنے

دیکھتا ہون مین ہر اک دشت و مکان ۔ تا کمر خوشون سے پر ہی بس عیان

موجزن خوشہ صبا سے بسکہ ہین ۔ گندنا سان سبز تر بس دشت ہین

---

۱ جیسے الخ ۷ شعر جیسے وہ زاہد کہ قحط مین ہنستا پھرتا تھا اور سب انسان روتے تھے پس اُس سے کہا کہ ہنسنے کی کیا جا ہی مومنون کو قحط نے ابتر کیا ہے رحمت نے اب ہم سے آنکھ پھیر لی ہے اور آفتاب تیز سے صحرا جلا جملہ کھیت و باغ جل گئے نہ زمین مین پانی ہی اور اوپر نیچے خلق مرتی ہے سیکڑون اس عذاب قحط سے مانند مچھلیون کے بے آب تو مسلمانون پر رحم نہین کرتا ہی کہ مومن آپس مین سب ایک جسم و گوشت ہین ایک جزو کا رنج جملہ بدن کا رنج ہی صلح و جنگ ہر جزو کا سب کل رکھتا ہی یعنی انسان کل آپس مین جزو ہین کہ رنج ایک کا سب کو بے چین کرتا ہی بقول سعدی علیہ الرحمہ ف چو عضوے بدرد آورد روزگار ؛ دگر عضوہا را نماند قرار آگے جواب زاہد کا ہی فافہم ۱۲ ۲ بولا الخ ۶ شعر بولا کہ تمکو اب یہ قحط دکھائی دیتا ہی اور میرے روبرو یہ مانند جنت کے ہی مین دیکھتا ہون ہر ایک دشت و مکان کمر تک خوشون سے پر ہے عیان صبا سے اور بس موجزن خوشے ہین گندنا کے مانند سبز تر دشت مین آزمانے کو مین انکو چھوتا ہون پس کیونکر مین انسے دست بردار ہون تم فرعون تن کے باعث اسواسطے نیل تمپر خون ہوا تم موسی عقل کے جلد یار ہو تا خون نہووے اور آپکو دیکھو یعنی تم اپنے نفس تن کے بندے ہو اسکو چھوڑو اور عقل کے یار ہو تا تمکو معنی

ظاہر دکھائی دین آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

ز آزمودن دست بر رو میزنم	دست و چشم خویش را چون بر کنم
یار فرعون تنید ای قوم دون	زان نماید مر شما را نیل خون
یار موسی خرد گردید زود	تا نماند خون و بینید آب رود
از پدر با تو جفاے چون رود	آن پدر در چشم تو سگ میشود
آن پدر سگ نیست تاثیر جفاست	که چنان رحمت نظر را سگ نماست
گرگ میدید یوسف را بچشم	چونکہ اخوان را حسودی بود و خشم
با پدر چون صلح کردی خشم رفت	آن سگے شد گشت بابا یار رفت

آزمانے کو مین چھوتا انکو ہون	دست بردار انسے مین کیونکر رہون
یار تم فرعون تن کے ہو بھلا	نیل خون اسواسطے تم پر ہوا
یار موسے عقل کے تم جلد ہو	تا نہووے خون دیکھو آب کو
باپ سے تجھپر گر جفائین ہیں کرے	باپ تیری آنکھ مین کتا دکھے
باپ نے کتا ہے تاثیر جفا	کہ تو دیکھے ایسی رحمت سگ نما
دیکھتے تھے گرگ یوسف کو بچشم	بھائیون کو جو حسد تھا اور خشم
باپ سے جو صلح کی غصہ گیا	نے رہا وہ کتا پن بابا دکھا

در بیان آنکه مجموع عالم صورت عقل کل است

چون با عقل کل کژ روی صورت عالم
ترا غم فزاید اغلب احوال چنانکه دل
با پدر عقل بد کردی صورت پدر ترا
غم فزاید و نتوانی او را دیدن با آنکه
او را نور دیده بودی

بیان مین اسکے کہ مجموع عالم صورت عقل کل

ہی جو عقل کل سے تو ٹیڑھا چلا صورت عالم
تجکو غم زیادہ کرے ایسے ہی یہ حال ہے
کہ جو تیرا دل باپ سے برا ہوا صورت
باپ کی تجکو غم زیادہ کرے اور تو اُسے
نہ دیکھ سکے باوجودیکہ تو اُسکا نور دیدہ ہی

کل عالم صورت عقل کل است	کوست بابای هر آن کاهل قل است
عالم کل ہی بشکل عقل کل	کہ وہ ہی بابا کہ جو ہو اہل قل

سلہ باپ تجھپر الخ ۴ شعر اگر باپ تجھپر جفائین کرے وہ باپ تیری آنکھ مین ایک کتا معلوم ہو باپ کتا نہین ہے تاثیر جفا ہے کہ تو دیکھتا ہے ایسی رحمت کو سگ نا گرگ دیکھتے تھے یوسف کو آنکھ سے جو بھائیون کو حسد و خشم تھا جو باپ سے صلح کی غصہ گیا وہ کتا پن نہ رہا اور باپ معلوم ہوا یعنی جو تیرے دل مین برائی آئے تو صورت باپ کی بھی بد دکھائی دیوے پس تو اپنے دل کو پاک کر آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ عالم کل الخ ۵ شعر عالم کل بشکل عقل کل ہی کہ وہ بابا ہے جو اہل قل ہے یعنی جناب رسول مقبول صلعم سب کے باپ ہین جو عقل کل سے کوئی کفر کرے صورت کل اُس کے آگے سگ دکھے عاق چھوڑ اور اس باباسے صلح کرتا کہ آب گل فرش زر دکھائی دے پس قیامت تجکو نقد حال ہو تو دیکھے مبدل زمین و چرخ تو آگے رجوع بقصہ اہ ہر اس پدر سے مجکو ہمیشہ صلح ہی یہ جہان مجکو جنت کے مانند دکھائی دیتا ہے یعنی حضور رسول مقبول صلعم سے جس کو صلح ہے اُس کو جنت دکھائی دیتی ہی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

چون کسی با عقل کل کفران فزود　　صورت کل پیش او هم سگ نمود
صلح کن با این پدر عاقی بهل　　تا که فرش زر نماید آب و گل
پس قیامت نقد حال تو بود　　پیش تو چرخ و زمین مبدل شود
من که صلحم دائما با این پدر　　این جهان چون جنتستم در نظر
هر زمان نو صورتے و نو جمال　　تا ز نو دیدن فرو میرد ملال
من همی بینم جهان را پر نعیم　　آبها از چشمها جوشان مقیم
بانگ آبش میرسد در گوش من　　مست میگردد ضمیر و هوش من
شاخها رقصان شده چون ماهیان　　برگها کف زن مثال مطربان
برق آئینه است لامع از نمد　　گر نماید آئینه تا چون بود
از هزاران من نگویم یکے　　زانکه آگنده است هر گوش از شکے
پیش وهم این گفت مژده دادنیست　　عقل گوید مژده چه نقد منست

عقل کل سے کفر جو کوئی کرے　　صورت کل آگے اسکے سگ دکھے
چھوڑ عاقی صلح اس بابا سے کر　　تا کہ آب و گل دکھائے فرش زر
پس قیامت تجھکو نقد حال ہو　　دیکھے تو مبدل زمین و چرخ کو
صلح مجکو اس پدر سے ہے سدا　　یہ جہان دکھتا ہے مجھکو خلد سا
ہر گھڑی صورت ہے نو اور نو جمال　　دیکھنے اس نو سے مرتا ہے ملال
ایسے ہی مین دیکھوں پر نعمت جہان　　اور جاری آب چشموں سے عیان
سنتا ہون آواز مین اس آب کا　　ہوش اور دل مست ہوتا ہے مرا
ناچتی ہین شاخ مثل ماہیان　　تال دیتے برگ ہین چون مطربان
برق آئینہ نمد سے چمکے ہے　　گر دکھائے آئینہ کیسے بنے
لاکھ مین سے بھی نہ اک کہتا ہون مین　　کس لئے کہ شک ہے پر ہر کان مین
کہنا آگے وہم کے مژدہ دکھے　　عقل کہوے مژدہ کیا یہ نقد ہے

قصه فرزندان عزیر علیه السلام که از پدر حال پدر می پرسیدند گفت آرے از عقب می آید بعضے که شناختندش بیهوش شدند و آنان که نشناختندش شاد شدند

قصہ فرزندان عزیر علیہ السلام کا کہ باپ سے حال باپ کا پوچھتے تھے بولے کہ ہاں پیچھے آتے ہین جس نے کہ پہچانا بیہوش ہوا جسنے نہ پہچانا خوش ہوا

ف ہر گھڑی الخ ے شعر ہر گھڑی صورت نئی اور نیا جمال ہے کہ اس نئے دیکھنے سے دفع ملال ہوتا ہے ایسے ہی پر نعمت جہان دیکھتا ہون اور چشمون سے آب جاری عیان ہے مین اُس آب کی آواز سنتا ہون دل و ہوش میرا مست ہوتا ہے شاخین ناچتی ہین مانند ماہیون کے اور برگ تال دیتے ہین مانند مطربون کے آئینہ کی برق نمدی وجود سے چمکتا ہے اگر آئینہ دکھائے کیسے بنے مین لاکھ مین سے نہین کہتا ہون کس واسطے کہ شک ہر ایک کان مین پر ہے کہنا وہم کے آگے مژدہ دکھائی دیتا ہے عقل کہوے کہ مژدہ کیا یہ تو نقد ہے یعنی ہر ایک جسم سے کہ اُس مین روح اللہ زیر نمد ہے برق تجلی اسکی چمکتی ہے اگر وہ ظاہر دکھے کیسے بنے پس ہر ایک جسم سے مشاہدہ روح کا ہوتا ہے اس بات کا کہنا اہل وہم کو مژدہ ہے اور عقل کو یہ نقد حال ہے چنانچہ اس مشاہدے کا حال آگے قصۂ عزیر علیہ السلام مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

همچو پوران عزیز اندر گذر / آمده پرسان ز احوال پدر
گشته ایشان پیر و باباشان جوان / پس پدرشان پیش آمد ناگهان
پس بپرسیدند ازو کای رهگذر / از عزیز ما عجب داری خبر
که کسی مان گفت کامروز آن سند / بعد نومیدی ز بیرون میرسد
گفت آری بعد من خواهد رسید / آن یکی خوش شد چو این مژده شنید
بانگ میزد کای بشیر باش شاد / وان دگر بشناخت بیهوش اوفتاد
گرچه جای مژده است ای بیخبر / که در افتادیم در کان شکر
وهم را مژده است پیش عقل نقد / زانکه چشم وهم شد محجوب فقد
کافران را درد مومن را بشیر / لیک نقد حال در چشم بصیر
زانکه عاشق در دم نقد است مست / لاجرم از کفر و ایمان برتر است
کفر و ایمان هر دو خود دربان اوست / کوست مغز و کفر و دین او را دو پوست
کفر قشر خشک رو بر تافته / باز ایمان قشر لذت یافته
قشرهای خشک را جا آتش است / قشر پیوسته بمغز جان خوش است
مغز خود از مرتبه خوش برتر است / برتر است از خوش که لذت گستر است
این سخن پایان ندارد باز گرد / تا برآرد موسیم از بحر گرد
درخور عقل عوام این گفته شد / از سخن باقی آن بنهفته شد
زر عقلت ریزه است ای متهم / بر قراضه مهر سکه چون نهم

ف۱ جیسے پسران عزیز اندر گذر / پوچھتے تھے آ کے احوال پدر
وہ ہوئے تھے بوڑھے باپ انکا جوان / آ گئے انکے باپ آیا ناگہان
پوچھا انسے ای مسافر بے خبر / تجکو آتے ہیں ہمارے جو پدر
کہ کہا ہمسے کسی نے آج وہ / بعد نومیدی کے آتے ہیں [illegible]
ف۲ بولے ہاں وہ بعد میرے آئینگے / وہ ہوا خوش جس نے یہ مژدہ سنا
وہ کہے کہ ای بشیر شاد ہو / جس نے پہچانا ہوا بیہوش وہ
بیخبر یہ کیا خبر مژدہ کی ہے / بل شکر کی کان میں ہم ہیں پڑے
عقل کو نقد اور مژدہ وہم کو / کیونکہ چشم وہم ہے محجوب جو
کافرونکو درد مومن کو بشیر / نقد حال اسکا جو ہے چشم بصیر
مست عاشق نقد دم میں ہے سدا / اس لئے ہے کفر ایمان سے سوا
کفر و ایمان اسکے ہیں دربان دوست / کہ وہ مغز اور کفر و ایمان دو ہیں پوست
ف۳ کفر چھلکا خشک سو گرداں ہوا / اور ایمان چھلکا لذت سے بھرا
خشک چھلکے کی جگہ تو آگ ہے / خوش ہے چھلکا مغز جان سے جو ملے
مغز خود ہی مرتبہ خوش سے سوا / اور سوا خوش سے کہ لذت ہے بھرا
بات یہ بے انتہا اب چھوڑ دے / تا نکالے گرد موسی بحر سے
عام کی یہ عقل کے لائق کہا / اور باقی بات کو مخفی کیا
عقل کا زر ریزہ ریزہ ہے ترا / مہر سکہ کب ہو ریزہ پر بھلا

ف۱ جیسے الخ یہ شعر جیسے فرزند عزیز علیہ السلام کے راہ مین آکر پوچھتے تھے حال پدر کا وہ بوڑھے ہوئے تھے اور باپ انکا جوان تھا کہ اُن کے آگے باپ ناگہان آگیا اُن سے پوچھا کہ اے مسافر تجکو خبر ہے کہ جو ہمارے پدر آتے ہین کہ ہم سے کسی نے کہا ہے کہ آج وہ بعد نومیدی کے آتے ہین کہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ بولے الخ یہ شعر کہا کہ ہاں میرے بعد آئینگا وہ خوش ہوا کہ جس نے یہ مژدہ سنا وہ کہوے کہ بشارت دینے والے تو خوش ہو اور جس نے پہچانا وہ بیہوش ہوا آگے اسکے حقائق ہین اسے بے خبر یہ کیا جگہ مژدہ کی ہے بلکہ ہم شکر کی کان مین پڑے ہین عقل کو نقد اور وہم کو مژدہ ہے کیونکہ چشم وہم کی محجوب ہے کافرون کو درد اور مومن کو بشیر نقد حال اُس کو ہے کہ جو چشم بصیر ہے کیونکہ عاشق دم نقد سے ہمیشہ مست ہے اسواسطے کفر و ایمان سے سوا ہے کفر و ایمان اسکے دربان دو دوست ہین کہ وہ گویا مغز اور کفر و ایمان دو پوست ہین یعنی اہل وہم کو مژدہ اور اہل عقل کو نقد ہے اور اہل وہم اسکے امید مین پھرتے ہین آگے کفر و ایمان کا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۳ کفر چھلکا الخ یہ شعر کفر ایک چھلکا خشک رو گرداں ہوا ہے اور ایمان ایک چھلکا لذت سے بھرا ہے پس خشک چھلکے کی جگہ آتش ہے اور وہ چھلکا خوش ہے کہ جو مغز جان سے ملا ہے مغز خود مرتبہ خوش سے سوا ہے بلکہ سوا ہے خوش سے کہ لذت سے بھرا ہے یہ بات بے انتہا ہے اسے چھوڑ تا کہ موسی گرد نکالے دریا سے یہ عام کی عقل کے لائق کہا ہے اور باقی بات کو پوشیدہ رکھا ہے اور تیری عقل کا زر ریزہ ریزہ ہے مہر سکہ ریزہ پر کب ہو سکے یعنی تیری عقل پریشان ہے اسپر نقش نام الٰہی کا کب ہو سکتا ہے پس تو اسکو جمع کر کہ خوش ہووے آگے اس عقل کا بیان ہے فافہم ۱۲

عقل تو قسمت شده بر صد مهم	بر هزاران آرزوی و طم و رم	عقل تیری بٹ گئی سو کام پر	اور ہزاروں آرزوئیں خشک و تر
جمع باید کرد اجزا را بعشق	تا شوی خوش چون سمرقند و دمشق	جمع کر اجزا کو اسکے تو بہ عشق	تا تو خوش ہو چون سمرقند و دمشق
جو جوی چون جمع گردد ز اشتباه	پس توان زد بر تو سکه پادشاه	جمع جو جو اشتباہ سے جو کرے	پادشاہی سکہ تجھ پر لگ سکے
ور ز مثقالی شوی افزون تو خام	از تو سازد شه یکی زرینه جام	گر ہو تو مثقال سے کچھ زیادہ خام	شاہ بس تجھسے بنائے زر کا جام
پس برو هم نام و هم القاب شاه	باشد و هم صورتش ای وصل خواه	اسپہ ہو بھی نام بھی القاب شاہ	اور صورت اسکی بھی اور وصل خواہ
تا که معشوقت بود هم نان و آب	هم چراغ و شاهد و نقل و شراب	تاکہ ہو معشوق تیرا نان و آب	بھی چراغ و شاہد اور نقل و شراب
جمع کن خود را جماعت رحمتست	تا توانم با تو گفتن آنچه هست	جمع کر خود کو جماعت رحم ہے	کہہ سکوں جو کچھ کہ ہے اب مین تجھے
زانکه گفتن از برای باوریست	جان شرک از باوری حق بریست	کیونکہ کہنا ہے مدد کے واسطے	حق کی یاری مشرکوں سے دور ہے
جان قسمت گشته در حشو فلک	در میان شصت سودا مشترک	بٹ گئی ہے جان تری زیر فلک	ساٹھ خواہش کے ہے اندر مشترک
پس خموشی به دهد او را ثبوت	پس جواب احمقان آمد سکوت	پس خموشی بہتر اسکی دے ثبوت	کہ جواب احمق کا آیا ہے سکوت
این همی دانم ولی مستی تن	میگشاید بی مراد من دهن	جانتا ہوں مین و لے مستی ہے یار	کھولتی ہے منہ مرا بے اختیار
آن چنان کز عطسه و از خامیاز	این دهان گردد بنا خواه تو باز	جس طرح چھینک و جمائی سے دہان	کھلتا ہے بے اختیار اے مہربان

بیان حدیث انی لاستغفر الله ربی
فی کل یوم سبعین مرة

بیان حدیث انی لاستغفر الله ربی
تحقیق مین استغفار کرتا ہون ساتھ اللہ کے
فی کل یوم سبعین مرة
ہر دن مین ستر بار

سے ۱ عقل تیری الخ ۲ **شعر** تیری عقل بٹ گئی سو کام پر اور ہزاروں آرزوئیں خشک و تر ہین تو اس کے اجزا کو جمع کر عشق سے تاکہ تو خوش ہووے مانند سمرقند و دمشق کے جو تو جمع اشتباہ سے جو جو کرے سکہ شاہی تجھ پر لگ سکے اگر تو ایک مثقال سے زیادہ خام ہو شاہ **تجھسے** جام زر بنائے اُسپر بھی نام اور بھی القاب شاہ ہو اور بھی صورت اس کی ہو اسے وصل خواہ تاکہ تیرا معشوق بھی نان و آب بھی چراغ و شاہد و نقل و شراب ہو خود کو جمع کر جماعت رحمت ہے کہ مین تجھ کو کہہ سکون جو کچھ اب ہے یعنی تو اپنے دل پریشان کو جمع کر کہ سکہ شاہی اُسپر قائم ہو سکے کیونکہ جماعت رحمت ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ **سے ۲** کیونکہ الخ ۵ **شعر** کیونکہ کہنا مدد کے واسطے ہے اور حق کی یاری مشرکون سے دور ہے تیری جان بٹ گئی ہے زیر فلک اور ساٹھ خواہش کے اندر مشترک ہے پس خاموشی سے اس کی بہتر ثبوت دے کہ جواب احمق کا سکوت آیا ہے مین جانتا ہون ولیکن مستی کھولتی ہے منہ میرا بے اختیار آگے اس کی مثال ہے جس طرح جمائی و چھینک سے دہن بے اختیار کھلتا ہے یعنی جواب احمقون کا خاموشی ہے ولیکن مستی میر منہ کھولتی ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

ہمچو پیغمبر ز گفت و از نثار / توبہ آرم روز من ہفتاد بار
لیک آن مستی بود توبہ شکن / مستی ست این مستی تن جامہ کن
حکمت اظہار تاریخ دراز / مستی انداخت بر دانای راز
راز پنہان با چنین طبل و علم / آب جوشان گشتہ از جف القلم
رحمت بیحد روانہ ہر زمان / خفتہ اید از درک آن ای مردمان
ان ندیدم تشنگی خواب آورد / خواب آرد تشنگی بے خرد
خود خرد آنست کو از حق چرید / نے خرد کان را عطارد آورید

مین بقول مصطفے کے کرتا ہون / دن مین ستر بار توبہ ذوفنون
پر وہ مستی توڑتی توبہ کو ہے / اور یہ مستی تن کی نسیانی رکھے
کہنہ حکمت لائق اظہار نے / ڈالے مستی واقف اسرار پے
ساتھ اس شہرت کو اسرار نہان / ہو گیا جف القلم سے بس عیان
رحمت بیحد ہے جاری ہر زمان / خفتہ درک اسکی سے ہو تم مردمان
مین نے دیکھا سلائے تشنگی / ہے سلائے تشنگی بے عقل کی
عقل وہ ہے حق نے پیدا جو کی / عقل نے وہ کہ عطارد سے ہوئی

بیان آنکہ عقل جزوی تا بگور پیش نہ بیند و در باقی مقلد انبیاست

بیان اس بات کا کہ عقل جزوی گور سے آگے نہیں دیکھتی اور باقی مقلد انبیا کی ہے

پیش بینی خرد تا گور بود / وان صاحبدل بنفخ صور بود
این خرد از خاک گوری نگذرد / وین قدم عرصہ عجایب نسپرد
زین قدم وین عقل رو بیزار شو / چشم غیبی جوی و برخوردار شو
ہمچو موسیٰ نور کے یابد زجیب / سخرۂ استاد و شاگرد کتیب
زین نظر وین عقل ناید جز دوار / پس نظر بگذار و بگزین انتظار
از سخن گوئی مجوئید ارتفاع / منتظر را بہ ز گفتن استماع
منصب تعلیم نوع شہوت ست / ہر خیال شہوتے در رہ بت ست

پیش بینی عقل کی ہے گور تک / اور صاحبدل کی نفخ صور تک
نے یہ عقل اب گور سے آگے بڑھے / نے قدم یہ راہ باطن کی چلے
اس قدر اور عقل سے بیزار ہو / چشم غیبی ڈھونڈھ برخوردار ہو
مثل موسیٰ نور اسکو کب ملے / جو کتاب و استاد کا شاگرد ہے
اس نظر سے پائے جز گردش نہ یار / اس نظر کو چھوڑ اور رہ انتظار
برتری مت ڈھونڈھ باتوں سے لا / منتظر کو سننا کہنے سے بھلا
شہوت اک نوع کی رکھتے ہیں علم / ہر بت رہ جو ہے شہوت سے خیال

سلہ مین بقول الخ ۷ شعر مین بقول مصطفے صلعم دن مین ستر بار توبہ کرتا ہون لیکن وہ مستی توبہ کو توڑتی ہے اور یہ مستی تن کی نسیانی رکھتی ہے حکمت کہنہ لائق اظہار کے نہیں مستی ڈالے واقف اسرار پر اس شہرت کے ساتھ اسرار نہان ہو گیا جف القلم سے عیان رحمت بیحد ہر وقت جاری ہے تم اس کے ادراک سے خفتہ ہو مین نے نہین دیکھا کہ تشنگی سلاتی ہے مگر تشنگی بے عقل کی وہ عقل ہے کہ جو حق سے پیدا کی وہ عقل نہین ہے کہ معلم سے حاصل ہوئی یعنی عقل وہ ہے کہ جو حق نے پیدا کی اور یہ عقل نہین ہے کہ تعلیم سے آئی آگے اس عقل کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ پیش بینی الخ ۶ شعر عقل کی پیش بینی گور تک ہے اور صاحب عقل کی نفخ صور تک یہ عقل گور سے آگے نہ بڑھے اور نہ یہ راہ قدم باطل کی چلے اس قدم اور عقل سے بیزار ہو چشم غیبی ڈھونڈھ اور برخوردار ہو موسیٰ کے مانند اس کو نور کب ملے جو کتاب اور استاد کا شاگرد ہے اے یار اس نظر سے سوائے گردش کے نہ پائے اس نظر کو چھوڑ اور انتظار رہ باتوں سے برتری مت ڈھونڈھ منتظر کو سننا کہنے سے بہتر ہے یعنی اس عقل ظاہری کو چھوڑ اور چشم غیبی حاصل کر اور منتظر رہ کہ مرشد سے کیا عنایت ہوتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ منصب الخ ۶ شعر تعلیم قال شہوت ایک طرح کی رکھتی ہے جو شہوت ہے خیال ہے وہ بت راہ ہے اگر ہر ایک فضول اسکا فضل پاتا حق کسواسطے اتنے رسول بھیجتا عقل جزوی ایک چمک بجلی کی ہے کہ چمک سے کوئی چل سکتا ہے ایسا نور برق نہیں جو رہبر ہو بلکہ ابر کو ایک حکم ہے کہ تو رو آگے اسکے حقائق ہین وے کیواسطے برق عقل ہے تاکہ ہستی کیواسطے روئے عقل کو دکھ نہیں ہے پڑھتی ہے لیکن وہ آپ نہیں سیکھ سکتا ہے یعنی عقل ادنی کے واسطے ہے اور اس عقل سے وہ راہ نہیں چل سکتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گر بفضلش پے ببردی هر فضول / کے فرستادی خدا چندین رسول
عقل جزوی همچو برقست و درخش / در درخشے کی توان شد سوی وخش
نیست نور برق بهر رهبری / بلکه امرست ابر را که می گری
برق عقل ما برائے گریه است / تا بگرید نیستی در شوق هست
عقل کودک گفت بر کتاب تن / لیک نتواند بخود آموختن
عقل رنجور آیدش سوی طبیب / لیک نبود در دوا عقلش مصیب
نک شیاطین سوے گردون مے شدند / گوش بر اسرار بالا می زدند
می ربودند اندکے زان رازها / تا شهب میراندشان زود از سما
کہ روید آن جا رسولے آمده است / هر چه میخواهید زو آید بدست
گر همی جوئید دُرّ بے بها / ادخلوا الابیات من ابوابها
میزن آن حلقه در و بر بابِ است / گر سوے بام فلک تان راه نیست
نیست حاجت تا بدین راه دراز / خاکیے را داده ایم اسرار تا
پیش او آئید گر خائن نه اید / نیشکر گردید از و گرچه نه اید
سبزه رویاند ز خاک آن دلیل / نیست کم از سمّ اسپ جبرئیل
سبزه گردی تازه گردی از نوی / گر تو خاک اسپ جبرئیلی شوی
سبزهٔ جان بخش کاندر سامری / کرد در گوساله تا شد گوهری
جان گرفت و بانگ زد زان سبزه او / آنچنان بانگے که شد فتنه عدو
گر امین آئید سوے اهل راز / وا رهید از سر کله مانند باز

یا تا اسکا فضل گر ہر اک فضول / بھیجتا حق کسلیئے اتنے رسول
عقل جزوی اک چمک بجلی کی ہے / کب چمک مین راہ کوئی چل سکے
نور برق ایسا نہین ہے رہبر جو ہو / بلکہ اک امر ابر کو ہے کہ تو رو
واسطے رونے کے برق عقل ہے / نیستی تا روئے ہستی کے لئے
عقل کودک مکتب تن سے پڑھے / پر نہین وہ سیکھ سکتا آپ سے
۱ عقل بیمار آئے ہے سوے طبیب / پر نہ جانے وہ دوا کو اے حبیب
ہیں شیاطین جاتے تھے سوے فلک / آسمانی راز سننے با ملک
راز بس تھوڑا سا وہ لیجاتے تھے / تا شہاب اُنکو بھگاتے چرخ سے
کہ وہان تم جاؤ آیا ہے رسول / جو کہ تم چاہو کرو اُس سے حصول
تم اگر چہتے ہو دُرّ بے بہا / ادخلوا الابیات من ابوابہا
حاضر اونکے در پہ ہوا گر ہان / ہے یہ تمکو راہ سوے آسمان
۲ یان نہین آنیکی کچھ حاجت تمھین / بس دیئے خاکی کو ہمنے راز ہین
گر نہ خائن ہو ملو اُس شخص سے / نیشکر ہو اُس سے گرچہ تم ہو نے
وہ اُگائے سبزہ تیری خاک سے / کم نہ سم اسپ سے جبرئیل کے
سبزہ ہو تو تازہ ہو تو اور نیا / گر تو خاک اسپ ہو جبرئیل کا
سامری نے سبزۂ جان بخش کو / رکھا گوسالہ مین تا گوہر ہو وہ
زندہ ہو کر بولا اس سبزے سے وہ / ایسا بولا کہ ہوا فتنہ عدو
۳ را امین ہو آؤ سوے اہل راز / دور ہووے سر سے ٹوپی مثل باز

۱ عقل بیمار الخ ۶ شعر عقل بیمار جانب طبیب کے آتی ہے مگر وہ دوا کو سننے آئے جب بجانے شیاطین سوے فلک جاتے تھے اور آسمانی راز ملائک کے سننے تھے بس تھوڑا سا راز وہ لیجاتے تھے تا انکو شہاب بھگاتے چرخ سے کہ تم وہان جاؤ رسول آیا ہے جو تم چاہو اُس سے حاصل کرو اگر تم دُرّ بے بہا چاہتے ہو ترجمہ داخل ہو تم گھرون مین دروازون سے تم انکے در پر حاضر ہوا گر ہاں تمکو راہ سوے آسمان نہین ہے یعنی اے شیاطین تم طرف آسمان کے مت آؤ اور زمین کی طرف جاؤ کہ انبیا وہان آئے ہین تم جو چاہو اُن سے حاصل کرو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۲ یان الخ ۶ شعر تمھین یہان آنے کی کچھ حاجت نہین ہمنے اہل خاک کو راز دیئے ہین اگر تم خائن نہین ہو اُس شخص سے ملو اگرچہ تم نیشکر ہو اگرچہ تم نے ہو وہ تیری خاک سے سبزہ اُگائے سم اسپ جبرئیل سے کم نہین ہے تو سبزہ ہو وتازہ ہو دنیا ہو اگر تو خاک اسپ جبرئیل کا ہو سامری نے سبزۂ جان بخش کو گوسالہ مین رکھا تھا کہ وہ گوہر ہو وہ اس سبزہ سے زندہ ہو کر بولا اور ایسا بولا کہ فتنہ دشمن کا ہوا یعنی اگر تو پاے خاک اولیا ہو وے سبزہ و تازہ دنیا ہووے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ گر امین الخ ۲ شعر اگر امین ہو کر سوے اہل راز آؤ تاکہ ٹوپی سر سے دور ہووے مانند باز کے گوش چشم ٹوپی سے بند کئے کہ باز اُس سے عاجز و ناچار ہے اسواسطے آنکھ پر ٹوپی رکھتا ہے کہ وہ اپنے جنس سے رغبت رکھتا ہے جنس کو بھولا اور شاہ کا یار ہوا اسکی آنکھ کھولدے باز کے مانند حق نے دیو کو ہانکا اپنی راہ سے اور عقل جزوی کو اُس گمراہ سے تو سروری کم کر تجھکو رلسے نہین ہے تو شاگردی کر ولی اللہ کی ولی کے قریب ہو کہ تو جزو دل کا ہے کیونکہ تو بندہ شاہ عادل کا ہے یعنی اگر تم امین ہو مرشد کی خدمت مین آؤ کہ وہ تمھارے دل کو اہل دنیا سے پھیرے باقی حال آگے ہے فافہم

سرکلاہ چشم بند گوش ہبند | باز و باز ست مسلمین و نژند
زان کلہ بر چشم باز اول شدست | کہ ہمہ میلش سوی جنس خودست
چون برید از جنس و با شہ گشت یار | بر کشاید چشم او را بازدار
رانده دیوا نرا حق از مرصاد خویش | عقل جزوی را ز استبداد خویش
کہ سرے کم کن نہ تو مستبد | بلکہ شاگرد ولی و مستعد
زود بر دل رد کہ تو جزو دلی | ہین کہ بندہ پادشاہ عادلی
بندگی او بہ از سلطانی است | کہ انا خیر دم شیطانی ست
فرق بین و برگزین تو ای حبیس | بندگی آدم از کبر بلیس
گفت آنکہ ہست خورشید رہ او | حرف طوبیٰ ہر کہ ذلت نفسٔ
سایۂ طوبی ببین و خوش بخسپ | سر بنہ در سایۂ سرکش مخسپ
ظل ذلت نفسہ خوش مضجعی ست | مستعدان صفا را مہجعی ست
گر ازین سایہ روی سوی منی | زود طاغی گردی و رہ گم کنی

بند گوش چشم ٹوپی نے کئے | باز اس سے عاجز و ناچار ہی
آنکھ پر ٹوپی رکھے ہی اس لئے | کہ وہ جنس اپنی سے رغبت ہمہ رکھے
جنس کو بھولا ہوا جو شہ کا یار | کھولدیوے آنکھ اسکی بازدار
حق نے ہانکا دیوا اپنی راہ سے | اور جزوی عقل کو گمراہ سے
سروری کم کر نہ تجکو راستی | اگر تو شاگردی ولی اللہ کی
قرب دل کے ہو کہ جز دل کا ہی تو | کیونکہ بندہ شاہ عادل کا ہی تو
بندگی بہتر ہی سلطانی سے بس | کہ انا خیر دم شیطان ہی بس
فرق دیکھ اور کر تو حاصل او حبیس | بندگی آدم کی نے کبر بلیس
بس کہا اُسنے کہ ہی خورشید رو | حرف طوبیٰ جسکا ذلت نفس
سایہ طوبیٰ کا تو دیکھ اور خوش تو ہو | سر تو رکھ سائے میں او رسرکش نہو
نفس کی ذلت کا سایہ خوابگاہ | مستعدان صفا کا خوابگاہ
سوے شہوت جائے اس سایہ سے گر | جلد تو باغی ہوا اور گمراہ تر

بیان آیۂ کریمہ یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی اللہ و رسولہ و اتقوا اللہ ان اللہ سمیع علیم از حکیم سنائی

بیان آیت یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا

اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو تم مت غلبہ دو بات اپنی کو

بین یدی اللہ و رسولہ و اتقوا اللہ

آگے بات اللہ کے اور رسول اُسکے کے اور ڈرو تم

ان اللہ سمیع علیم قول حکیم سنائی

اللہ سے تحقیق اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے ۱۲

نظم

چون نبی نیستی ز اُمت باش | پس رو خامشان خامش باش
چونکہ سلطان نۂ رعیت باش | ز خودی رای زحمتی متراش

نظم

چون نبی نیستی ز اُمت باش | پس رو خامشان خامش باش
چونکہ سلطان نۂ رعیت باش | و ز خودی رای زحمتی متراش

سلہ بندگی آنخ ۶ شعر سلطانی سے بندگی بہتر ہے کہ انا خیر دعویٰ شیطان کا ہی تو فرق دیکھ اور حاصل کر بندگی آدم کی نہ غرور ابلیس کا پس کہا اُس نے کہ وہ خورشید رو ہے ترجمہ خوشخبری ہو جیو کہ جس کا نفس ذلیل ہے تو سایہ طوبیٰ کا دیکھ اور خوش ہو سر سایہ مین رکھ اور سرکش مت ہو نفس کی ذلت کا سایہ خوش خوابگاہ ہے اگر جانب شہوت کے جائے اس سائے سے تو جلد باغی اور گمراہ تر یعنی تو بندگی اختیار کر اس سلطانی سے کہ آدم نے بندگی کی اور ابلیس نے غرور پس تو سایہ اولیاء اللہ مین خفتہ ہو کہ منزل مقصود کو پہونچے آگے پیری اولیا کا بیان ہی فافہم ۱۲

پس برو خاموش باش از انقیاد — زیر سایهٔ شیخ و امر اوستاد
جا تو اور خاموش اطاعت سے ہو — زیر سایہ شیخ استا کے تو ہو

پس برو صامت شو و خاموش باش — از وجود خود خیالی کم تراش
پیر و خاموش ہو خاموش ہو — اور غرور اپنے بدن سے مت کرو

ورنہ گرچہ مستعد و قابلے — مسخ گردی ز تو لاف کاملے
مستعد ہو گرچہ اور قابل ہے تو — کاملی کی لاف سے مسخ ہووے تو

ہم ز استعداد وا مانی اگر — سرکشی ز استاد راز و باخبر
بھی تو استعداد سے رہوے اگر — ہو تو سرکش اوستاد اپنے سے پر

صبر کن در موزه دوزی بسوزن — ور نشوی بے صبر نی پاره دوز
صبر کر تو موزه دوزی مین بہ سوزن — تو ہو گر بے صبر رہوے پاره دوز

کهنه دوزان گر بدی شان صبر و حلم — جمله نو دوزان شدندی ہم بعلم
کہنہ دوزونکو جو ہوتا صبر و حلم — ہوتے وہ نو دوز سب از اہل علم

پس بکوشی و بآخر از کلال — خود بخود گوئی کہ العقل عقال
سخت کوشش کر کہ تا آخر کہے — خود بخود تو وہ کہ عقل اک قید ہے

ہمچو آن مرد مفلسف روز مرگ — عقل را میدید پس بے بال و پر
جس طرح وہ فلسفی ہنگام مرگ — دیکھتا تھا عقل کو بے بال و برگ

بے غرض میکرد آندم اعتراف — کز ذکاوت راندیم اسپ از گزاف
بے غرض اقرار بس اس دم کیا — کہ مین جھوٹا ہون ندیم اس عقل کا

از غروری سر کشیدیم از رجال — آشنا کردیم در بحر خیال
بھاگا مین مردم سے از راہ غرور — اور کیا بحر خیالی مین عبور

آشنا ہیچ است اندر بحر روح — نیست آنجا چاره جز کشتی نوح
پیرنا ہے ہیچ اندر بحر روح — نے علاج اسجا ہے جز کشتی نوح

این چنین فرمود آن شاه رسل — کہ منم کشتی درین دریای کل
ایسا فرماتے ہین وہ شاہ رسل — کہ مین ہون کشتی میان بحر کل

یا کسے کو در بصیرتہای من — شد خلیفہ راستین بر جای من
یا وہ کوئی کہ بصیرت مین مرے — ہو خلیفہ راست میری جائے پے

کشتی نوحیم در دریا کہ تا — رو نگردانی ز کشتی اے فتا
نوح کی کشتی مین ہون دریا مین تا — منھ نہ اس کشتی سے تو پھیرے بھلا

ہمچو کنعان سوے ہر کوہے مرو — از نبی لا عاصم الیوم شنو
مثل کنعان کے نہ جا ہر کوہ کی سو — اور پڑھ لا عاصم الیوم کو تو

مینماید پست این کشتی ز بند — مینماید کوہ فکرت بس بلند
پست دکھتی ہے یہ کشتی قید سے — کوہ اونچا فکر کا رکھتا تجھے

ف۱ جا تو الخ ۲ شعر تو جا اور خاموش طاعت سے ہو اور زیر سایہ شیخ و استاد کے رہ پیرو خاموش کا ہو اور خاموش رہ اور اپنے بدن سے غرور مت کر اگرچہ تو مستعد و قابل ہے مگر کامل ہونے کی لاف سے تو مسخ ہووے یعنی تو مرشد کا پیرو رہ اور خود حکومت مت کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ بھی تو استعداد الخ ۶ شعر بھی اگر تو استعداد سے تو رہوے جان لے کہ استاد اپنے سے سرکش ہونے تو صبر کر موزہ دوزی مین ساتھ سوئی کے اگر تو بے صبر ہو پارہ دوز رہے کہنہ دوزونکو جو صبر و علم ہوتا وہ سب نو دوز ہوتے از اہل علم سخت کوشش کر کہ تا آخر خود بخود کہے کہ وہ عقل ایک قید ہے جیسے وہ فلسفی ہنگام مرگ کے عقل کو دیکھتا تھا بے بال و برگ کے بغیر غرض کے اقرار اسدم کو کہ مین ندیم اس عقل کا جھوٹا ہون یعنی تو دعوی کاملی کا نہ کر اور کوشش کر کہ یہ عقل ایک قید ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ف۳ بھاگا الخ ۶ شعر مین مردم سے بھاگا از راہ غرور کے اور بحر خیالی مین عبور کیا پیرنا ہیچ ہے اندر دریاے روح کے اس جا پر علاج نہین ہے بجز کشتی نوح کے یعنی دریاے روح مین بجز ایمان کے اور کچھ علاج نہین ہے وہ شاہ رسل ایسا فرماتے ہین کہ مین کشتی ہون دریاے کل مین یا وہ کوئی شخص کہ میری بصیرت مین خلیفہ راست میری جاے پر ہو مین نوح کی کشتی ہون دریا مین تاکہ تو منھ نہ پھیرے اس کشتی سے کنعان کے مانند ہر کوہ کی جانب نہ جا اور تو پڑھ نہین پناہ دیگا آج کے دن یعنی رسول صلعم فرماتے ہین کہ مین کشتی ہون بحر کل مین جو مجھسے ملا نجات یاب ہوا اور جو کوئی کہ میرے طریقہ پر ہے کہ وہ کشتی ہے کہ پیرو اپنے کو نجات دے یعنی وہ کشتی مرشد کامل ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ف۴ پست الخ ۶ شعر یہ کشتی پست کبھی قید سے فکر بالا وبلند دکھاتی ہے تجھکو ہرگز پست مت دیکھو اس پستی کو اس فضل خدا کو ہمیشہ دیکھو بلندی کوہ فکر پر مت دیکھ کہ ایک موج اسکو زیر و زبر کرے اگر تو کنعان ہے یقین کب آسکے اگر مین دس نصیحت تجھے کرون یہ کلام گوش کنعان کب سنے خدا کی مہر اسپر ہے خدا کی مہر پر نصیحت کب آسکے حکم خدا کو حدیث کب واپس کرے یعنی تو اپنی فکر پر بھروسا مت کر اور جس کو فکر پر بھروسا ہے وہ نصیحت کب سنتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

پست منگر ہان دہان این پست را / بنگر آن فضل خدا پیوست را
در بلندی کوہ فکرت کم نگر / کہ یکی موجش کند زیر و زبر
گر تو کنعانے نہ داری باورم / گر دو صد چندان نصیحت آورم
گوش کنعان کی پذیرد این کلام / کہ برو مہر خدا ایست و ختام
کے گزارد موعظہ بر مہر حق / کے بگرداند حدث حکم سبق
لیک میگویم حدیث خوش پئی / بر امید آنکہ تو کنعان نئی
آخر این اقرار خواہی کرد ہین / ہم ز اول روز آخر را بہ بین
می توانی دید آخر را لیکن / چشم آخر بینت را کور و کہن
ہر کہ آخر بین بود مسعود وار / نبودش ہر دم برہ رفتن عثار
گر نخواہی ہر دمے این خفت و خیز / کن ز خاک پاے مردی چشم تیز
کحل دیدہ ساز خاک پاش را / تا بیندازی سر او باش را
کہ ازین شاگردی وزین افتقار / سوزنی باشی شوی تو ذوالفقار
سرمہ کن تو خاک این بگزیدہ را / ہم بسوزد ہم بسازد دیدہ را
چشم روشن کن ز خاک اولیا / تا ببینی ز ابتدا تا انتہا
چشم اشتر زان بود بس نور بار / کہ خورد از بہر نور چشم خار
خار خور تا گل بروید اندر ترا / چشم تو روشن شود جان با صفا
خار را از چشم دل گر برکنی / چشم جان را حق ببخشد روشنی

پست ہر گز دیکھ مت اس پست کو / دیکھ اس فضل خدا پیوست کو
دیکھ مت بالائے کوہ فکر پر / ایک موج اسکو کرے زیر و زبر
گر تو کنعان ہے یقین کب لا سکے / گر کرون دو سو نصیحت مین تجھے
گوش کنعان کا سے کب یہ کلام / ہے خدا کی مُہر اُس پر اور ختام
مہر حق پر کب نصیحت آسکے / کب حدث حکم خدا واپس لے
پر مین کہتا ہون حدیث مصطفیٰ [١] / اس تمنا پر کہ تو کنعان نہین
تو کرے گا آخر اس اقرار کو / دیکھ لے پہلے سے بس آخر کو تو
دیکھ سکتا ہے تو آخر کو مگر / چشم آخر بین کو تو اندھا نہ کر
جو ہے آخر بین بہت وہ نیک ہے / نہ اُسے ہر دم ہو لغزش راہ پر
تو نہ چاہے سونا اٹھنا یہ اگر / خاک پائے مرد سے تیز آنکھ کر
اپنا سرمہ انکی خاک پا کو کر / تا تو اوباشوں کا کردے زیر سر
اس مریدی اور شاگردی سے یار / سوئی گر تو ہو تو ہووے ذوالفقار
سرمہ کر تو خاک اس مقبول کو [٢] / بھی جلائے بھی بنائے چشم کو
چشم روشن کر بخاک اولیا / تا تو دیکھے ابتدا و انتہا
اونٹ کی چشم اسلئے ہے نور وار / کھاتا نور چشم کی خاطر ہے خار
خار کھا تا گل کھلین تجھسے سدا / چشم روشن ہو تری جان ہو صفا
چشم دل سے خار گر تو کھینچ لے / تیری چشم جان کو روشن حق کرے

١ پر مین کہتا ہون الخ ٧ شعر ولیکن مین حدیث حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی کہتا ہون اس تمنا پر کہ تو کنعان نہین ہے تو کرے گا آخر اس اقرار کو تو دیکھ لے اول سے آخر کو تو دیکھ سکتا ہے آخر کو بگر تو چشم آخر بین کو اندھا مت کر جو آخر بین ہے وہ بہت نیک ہے اُسے ہر دم لغزش نہ ہو راہ پر اگر تو سونا و اٹھنا یہ نہ چاہے نیز آنکھ کو خاک پاے مردے اُن کی خاک پا کو اپنا سرمہ کر تاکہ تو اوباشون کا نیچا سر کردے اس مریدی و شاگردی سے اگر تو سوئی ہو تو ذوالفقار ہووے یعنی تو اگر آخر بین ہونا چاہتا ہے تو خاک پاے مردون کو سرمہ چشم اپنی کا کر کہ تو سوئی سے تلوار بن جائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

٢ سرمہ کر الخ ٥ شعر تو سرمہ کر اس مقبول کی خاک کو کہ وہ بھی جلائے بھی بنائے چشم کو تو چشم روشن کر خاک اولیا سے تاکہ تو دیکھے ابتدا و انتہا کو آگے اس کی مثال ہے اس واسطے اونٹ کی چشم نوردار ہے کہ نور چشم کی خاطر خار کھاتا ہے خار کھا تا کہ گل کھلین تجھ سے سدا کہ تیری چشم روشن و جان صفا ہو اگر تو چشم دل سے خار کو کھینچے تیری چشم جان کو حق روشن کرے یعنی اگر تو خار تکلیف دنیا کی اُٹھائے تو چشم دل تیری روشن و جان صاف ہو آگے اسکی مثال مین قصہ شتر و خچر فرماتے ہین فافہم ۱۲

قصهٔ شکایت استر با شتر که من بسیار در رو می افتم در راه رفتن و تو کم می افتی چونست و جواب گفتن شتر

قصہ خچر کی شکایت کا اونٹ سے کہ مین راہ چلنے مین ٹھوکر کھا کے بہت گرتا ہون اور تو کم گرتا ہے کیا سبب ہے اور جواب دینا اونٹ کا

اشترے را دید روزے استرے
گفت من بسیار می افتم برو
گرچه در رو می فتم بسیار من
خاصه از بالاے که تا زیر کوه
کم همی افتی تو در ره بهر چیست
در سر آیم هر دم و زانو زنم
گر شود پالان و رختم بر سرم
همچو کم عقلی که از عقل تباه
سخرهٔ ابلیس گردد در زمن
در سر آید هر زمان چون اسپ لنگ

چونکه با او جمع شد در آخورے
در گریوه و راه و در بازار و کو
در ره هموار و ناهموار من
در سر آیم هر زمانے با شکوه
یا مگر خود جان پاکت دولتی است
پوز و زانو زان خطا پر خون کنم
وز مکاری هر زمان زخمی خورم
بشکند توبه بهر دم از گناه
از ضعیفی راے آن توبه شکن
که بود بارش گران و راه سنگ

ایک ؎۱ دن خچر نے دیکھا اونٹ کو
بولا منہ کے بل گرون ٹھوکر سے مین
گرچہ منہ کے بل گرون ازبسکہ مین
خاصکر جبکہ اُترتا کہ سے ہون
کیا سبب ہی کہ نہین گرتا ہی تو
سر کے بل گرتا ہون ٹھوکر کھاتا ہون
مجھپر گر سامان و پالان ہووے بار
جیسے ؎۲ وہ کم عقل نقص عقل سے
مسخرہ شیطان کا اندر زمن
سر کے بل ہر دم گرے جون اسپ لنگ

جو ہوے اصطبل مین شامل وہ دو
کوہ و صحرا کوچہ و بازار مین
اونچی نیچی اور برابر راہ مین
سر کے بل گرتا ہون ہر دم کیا کرون
تیری جان پاک شاید ہی نکو
منہ و زانو سے مری نکلے ہی خون
تو کرایہ دار سے کھاتا ہون مار
معصیت مین توبہ ہر دم توڑ دے
ضعف سے وہ عقل کی توبہ شکن
کہ ہو بوجھا بھاری اور رہ مین ہو سنگ

؎۱ ایک دن الخ ۲ شعر ایک روز خچر نے اونٹ کو دیکھا جو اصطبل مین وہ دونون شامل ہوے کہا کہ مین منہ کے بل گرتا ہون ٹھوکر سے کوہ و صحرا و کوچہ و بازار مین اگرچہ مین منہ کے بل گرون ازبس اونچی نیچی برابر راہ مین خاص کر جبکہ کوہ سے اترتا ہون سر کے بل گرتا ہون ہر دم کیا کرون کیا سبب ہے کہ تو نہین گرتا ہے شاید تیری جان پاک نیک ہے مین سر کے بل گرتا ہون اور ٹھوکر کھاتا ہون منہ زانو سے میرے خون نکلتا ہے اگر پالان و سامان مجھپر بار ہووے تو کرایہ دار سے مار کھاتا ہون آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ؎۲ جیسے الخ ۶ شعر جیسے وہ کم عقل نقصان عقل سے معصیت مین ہر دم توبہ توڑ دے مسخرہ شیطان کا اندر زمانہ کے ہو ضعف عقل سے وہ توبہ شکن سر کے بل ہر دم گرے مانند اسپ لنگڑے کے کہ بوجھا بھاری و راہ مین سنگ ہو زخم سر پر مول لیتا ہے عیب سے توبہ توڑ کر وہ بدبخت بھر کم عقلی سے جو وہ توبہ کرے دو پھر توبہ اُس دم توڑ دے ضعف اندر ضعف کے اور غرہ اسقدر کہ وہ واصلون کو خوار تر دیکھے یعنی بسبب کم عقلی کے توبہ شکنی کرے اور باوجود اس قدر ضعف کے غرہ رکھے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

می خورد از غیب بر سر زخم او — از شکست توبہ آن ادبیر جو
باز توبہ میکند بارائے سست — دیو در دم باز توبہ را شکست
ضعف اندر ضعف و کبرش آنچنان — کہ بخواری بنگرد در واصلان
اے شتر کہ تو مثال مومنی — کم فتی در رو و کم بینی زنی
تو چہ داری کہ چنین بے آفتی — بے عثاری و کم اندر اوفتی
گفت گر چہ ہر سعادت از خداست — درمیان ما و تو بس فرقہاست
سر بلندم من دو چشم من بلند — بینشش عالی امان ست از گزند
از سر کُہ من ببینم پائے کوہ — ہر گو و ہموار را من تو بتو
ہمچنان کہ دید او صدر اجل — پیش کار خویش تا روز اجل
انچہ خواہد بود بعد شصت سال — داند اندر حال آن نیکو خصال
حال خود تنہا ندید آن متقی — بلکہ حال مغربی و مشرقی
نور در چشم و دلش سازد سکن — بہر چہ سازد پے حب الوطن
ہمچو یوسف کو بدید اول بخواب — کہ سجودش کرد ماہ و آفتاب
از پس دہ سال بلکہ بیشتر — انچہ یوسف دیدہ بُد بر کرد سر
نیست آن ینظر بنور اللہ گزاف — نور ربانی بود گردون شگاف
نیست اندر چشم تو آن نور رو — ہستی اندر حس حیوانی گرو
تو ز ضعف چشم بینی پیش پا — تو ضعیفی و ہم ضعیفت پیشوا

زخم لیتا مول سر پہ غیب سے — توڑ کر توبہ کو وہ بدبخت ہے
پھر وہ کم عقلی سے جو توبہ کرے — دیو پھر توبہ کو اُسدم توڑ دے
ضعف اندر ضعف غرہ اسقدر — کہ وہ دیکھے واصلوں کو خوار تر
۵۱ اے شتر تو مثل مومن آشکار — کم گرے تو منہ کے بل کم کھائے مار
کیا تو رکھتا ہے کہ بے آفت تجھے — نے تو گرتا ہے نہ ٹھوکر کھائے ہے
بولا اگرچہ ہر سعادت حق سے ہے — فرق بس ہے درمیان میرے ترے
سر بلند اور چشم میری ہے بلند — اور نظر عالی ھری اے ہوشمند
دیکھتا ہوں کوہ پر سے چڑھکر میں — ہر گڑھے کو اونچا نیچا راہ میں
دیکھتا ہے جیسے وہ صدر اجل — پہلے کام اپنے سے تا روز اجل
۵۲ ہوئیگا جو کچھ کہ بعد از ساٹھ سال — جانتا اسدم ہے وہ نیکو خصال
حال خود تنہا نہیں وہ دیکھتا — بلکہ دیکھے حال شرق و غرب کا
نور اُسکی چشم باطن میں یہ ہے — کس لئے حب الوطن کیواسطے
جیسے پہلے دیکھا یوسف نے بخواب — کہ کریں سجدہ مجھے مہ آفتاب
دس برس کے بعد بلکہ اور سوا — دیکھا جو یوسف نے وہ ظاہر ہوا
وہ خفا ینظر بنور اللہ خلاف — نور حق ہوتا ہے بس گردوں شگاف
آنکھ میں تیرے نہیں وہ نور ہے — حس حیوانی نے پھانسا ہے تجھے
۵۳ دیکھے ضعف چشم سے تو پیش پا — تو بھی تیرا ضعیف اے پیشوا

سلہ ۵۱ اے شتر الخ ے شعر اے شتر تو مانند مومن کے بظاہر کم گرے منہ کے بل و کم مار کھائے تو کیا رکھتا ہے کہ تجھے آفت نہیں ہے کہ نہ تو گرتا ہے اور نہ ٹھوکر کھاتا ہے شتر نے کہا کہ اگرچہ ہر ایک سعادت حق سے ہے و لیکن درمیان میرے و تیرے بس فرق ہے سر و چشم میری بلند ہے اور نظر عالی ہے میری اے ہوشمند میں کوہ پر سے چڑھ کر دیکھتا ہوں ہر ایک گڑھے کو اونچا نیچا راہ میں آگے اس کے حقائق ہیں جیسے وہ دیکھتا ہے صدر اجل پہلے اپنے کام سے روز اجل تک یعنی جیسے حضرت رسول مقبول صلعم کام سے اول اجل تک کا حال معائنہ فرماتے تھے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ ہوئیگا الخ ے شعر جو کچھ ہوئیگا بعد ساٹھ برس کے وہ نیک خصال اسدم جانتا ہے وہ حال اپنا تنہا نہیں دیکھتا تھا بلکہ حال مشرق و مغرب کا دیکھتا تھا اُسکی چشم باطن میں نور ہے کسواسطے حب الوطن کے واسطے آگے اسکی مثال ہے جیسے یوسف علیہ السلام نے اول خواب میں دیکھا کہ مجھے سجدہ کرتے ہیں مہر و ماہ دس برس کے بعد بلکہ اور سوا جو یوسف علیہ السلام نے دیکھا تھا وہ ظاہر ہوا وہ ینظر بنور اللہ خلاف نہ تھا کہ نور حق گردون شگاف ہوتا ہے تیری آنکھ میں وہ نور نہیں ہے تجھکو حس حیوانی نے پھانسا ہے یعنی جو نور اللہ کے ساتھ دیکھتا ہے خلاف نہیں ہوتا ہے بلکہ وہ انجام میں ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۳ دیکھے الخ ے شعر ضعف چشم سے تو پیش پا دیکھے تو اور تیرا پیشوا ضعیف ہے جو چشم دست و پا کی پیشوا ہے وہ جاد بجا ہمیشہ دیکھتی ہے دوسری یہ بات ہے کہ چشم روشن تر ہے میری تیسری یہ کہ خلقت میری طاہر ہوئی ہے کسواسطے کہ میں اولاد حلال ہوں نہ حرامی و نہ زنائی و نہ گمراہ تو اولاد زنائی بے شبہ ہے تیر کج جاوے جو کمان کج ہووے یعنی اولیاء اللہ کی جو چشم باطن روشن ہوتی ہے وہ پیش و پس کو دیکھتی ہے کیونکہ وہ اولاد حلال سے ہوتے ہیں بس شتر سے مراد انبیاء ہیں اور خچر سے مرد تائب آگے معقول ہونا خچر کا بیان ہے فافہم ۱۲

پیشوا چشم ست دست و پای را — کو ببیند جای را نا جای را
دیگر آنکه چشم من روشن ترست — دیگر آن که خلقت من اظہرست
زانکه من ہستم ز اولاد حلال — نے ز اولاد زنا و اہل ضلال
تو ز اولاد زنائی بے گمان — تیر کژ پرد چو کژ باشد کمان

چشم ہے جو دست و پا کی پیشوا — دیکھے ہے جا اور بیجا کو سدا
دوسرے یہ آنکھ روشن ہے مری — تیسرے خلقت ہوئی اظہر مری
کس لئے کہ مین ہون اولاد حلال — نے حرامی نے زنائی سے ضلال
تو ہے اولاد زنائی بے گمان — تیر کج جائے جو کج ہووے کمان

تصدیق کردن استر جواب اشتر را و اقرار آوردن بفضل وے بر خود و استعانت خواستن و پناه گرفتن و نواختن شتر او را و راه نمودن باو

سچا جاننا خچر کا جواب شتر کو اور اقرار کرنا اُس کی بڑائی کا اپنے پر اور مدد چاہنا اور پناہ لینا اور نفع پہونچانا اور راہ بتانا شتر کا اُسکو

گفت استر راست گفتی اے شتر — این بگفت و چشم کرد از اشک تر
ساعتے بگریست در پایش فتاد — گفت اے بگزیدہ رب العباد
چہ زیان دارد که از فرخندگی — در پذیری تو مرا در بندگی
فضل تو بر من فزونست از شمار — ہم بفضل خود مرا معذور دار
گفت چون اقرار کردی پیش من — رو که رستی تو ز آفات زمن
دادی انصاف و رہیدی از بلا — تو عدو بودی شدی اہل ولا
خوی بد در ذات تو اصلی نبود — که ز بد اصلی نیاید جز جحود
آن بد عاریتے باشد که او — آرد اقرار و شود او توبہ جو

بولا خچر کہتا سچ ہے اے شترا — یہ کہا اور اشک سے کی چشم تر
رو دیا اور بس اُسکے قدمون پر گرا — اور کہا کہ اے تو مقبول خدا
ہووے کیا نقصان اگر تو اب مجھے — بندگی مین بس قبول اپنی کرے
فضل تیرا مجھسے زیادہ حد سے ہی — رکھ مجھے معذور اپنے فضل سے
بولا جو اقرار مجھ سے بس کیا — جا کہ آفت سے زمانے کی بچا
جو ہوا منصف بلا سے تو چھٹا — تھا تو دشمن دوست میرا ہو گیا
خوے بد نے اصل مین تھی کچھ ترے — اصل بد سے ہو نہ جز انکار کے
وہ بدی بس عارضی ہووے کہ وہ — لائے اقرار اور ہووے توبہ جو

۵۱. بولا خچر آلخ ۷ شعر خچر نے کہا کہ اے شتر تو سچ کہتا ہے بس یہ کہا اور چشم اشک سے تر کی رو یا اور اس کے قدمون پہ گرا اور کہا کہ اے مقبول خدا کیا نقصان ہووے کہ اگر تو اب مجھے بندگی مین اپنی قبول کرے تیرا فضل مجھپر زیادہ حد سے ہے تو مجھے معذور رکھ اپنے فضل سے کہا کہ جو تو نے اقرار مجھ سے کیا جا کہ زمانہ کی آفت سے بچا یعنی جو تو مقر اوپر وحدانیت کے ہوا بلا سے بچا جو تو منصف ہوا بلا سے چھوٹا تو دشمن تھا اب میرا دوست ہوا تیری خوئے بد اصل مین کچھ نہ تھی کیونکہ اصل بد سے بجز انکار کے نہین ہوتا ہے آگے اسکے حقائق مین فافہم ۱۲

۵۲ وہ بدی آلخ ۵ شعر وہ بدی عارضی ہووے کہ وہ اقرار لائے اور توبہ جو ہووے آگے اسکی مثال ہے جیسے آدم کی ذات عارضی تھی اسواسطے کہ توبہ اُستے اُسی دم کی اس ابلیس کی جو کہ اصل بد تھی توبہ کی جانب اُسنے کوشش نہ کی آگے قول شتر کا ہے جو تو خود سے خوے بد سے چھوٹا شعلہ نار وہ در ندون سے بچا جو تجکو اب دولت حاصل ہوئی بس تو نے پایا بخت سرمدی یعنی جناب رسول مقبول صلعم کے جو کفار مطیع ہوتے تھے تو یہی معاملہ اُنکے ساتھ ہوتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

ہمچو آدم زلتش عاریہ بود / لاجرم اندر زمان توبہ نمود
چونکہ اصلے بود جرم آن لعین / رہ نبودش جانب توبہ نفیس
رو کہ رستی از خود و از خوے بد / در زبانہ نار از دندان دد
رو کہ اکنون دست در دولت زدی / در فگندی خود بہ بخت سرمدی
ادخلی تو در عبادی یافتی / وادخلی فی جنتی در یافتی
در عبادش راہ کردی خویش را / رفتی اندر خلد از راہ خفا
اہدنا گفتی صراط المستقیم / دست تو بگرفت و بردت تا نعیم
نار بودے نور گشتی اے عزیز / غورہ بودے گشتی انگور و مویز
اخترے بودی شدی تو آفتاب / شاد باش اللہ اعلم بالصواب
اے ضیاء الحق حسام الدین بگیر / شہد خویش اندر فگن در جوے شیر
تا رہد آن شیر از تغییر طعم / یابد از بحر مزہ تکثیر طعم
متصل گردد بدان بحر الست / چونکہ شد دریا ز ہر تغییر رست
منفذے یابد در ان بحر عسل / آفتے را نبود اندر وے عمل
غرہ کن شیروار اے شیر حق / تا رود آن غرہ بر ہفتم طبق
چہ خبر جان ملول سیر را / کے شناسد موش غرہ شیر را
بر نویس احوال خود با آب زر / بہر ہر دریا دلی عالی گہر
آب نیل ست این حدیث جانفزا / یا ربش در چشم قبطی خون نما

جیسے تھی آدم کی لغزش عارضی / اسلیئے توبہ اُسی دم اُسنے کی
اصل بد تھی جو کہ اُس ابلیس کی / جانب توبہ نہ کوشش اُسنے کی
جا کہ خود سے خوی بد سے تو چھٹا / شعلۂ نار درندون سے بچا
جا کہ دولت تجکو اب حاصل ہوئی / اور پایا تونے بخت سرمدی
ادخلی اندر عبادی بس ملے / وادخلی فی جنتی کی رہ چلے
خود کو داخل اُسکے بندون مین کیا / راہ پوشیدہ سے جنت مین لیا
اہدنا بولا صراط المستقیم / لے گیا وہ تجکو تا باغ نعیم
نار تھا بس نور اب تو ہو گیا / غورہ تھا انگور اب تو ہو گیا
تھا تو اختر ہو گیا تو آفتاب / خوش رہو واللہ اعلم بالصواب
اے ضیاء الحق حسام الدین نکال / میری جوے شیر مین شہد اپنا ڈال
تا نہووے شیر میرا بد مزا / اور مزہ ایسے پائے وہ از حد مزا
متصل بحر الستی کے ہوا / جو ہوا دریا تغیر سے چھٹا
شہد کے دریا مین پائے راہ وہ / اور نہ اُسمین دخل کچھ آفت کو ہو
نعرہ مثل شیر کر شیر خدا / تا وہ نعرہ آسمان پر ہو رسا
کیا خبر بھوکی جان کی سیر کو / ہوش کیا پہچانے نعرہ شیر کو
آب زر سے لکھ تو حال اپنا ائے / گوہرون دریا دلون کے واسطے
آب نیل اب یہ سخن ہو جانفزا / چشم قبطی مین تو خون کر دے خدا

سلہ ادخلی الخ ۵ شعر ترجمہ داخل ہو تو میرے بندون مین اور داخل ہو تو میری جنت مین پس تونے خود کو داخل کیا بندون مین راہ پوشیدہ سے جنت مین گیا کہا کہ ہدایت کر مجھ کو راہ سیدھی پر وہ لے گیا تجھ کو باغ نعیم تک تو نار تھا اب نور ہو گیا تو غورہ تھا اب انگور ہو گیا تو اختر تھا آفتاب ہو گیا خوش رہو اللہ خوب جانتا ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

سلہ اے ضیاء الحق الخ ۸ شعر اے ضیاء الحق حسام الدین شہد اپنا نکال اور میری جوے شیر مین ڈال تا میرا شیر بد مزہ نہ ہووے اور مزہ سے از حد مزہ پائے بحر الستی کے متصل ہوا جو دریا ہوا تغیر سے چھوٹا وہ شہد کے دریا مین راہ پائے اور اُس مین نہ کچھ آفت کو دخل ہووے شیر کے مانند نعرہ مارے اے شیر خدا تا کہ وہ نعرہ آسمان پر پہونچے بھوکی جان کی خبر کیا سیر جان ہوا اور ہوش کیا پہچانے نعرۂ شیر کو تو آب زر سے حال اپنا لکھ و لیکن دریا دلون کے گوہر کے واسطے یہ سخن جانفزا آب نیل ہے اے خدا چشم قبطی مین خون کردے یعنی رسول اللہ آپ میرے کلام مین ذوق بخشو کہ بامزہ ہووے اور مثل آب رود نیل کے چشم منکرون مین خون ہووے آگے قصہ قبطی و سبطی کا مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ عہ داخل ہو تو میری جنت مین ۱۲ عہ ہدایت کر مجکو راستہ مضبوط ۱۲

لابہ کردن قبطی سبطی را کہ یک ظرف بہ نیت خویشش از نیل پر کن و بر لب من نہ تا بخورم بحق دوستی و برادری کہ شما چون بر میدارید آب صاف است و چون ما بر میداریم خون صاف ست

خوشامد کرنا قبطی کا سبطی سے کہ ایک برتن مین آب نیل کو بہ نیت اپنی بھر کر میرے لب پر رکھ کہ تا مین پیون کہ میرا حق دوستی و برادری کا تجھپر ہی کیونکہ جو تم بھرتے ہو آب صاف ہے اور جو ہم بھرتے ہین خون صاف ہی

می شنیدم کہ در آمد قبطیی — از عطش اندر وثاق سبطیی
گفت ہستم یار و خویشاوند تو — گشتہ ام امروز محتاجمند تو
زانکہ موسیٰ جادوئی کرد و فسون — تا کہ آب نیل ما را کرد خون
سبطیان زان آب صافی میخورند — پیش قبطی خون شد آب از چشم بند
قبطیان تک میمیرند از تشنگی — از پے ادبیر خود یا بدرگی
بہر خود یک طاس را از آب کن — تا خورد از آبت این یار کہن
چون برائے خود کنی این طاس پر — خون نباشد آب باشد پاک و حر
من طفیل تو بنوشم آب ہم — کہ طفیلی در طبیع . بجہد ز غم
گفت ای جان جہان خدمت کنم — پاس دارم ای دو چشم روشنم

یہ سنا[١] مین نے کہ اک قبطی گیا — پاس سبطی کے جو بس تشنہ ہوا
بولا مین تیرا عزیز اور یار ہون — پر مین تجھسے آج اک حاجت رکھون
کیونکہ ایسا سحر موسیٰ نے کیا — خون آب نیل ہم پر ہو گیا
صاف پانی پیتے سبطی نیل سے — قبطیون پر خون نظر بندی سے ہے
قبطی اب مرتے ہین مارے پیاس کے — اپنی بدبختی سے یا بدنسل سے
اک پیالہ[٢] پانی لا اپنے لیے — تا پیے یہ یار تیرے آب سے
جو پیالہ تو بھرے اپنے لئے — خون نہووے پاک پانی ہو تجھے
تا پیون پانی طفیل اب مین ترے — کہ طفیلے غم سے طاعت مین چھٹے
بولا اے جان جہان خدمت کرون — اے مرے دیدہ رعایت مین رکھون

١ یہ سنا الخ ۵ شعر یہ مین نے سنا کہ ایک قبطی گیا پاس سبطی کے جو بہت تشنہ ہوا کہا کہ مین تیرا عزیز اور یار ہون ولیکن تجھسے آج ایک حاجت رکھتا ہون کیونکہ موسیٰ نے ایسا سحر کیا ہے کہ آب نیل ہمپر خون ہو گیا ہے کہ سبطی صاف پانی نیل سے پیتے ہین اور قبطیون پر نظر بندی سے خون ہے اب قبطی مارے پیاس کے مرتے ہین اپنی بدبختی یا فعل بد سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

٢ اک پیالہ الخ ۵ شعر ایک پیالہ پانی اپنے واسطے لا تا کہ یار تیرے آب سے پیئے جو پیالہ اپنے واسطے بھرے خون نہ ہو دوسرے تجھے پاک پانی ہو تا کہ تیرے طفیل مین پانی پیون کہ طفیلے طاعت مین غم سے چھوٹے کہا کہ اے جان جہان خدمت کرون اے میرے دیدہ مین رعایت رکھون تیری رائے پر جاؤن اور عشرت کرون اور تجکو چھڑاؤن تیرا تابع ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

برمراد تو قوم شادی کنم	بندهٔ تو باشم آزادی کنم
طاس را از نیل او پر آب کرد	بر دہان بنہاد نیمی را بخورد
طاس را کژ کرد سوی آب خواه	که بخور تو هم شد آن خون سیاه
باز زان سو کرد کژ خون آب شد	قبطی اندر خشم و اندر تاب شد
ساعتی بنشست تا خشمش برفت	بعد از آن گفتش که ای صمصام زفت
ای برادر این گره را چاره چیست	گفت این را آن خورد کو متقیست
متقی آنست کو بیزار شد	از رہ فرعون و موسیٰ وار شد
قوم موسیٰ شو بخور این آب را	صلح کن با مه ببین مہتاب را
صد ہزاران ظلمت است از خشم تو	بر عباد اللہ اندر چشم تو
خشم بنشان چشم بکشا شاد شو	عبرت از یاران بگیر استاد شو
کی طفیل من شوی در اعتراف	چون ترا کفریست ہمچون کوه قاف
کوه در سوراخ سوزن کی رود	جز مگر آن کوه برگ که شود
کوه را که کن باستغفار خوش	جام مغفوران بگیر و خوش بکش
تو بدین تزویر چون نوشی از آن	چون حرامش کرد حق بر کافران
خالق تزویر تزویر ترا	کی خرد ای مفتری مفتری
آل موسیٰ شو که حیلت سود نیست	حیله ات باد تہی پیمود نیست
زہره دارد آب کز امر صمد	گردد او با کافران آبی کند

راے پر تیری چلون عشرت کرون	اور چھڑاؤن تجکو تابع تیرا ہون
نیل[سلہ] سے پانی پیالے مین بھرا	منھ لگا کر اُس سے بس آدھا پیا
بس جھکایا جام سوے آب خواہ	کہ تو پی وہ ہوگیا خونِ سیاہ
جب ادھر پھیرا تو خون پانی ہوا	قبطی اس غصہ سے آتش مین جلا
ٹھہرا تھوڑی دیر تا غصہ گیا	بعدہٗ بولا کہ اے سیفِ خدا
اے برادر کیا دوا اس رنج کی	بولا یہ وہ کھائے جو ہے متقی
متقی[سلہ] وہ ہے کہ جو بیزار ہے	راہ فرعون سے و موسیٰ سے ملے
قوم موسیٰ ہو و کھا اس آب کو	صلح کر مہ سے و یا مہتاب کو
سیکڑون ظلمت ہے تیرے خشم سے	بندۂ حق پر ہے اندر چشم کے
خشم کھو اور چشم کھول اور شاد ہو	عبرتین یارون سے لے استاد ہو
کب طفیلی ہو مرا با اعتراف	جو ہے تیرا کفر مثل کوہ قاف
کوہ ناکے مین سوئی کے کب گھسے	اُس سوا کہ کے جو برگ کہ بنے
کوہ کو کہ کر تو استغفار سے	جام مغفورون کا پی تو پیار سے
کب تو اسکو پی سکے اس مکر سے	کہ حرام اسکو کیا کفار پے
مکر[سلہ] کا خلاق تیرے مکر کو	کب خریدے ای فریبی مکر جو
آل موسیٰ ہو و حیلہ مت کرے	فعل عبث ہے حیلہ کرنا بس تجھے
آب کو طاقت کہ حکم اللہ سے	بس پھرے اور کافرونکو آب دے

سلہ نیل سے الخ ۵ شعر پانی نیل سے پیالہ مین بھرا اور اُس سے منھ لگا کر آدھا پیا اور پیالہ جھکایا طرف اُس آب خواہ کے کہ تو بھی پی اور وہ خون سیاہ ہوگیا اور جب ادھر پھیرا تو خون پانی ہوا قبطی اس غصہ سے آگ مین جلا تھوڑی دیر ٹھہرا تا غصہ گیا بعدہٗ کہا کہ اے سیفِ خدا اے برادر اس رنج کی دوا کیا ہے کہا کہ وہ شخص کھائے کہ جو متقی ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ متقی الخ ۸ شعر وہ متقی ہے کہ جو بیزار ہوا راہ فرعون سے اور موسیٰ سے ملے قوم موسیٰ ہو اور اس آب کو کھا ماہ سے صلح کر د ماہتاب کو بہ تیر خشم سے سیکڑون ظلمت ہے بندۂ حق پر اندر چشم کے خشم کھو اور چشم کھول اور شاد ہو یارون سے عبرتین لے تا استاد ہو تو کب طفیلی میرا با اعتراف ہو جلو بھر پانی مین جو تیرا کفر مانند کوہ قاف کے ہے ناکے مین سوئی کے کب گھسے سوا اُس کوہ کے کہ جو برگ کاہ بنے پس تو کوہ کو کاہ کر استغفار سے اور جام مغفورون کا پی تو پیار سے تو اسکو کب پی سکے اس مکر سے کہ اسکو حرام کیا ہے کفار پر یعنی وہ متقی ہے کہ جو نفس سے بیزار ہوا اور روح سے اپنی ملا پس تو نفس کو کھو اور بینا ہو اور یارون سے عبرت پکڑ اور اپنے نفس کو لاغر کر استغفار سے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ مکر کا الخ ۴ شعر خالق مکر کا تیرے مکر کو کب خریدے ای فریبی مکار آل موسیٰ ہو و حیلہ مت کر حیلہ کرنا تجکو اک فعل عبث ہے آب کو طاقت ہے کہ اللہ کے حکم سے پھرے اور کافرون کو آب دے یا تو جانے کہ تو روٹی کھاتا ہے زہر لا اور آگ جان کی کھاتا ہے وہ روٹی اصلاح جان کہاں کرتی ہے حکم حق سے وہ کہاں دل کو پھیرتی ہے یا تو جانے کہ حرف مثنوی جو تو پڑھے رائگان سبھی ہووے یا کلام رمز اور حکمت بھرے ہوئے سہل کان مین آ گئے تا اہل کے سہل آئے ولیکن کہانی کی مثال پوست کھلائے مغز و گمان نہین یعنی کلام اہل اللہ کے کان مین ہر نااہل کے کب آتے ہین اور اگر کان مین آئین

یا تو پنداری کہ تو نان میخوری ۔ زہر مار و کاہش جان میخوری
نان کجا اصلاح آن جانی کند ۔ کو دل از فرمان جان دہ بر کند
یا تو پنداری کہ حرف مثنوی ۔ چون بخوانی رایگانش بشنوی
یا کلام حکمت و سر نہان ۔ اندر آید سہل در گوش کہان
اندر آید لیک چون افسانہا ۔ پوست بنماید نہ مغز و دانہا
در سر و در رو کشیدہ چادرے ۔ رو نہان کردہ ز چشمت دلبرے
شاہنامہ یا کلیلہ پیش تو ۔ ہمچنان باشد کہ قرآن از عتو
فرق آنگہ باشد از حق و مجاز ۔ کہ کند کحل عنایت چشم باز
ورنہ پشک و مشک پیش اخشمی ۔ ہر دو یکسان ست چون نبود شمی
خویشتن مشغول کردن از ملال ۔ باشدش قصد از کلام ذو الجلال
کاتش وسواس را و غصہ را ۔ زان سخن بنشاند و سازد دوا
بہر این مقدار آتش شاندن ۔ آب پاک و بول یکسان شد یقین
آتش وسواس را این بول آب ۔ ہر دو بنشانند ہمچون خمر خواب
لیک گر واقف شوی زین آب پاک ۔ کہ کلام ایزدست و روحناک
نیست گردد وسوسہ کلی ز جان ۔ دل بیابد رہ بسوے گلستان
زانکہ در باغی و در جوے پرد ۔ ہر کہ از سر صحف بوے برد
یا تو پنداری کہ روے انبیا ۔ آنچنان کہ ہست می بینیم ما

یا تو جانے کہ تو روٹی کھائے ہو ۔ زہر مار اور آگ جان کی کھائے ہو
وہ کہان روٹی کرے اصلاح جان ۔ ظلم حق سے دل کو پھیرے وہ کہان
یا تو جانے کہ حروف مثنوی ۔ جو پڑھے تو رائگان ہووے کبھی
یا کلام رمز اور حکمت بھرے ۔ سہل آئے کان مین نااہل کے
سہل آئے پہ کہانی کی مثال ۔ پوست دکھلائے نہین مغز و کمال
سلہ ڈالا برقع سر پے اور رخسار پے ۔ اور چھپایا تجھسے منھ دلدار نے
شاہنامہ اور کلیلہ پس تجھے ۔ سرکشی سے ہووے جون قرآن کی
حق و باطل سے ہو فرق اُسدم تجھے ۔ چشم جو سرمہ عنایت سے کھلے
ورنہ مشک و مینگنی کو اخشمی ۔ ایکسان جانے جو نے بوئیدگی
خود کو شاغل رفع وحشت کیلئے ۔ جو تو کرتا ہو کلام اللہ سے
سلہ کہ بجھائے وسوسہ غصہ کی نار ۔ اس کلام حق سے تا ہووے بہار
اس طرح آتش بجھانے مین دلا ۔ آب پاک اور بول اک سان ہوگیا
آتش وسواس کو یہ بول و آب ۔ بس بجھائے جس طرح خواب و شراب
گر تو واقف ہو اس آب پاک سے ۔ کہ خدا کا یہ کلام اک پاک ہے
دور بالکل وسوسہ ہو جان سے ۔ گلستان کی راہ بس دل کو ملے
کیونکہ نہر و گلستان مین وہ اڑے ۔ بھید سے قرآن کے جسکو بو ملے
سلہ یا تو جانے ہے کہ رخ انبیا ۔ جیسا ہے ویسا ہون اُسکو دیکھتا

سلہ ڈالا برقع الخ ۵ شعر برقع ڈالا سر پر اور رخسار پر دلدار نے اور تجھسے منھ چھپایا یا تجھ کو شاہنامہ اور کلیلہ سرکشی سے قرآن کے مانند معلوم ہووے اسدم تجھکو حق و باطل سے فرق ہو کہ جو سرمہ عنایت سے چشم کھلے ورنہ مشک و مینگنی کو بھنڈا ایکسان جانے جو بوئیدگی نہو رفع وحشت کے لیے جو تو خود کو شاغل کرتا ہے کلام اللہ سے یعنی سرمۂ عنایت سے جسدم تیری آنکھ کھلے اُسوقت کلام مثنوی و کلیلہ و شاہنامہ مین تجکو فرق معلوم ہو کہ یہ حق ہین اور وہ کہانی قصہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کہ بجھائے الخ ۶ شعر کہ وسوسہ و غصہ کی نار بجھائے اس کلام حق سے تا بیار ہووے اس طرح آگ بجھانے مین آب پاک و بول یکسان ہے آتش وسواس کو یہ پیشاب و آب بجھائے جس طرح خواب و شراب بجھاتی ہو اگر تو آب پاک سے واقف ہو کہ یہ خدا کا کلام پاک ہو وسوسہ دور بالکل جان سے ہو اور گلستان کی راہ دل کو ملے کیونکہ نہر و گلستان مین وہ اڑتا ہے جس کو قرآن کے بھید سے بو ملتی ہو یعنی کلام حق مثل آب پاک کے ہے اگرچہ اک وحشت دل کی بجھائی ہے ولیکن وسواس جان کو دور کرتا ہو اور معنی مین راہ دیتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ یا تو الخ ۷ شعر یا تو جانتا ہے کہ روے انبیا جیسا کہ ہے ویسا مین دیکھتا ہون پس مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تعجب مین رہے کو ہمیشہ مومن میرا منھ کیون نہین دیکھتے ہین نور منھ کا کیون نہین دیکھتے ہین کہ وہ روشن زیادہ ہے خورشید سے اور دیکھتے ہین تو یہ حیرت کسواسطے ہے اُسدم وحی آئی کہ وہ منھ حجاب رکھتا ہو کہ تیری جانب ماہ ہے اور خلق کی جانب ابر ہو کہ تا کوئی کافر وہ تیرا منھ نہ دیکھے تیری جانب دانہ اور خلق کی جانب دام ہو تا نے خاص کو کوئی خام نہ بیٹھے حق نے کہا ترجمہ کہ دیکھتا ہو تو انکو جو دیکھتے ہین تجھکو نقش حمامی ہین ترجمہ وہ نہین دیکھتے ہین یعنی منھ انبیا علیہ السلام کا جو اہل معنی دیکھتے تھے وہ عام نہین دیکھ سکتے تھے کہ اہل ظاہر کو پوست دکھتا ہو اور اہل معنی کو مغز مشاہدہ

معلوم ہوتا ہے آگے اسکی مثال ہو فافہم ۱۲

در تعجب مانده پیغمبر ازان چون نمی بینند رویم مومنان
چون نمی بینند نور رویم خلق که سبق برده است بر خورشید شرق
ور همی بینند این حیرت چرا است تا که وحی آمد که آن رو در خفاست
سوی تو ماه است و سوی خلق ابر تا نه بینند رایگان روی تو گبر
سوی تو دانه است سوی خلق دام تا نه نوشد زین شراب خاص و عام
گفت یزدان که تراهم ینظرون نقش حمام اند هم لا یبصرون
می نماید صورت ای صورت پرست کان دو چشم مرده او ناظر است
پیش چشم نقش می آری ادب که چرا پاسم نمی دارد عجب
از چه پس بی پاسخ است این نقش نیک که نمی گوید سلامم را علیک
می نه جنباند سر و سبلت ز جود پاس آنکه کردمش من صد سجود
حق اگرچه سر نجنباند برون پاس آن ذوقی دهد در اندرون
که دو صد جنباندن سر ارزد آن سر چنین جنباند آخر عقل و جان
عقل را خدمت کنی در اجتهاد پاس عقل آنست کافزاید رشاد
حق نجنباند بظاهر سر ترا لیک سازد بر سران سرور ترا
مر ترا چیزی دهد یزدان نهان که سجود تو کنند اهل جهان
آن چنان که داد سنگی را هنر تا عزیز خلق شد یعنی که زر
قطرهٔ آبی بیابد لطف حق گوهری گردد برد از زر سبق

پس تعجب مین تھے پیغمبر ادا کیون نہین منھ دیکھتے مومن مرا
نور منھ کا کیون نہین ہین دیکھتے کہ ہے روشن زیادہ وہ خورشید سے
دیکھتے ہین پھر یہ حسرت کس لئے وحی آئی کہ وہ منھ پردہ رکھے
تیری سو ہے ماہ سوے خلق ابر تا وہ منھ تیرا نہ دیکھے کوئی گبر
تیری سو دانہ ہے سوے خلق دام تا پیے نے خاص کے گو کوئی عام
بولا یزدان کہ ترا ہم ینظرون نقش حمامی ہین ہم لا یبصرون
سلہ ۵۱ کہ تجھے اے بت پرست اک بت دکھے کہ دو چشم مردہ وہ ناظر رکھے
تو ادب اُس چشم کے آگے کرے کہ مرا تو پاس اب کیون نہ رکھے
کس لئے یہ نقش ہے اب بے جواب کہ سلامون کا نہ دے میرے جواب
نے ہلاتا ہے وہ سر از راہ جود اسکی خاطر سو کیے مین نے سجود
گرچہ حق نے سر ہلایا نے ظاہرا اسکی خاطر ذوق دے ہے باطنا
سجدے کرنا دو سو لائق ہے اُسے کہ ہلاتا سر ہے عقل و جان سے
عقل کی تو جہد مین خدمت کرے تجھکو خوبی دے یہ پاس عقل سے
سلہ ۵۲ ظاہرا حق گو نہ جنبش سر کو دے تجھکو حاکم وہ مگر سر پر کرے
خاص تجکو چیز اک دے حق نہان کہ کرین سجدہ تجھے اہل جہان
جیسے پتھر کو دیا ہے اک ہنر تا عزیز خلق ہے یعنی کہ زر
لطف حق کو پائے قطرہ آب کا ہووے گوہر زر سے قیمت مین سوا

سلہ ۵۱ کہ تجھے اے الخ شعر اے بت پرست اگر تجھ کو ایک بت دکھے کہ دو چشم مردہ ناظر رکھے تو ادب اُس چشم کے آگے کرے گا تو میرا پاس اب کیون نہین رکھتا ہے کسواسطے یہ نقش سب بے جواب ہے کہ میرے سلامون کا جواب نہین دیتا ہے نہ سر ہلاتا ہے از راہ جود کہ اُس کی خاطر مین نے دو سو سجدے کئے آگے جواب مومن کا ہے اگرچہ حق بھی ظاہرا سر نہین ہلاتا ہے لیکن اُس کی خاطر باطنا ذوق دیتا ہے اُسے مومن سجدے کرنا لائق ہے کہ عقل جان کا سر ہلاتا ہے تو عقل کی جہد مین خدمت کرے تجکو خوبی دے یہ پاس عقل کا ہے یعنی زبان دنیا کے روبرو سر جھکاتا ہے کہ وہ جواب تک تجکو نہین دیتے ہین اور خدا کے روبرو سر نہین جھکاتا ہے کہ وہ عقل و جان کو تیرے رونق دیتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ ظاہرا حق الخ شعر حق بظاہر سر کو جنبش نہین دیتا ہے ولیکن تجکو سر پر سردار کرتا ہے حق تجکو ایک چیز خاص پوشیدہ دے کہ اہل جہان تجھے سجدہ کرین جیسے پتھر کو ایک ہنر دیا ہے کہ عزیز خلق کا ہو گیا ہے یعنی وہ زر ہے قطرۂ آب اگر لطف حق کو پائے گوہر ہووے قیمت مین زر سے سوا جو حق نے چمک جسم خاکی کو دی ماہ کے مانند عالم کی تسخیر کی یہ طلسم و نقش مردہ ہے ولیکن احمقون کو اس کی آنکھ نے پھیرا ہے جس نے خود کرد کھلائے اور آنکھ مارے بے وقوف اس کو سند جانتے ہین یعنی یہ جسم عنصری مردہ ہے مگر اس مین حق تعالی نے ایک چمک دی ہے کہ وہ عالم کو تسخیر کرتا ہے اور احمق اس جسم کی گردش چشم کو دیکھ کر جسم کو بہتر جانتے ہین اور اسیر ہوتے ہین اور اس چمک کو نہین پہچانتے ہین پس اس پہچانت کو دید و مشاہدہ کہتے ہین فافہم ۱۲

جسم خاک ست و حق تابیش داد	در جہانگیری چو مہ شد اوستاد	جسم خاکی کو چمک جو حق نے دی	مثل مہ تسخیر اک عالم کی کی
ہین طلسم ست این نقش مردہ است	احمقان را چشمش اندر بردہ است	یہ طلسم و نقش مردہ ہو وے	احمقون کو پھیرا اُسکی آنکھ نے
می نماید آن کہ چشمی میزند	ابلہان سازیدہ اند آنرا سند	آنکھ مارے خود کو دکھلائے کبھی	بیوقوف اُس کو سند ہین جانتے

درخواستن قبطی دعاے خیر و ہدایت از سبطی و دعا کردن سبطی قبطی را بخیر و مستجاب شدن آن دعا از اکرم الاکرمین حق تعالے

چاہنا قبطی کا دعاے خیر اور ہدایت سبطی سے اور مانگنا دعاے خیر سبطی کا قبطی کیلئے اور مستجاب ہونا اُس دعا کا بدرگاہ مجیب الدعوات

گفت قبطی تو دعاے کن کہ من	از سیاہی دل ندارم آن دہن	سلہ بولا قبطی تو دعا کر مہربان	مین سیہ دل سے نرکھون وہ دہان
تا بود کہ قفل این در وا شود	زشت را در بزم خوبان جا شود	ایسا ہو کہ قفل اس در کا کھلے	زشت کو جا بزم خوبان مین ملے
از تو مسخی صاحب خوبی شود	یا بلیسی باز کروبی شود	تجھسے مسخی صاحب خوبی بنے	یا کہ پھر ابلیس کروبی بنے
تا بفر دستِ مریم بوی مشک	یابد و تری و میوہ شاخ خشک	یا طفیل دست مریم بوے مشک	اور تری اور میوہ پاسے شاخ خشک
سبطی آندم در سجود افتاد و گفت	کای خداے عالمِ سرِ نہفت	پس گرا سجدے مین سبطی اور کہا	اے علیم راز نہان اے خدا
سبطی و قبطی ہمہ بندہ توان	عاجزِ امرِ تو اند و مستمند	سبطی و قبطی ہین سب بندے ترے	عاجز و ناچار تیرے حکم سے
جز تو پیش کہ برآرد بندہ دست	ہم دعا و ہم اجابت از تو ست	سلہ کس سے حاجت چاہے بندہ تجھ سوا	ہے تجھی سے ہم اجابت ہم دعا
ہم اول تو دہی میل دعا	تو دہی آخر دعاہا را جزا	تو ہی دیتا پہلے ہے میل دعا	اور تو ہی آخر دعا کی دے جزا
اول و آخر توئی ما درمیان	ہیچ ہیچی کہ نیاید در بیان	اول و آخر تو ہی ہم درمیان	کچھ نہین کیا کچھ نہین کا ہو بیان
اینچنین میگفت تا افتاد طشت	از سرِ بام و دلش بیہوش گشت	یہ ہی کہتا تھا کہ راز اک کھل گیا	اور بیہوش اُس کا دل ہو گیا
باز آمد او بہوش اندر دعا	لیس للانسان الا ما سعی	آیا پھر وہ ہوش مین اندر دعا	لیس للانسان الا ما سعی

سلہ بولا قبطی الخ ۶ شعر قبطی نے کہا کہ تو دعا کر اے مہربان کہ مین تیرہ دلی سے وہ دہان نہین رکھتا ہون ایسا ہو کہ اس در کا قفل کھلے اور زشت کو بزم خوبان مین جا ملے مسخی تجھسے صاحب خوبی بنے یا بطفیل دست مریم کے بوے مشک اور تری میوے کی شاخ خشک پاوے پس سبطی سجدے مین گرا اور کہا کہ اے علیم راز نہان و اے خدا سبطی قبطی سب تیرے بندے ہین اور عاجز و ناچار ہین تیرے حکم سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کس سے الخ ۵ شعر تجھ سوا بندہ حاجت کس سے چاہے کہ تجھی سے ہم اجابت و ہم دعا ہے تو ہی اول میل دعا دیتا ہے اور تو ہی آخر دعا کی جزا دیتا ہے اول آخر تو ہے اور ہم ہین درمیان کچھ نہین ہین اور کچھ نہین کا کیا بیان ہو یہ ہی کہتا تھا کہ راز کھل گیا اور اسکا دل بیہوش ہو گیا پھر وہ ہوش مین آیا اندر دعا کے ترجمہ نہین ہے واسطے انسان کے مگر وہ جو کہ کوشش کرے یعنی خوش اعتقادی سے راز کھلتا ہے طالب پر کہ وہ جویندہ اسرار کا ہی مگر حق کی جانب سے اس کی توفیق ہو کہ وہی میل دعا دیتا ہو اور وہی دعا قبول کرتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

در دعا بود او کہ ناگہ نعرۂ   از دل قبطی بجست و غرۂ
کہ ہلا بشتاب و ایمان عرضہ کن   تا ببرم زود زنار کہن
آتشے درجان من انداختند   مر بلیسے را بجان بنواختند
دوستی تو زحب ناشگفت   حمد للہ عاقبت دستم گرفت
کیمیاے بود صحبت ہاے تو   کم مباد از خانۂ دل پاے تو
تو یکے شاخے بدی از نخل خلد   چون گرفتم او مرا تا خلد برد
سیل بود آنکہ تنم را در ربود   بردسیلم تا لب دریاے جود
من بسوے آب رفتم سوے سیل   بحر دیدم درگرفتم کیل کیل
طاس آوردش کہ اکنون آب گیر   گفت رو شد آبہا پیشم حقیر
شربتے خوردم زاللہ اشتری   تا بہ محشر تشنگی ناید مرا
آنکہ جوے و چشمہا را آب داد   چشمۂ اندر درون من کشاد
این جگر کہ بود گرم و آبخوار   گشت پیش ہمتش او آب خوار
کاف کافی آمد و بہر عباد   صدق وعدہ کہیعص
کافیم بدہم ترا من جملہ خیر   بے سبب بے واسطہ یاری غیر
کافیم بے نان ترا سیری دہم   بے سپاہ و لشکرت میری دہم
کافیم بے دارو ترا درمان کنم   کوہ را و چاہ را میدان کنم
بے کتاب و اوستا تلقین دہم   بے بہارت نرگس و نسرین دہم

وہ دعا مین تھا کہ ناگہ اک بڑا   نعرہ اس قبطی نے بس دل سے کیا
اور کہا ایمان بتادے مجھکو تو   تا کہ کاٹون جلد مین زنار کو
کہ لگائی جان مین آتش مرے   اور بلیسی کو نوازا جان سے
دوستی تجھسے تھی میری سرسری   حمد للہ دستگیری کی مری
کیمیا تھین صحبتین تیری وہ   کم نہو تیرا قدم دل سے مرے
ایک تھا تو شاخ نخل خلد سے   لے گئی تا خلد جو پکڑا اسے
سیل تھا وہ تن کہ میری لیگیا   لیگیا مجھکو وہ تا بحر سخا
لینے پانی سیل کی جانب گیا   بحر پایا میں بہت مین نے پیا
جام بھر لایا کہ پی تو اے امیر   بولا ہے پانی مرے آگے حقیر
کھایا شربت مین نے اللہ اشتری   حشر تک نے تشنگی ہووے ذرا
جس نے چشمے نہر کو پانی دیا   جاری چشمہ میرے اندر کردیا
یہ جگر کہ چاہتا تھا آب نیل   اسکے آگے اب ہوا پانی ذلیل
کاف کافی ہوگیا بہر عباد   صدق وعدہ کہیعص
مین ہون کافی خیر دون جملہ تجھے   بے سبب اور بے مدد بس غیر کے
مین ہون کافی سیر بے روٹی کرون   بے سپہ کے تجکو سرداری دون
مین ہون کافی بے دوا دارو کرون   کوہ کو اور چاہ کو میدان کرون
بے کتاب استاد کی تلقین کرون   بے بہار نرگس و نسرین دون

ا وہ دعا مین الخ ۶ شعر وہ سبطی دعا مین تھا کہ ناگاہ ایک بڑا نعرہ اُس قبطی نے دل سے کیا اور کہا کہ تو مجکو ایمان بتا دے تاکہ مین زنار کو جلدی کاٹون کہ میری جان مین آگ لگائی اور ابلیسی کو جان سے نوازا تجھ سے دوستی میری سرسری تھی الحمد للہ کہ میری دستگیری کری تیری ہم صحبتی کیمیا تھی ولیکن تیرا قدم خانۂ دل سے میرے گم نہو ایک تو شاخ تھا نخل خلد سے جو اُس کو پکڑو خلد تک لے گئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ سیل تھا الخ ۶ شعر سیل تھا کہ وہ میرے تن کو لے گیا اور لے گیا مجکو بحر صفا تک مین سیل کی جانب پانی لینے گیا دریا پایا اور بہت مین نے پیا وہ جام بھر کے لایا کہ تو نوش کر کہا کہ میرے آگے پانی حقیر ہے کہ مین نے کھایا شربت اللہ خرید اور بے حشر تک تشنگی ذرا نہ ہووے جس نے نہر و چشمہ کو پانی دیا اور میرے اندر چشمہ جاری کیا آگے حقائق ہین یہ جگہ آب نیل چاہتا تھا آگے اُس کے پانی ذلیل ہوا یعنی مین تو پانی چاہتا تھا کہ مجکو دریاے معنی مل گیا کہ میرے دل مین اُس سے چشمہ جاری ہے آگے قول حق تعالے کا بطور حقائق کے ہے فافہم ۱۲ ۳ کاف کافی الخ ۷ شعر کاف واسطے بندون کے کافی ہو گیا کہ سچا وعدہ ہے کہیعص مین کافی ہون بے روٹی کے سیر کرون اور بغیر سپاہ کے مین تجکو سرداری دون مین کافی ہون بغیر دوا کے معالجہ کرون کوہ و چاہ کو میدان کرون بغیر کتاب و استاد کے تلقین کرون اور بغیر بہار کے نرگس و نسرین دون جو ایک عصا سے موسیٰ کو دل دون وہ ایک عالم پر شمشیر کو مارے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

موسیے را دل دہم با یک عصا | تا زند بر عالمے شمشیر ہا
دست موسیٰ را دہم یک نور و تاب | کہ طپانچہ می زند بر آفتاب
چوب را مارے کنم من ہفت سر | کہ نزاید مادہ مار او را ز نر
خون نیامیزم در آب نیل من | خود کنم خون عین آبش را بفن
شادیت را غم کنم چون آب نیل | کہ نیابی سوے شادیہا دلیل
باز چون تجدید ایمان بر تنی | باز از فرعون بیزاری کنی
موسی رحمت ببینی آمدہ | نیل خون بینی از و آبے شدہ
چون سر رشتہ نگہداری درون | نیل ذوقی تو نگردد ہیچ خون
من گمان بردم کہ ایمان آورم | تا ازین طوفان خود آبی خورم
من چہ دانستم کہ تبدیلی کند | در نہاد من مرا نیلی کند
سوے چشم من بیکے نیلم روان | برقرارم پیش چشم دیگران
ہمچنانکہ این جہان پیش نبی | غرق تسبیح ست و پیش ما غبی
پیش پیغمبر جہان پر عشق و داد | پیش چشم دیگران مردہ جماد
پست و بالا پیش چشمش تیز رو | از کلوخ و سنگ او نکتہ شنو
با عوام این جملہ بستہ و مردہ | زین عجب تر من ندیدم پردہ
گور ہا یکسان بہ پیش چشم ما | روضہ و حفرہ بہ چشم انبیا
عام گفتندے کہ پیغمبر ترش | از چہ گشتہ ست و شد ست او ذوق کش

اک عصا دونگی میں دل موسیٰ کو جو | مارے اک عالم پہ وہ شمشیر کو
[٥١] دست موسیٰ کو میں دون اک نور سے | کہ طپانچہ مارے وہ خورشید پے
سات سر کا سانپ کر دون چوب کو | کہ نہ پیدا مادہ اور نر سے ہو وہ
نے ملاؤن خون آب نیل میں | خون کرون خود عین آب اسکی کو مین
میں کرون شادی کو غم مین آب نیل | کہ سو شادی نہ پائے تو دلیل
پھر کرے تجدید ایمان کی جو تو | اور پھر بیزار فرعون سے ہو تو
دیکھ موسیٰ رحمت آئی آپ سے | دیکھ نیل خون کہ اس سے آب ہے
جو خیال اسکا تو رکھے اندرون | نیل ذوق ہوئے تیرا مثل خون
[٥٢] تھا گمان مجکو کہ ایمان لاؤن مین | پانی اس طوفان خون سے پاؤن مین
کب یقین تھا کہ بدل دیگا مجھے | نیل باطن میں مرے جاری کرے
نیل اک جاری ہو میرے سامنے | میں ہون قائم دوسرون کے سامنے
جیسے یہ عالم نبی کے سامنے | غرق تسبیح ساکت اپنے سامنے
پیش پیغمبر جہان پر عشق ہے | اور مردہ دوسرون کے سامنے
پست و بالا ان کے آگے تیز رو | نکتے سنتے ڈھیلے پتھر سے ہین وہ
[٥٣] عام کے نزدیک یہ مردہ جہان | اس سوا پردہ نہ دیکھا میں نے یان
گور سب اک سان ہمارے سامنے | روضہ حفرہ انبیا کے سامنے
عام کہتے تھے نبی ہے ترش رو | کس سبب سے اور چھوڑا ذوق کو

[٥١] دست موسیٰ الخ ۷ شعر دست موسیٰ کو ایک نور سے میں دون کہ وہ طپانچہ خورشید پر مارے عصا کو سات سر کا سانپ کر دون کہ وہ نہ پیدا ہووے مادہ اور نر سے ہو خون نہ ملاؤن آب نیل میں عین آب اسکے کو میں خون کر دون میں شادی کو غم کر دون مانند آب نیل کے کہ جانب شادی کے تو دلیل نہ پاوے تو جو پھر تجدید ایمان کی کرے اور تو پھر بیزار فرعون سے ہووے موسیٰ دیکھ رحمت آئی آپ سے دیکھ نیل خون کو کہ اس سے آب ہے جو اسکا خیال تو اندر رکھے نیل ذوق تیرا مثل خون کے ہووے یعنی جو دل میں خیال یار کا رکھے اسکا ذوق نہ زائل ہووے کیونکہ یار ہر حال میں مددگار ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [٥٢] تھا گمان الخ ۶ شعر مجکو گمان تھا کہ میں ایمان لاؤن اور پانی اس طوفان خون سے پاؤن مجکو کب یقین تھا کہ وہ بدل دیگا اور نیل باطن میں جاری کریگا میرے روبرو ایک نیل جاری ہے اور میں دوسرون کے روبرو قائم ہون آگے اس کی مثال ہو جیسے یہ عالم نبی کے روبرو غرق تسبیح ہے اور اپنے روبرو ساکت ہے پیغمبر کے روبرو جہان پر عشق ہے اور دوسرون کے روبرو مردہ ہے پست و بالا انکے روبرو تیز رو اور ڈھیلے پتھر سے وہ نکتے سنتے ہیں یعنی انبیا کے روبرو جہان اور ایک حال رکھتا ہے کہ وہ حال عوام نہیں دیکھ سکتے ہیں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [٥٣] عام کے الخ ۷ شعر عام کے نزدیک یہ جہان مردہ ہے اسکے سوا میں نے پردہ نہیں دیکھا ہے آگے مثال ہے ہمارے روبرو سب گور اک سان ہیں اور روضہ حفرہ انبیا کے سامنے ہے عام کہتے تھے کہ نبی ترش رو ہے کس سبب ذوق کو چھوڑا خاص یہ کہتے تھے کہ تمھارے روبرو ترش دکھتا ہو امت نیکو دم بھر ہماری آنکھوں میں آؤ اہل باتی سے اگلی فرحت تم پاؤ جو نخل امرود الٹے دکھتی ہو صورت الٹی تو نخل سے اثر آ تیری ہستی درخت امرود کا ہو تو جبتک ہان ہے نیچے کو کہنہ دکھتا ہو یعنی جبتک تو خود کو دیکھتا ہے دوسرون کو برا جانتا ہو اور جبکہ تو بیخود ہوا سب تیری نظر میں بہتر معلوم ہون گے باقی حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲

خاص گفتند ای کہ پیش چشم تان — می نماید او ترش ای امتان
یک زمان در چشم ما آئید تا — خندہ ہا بینید اندر ہل اتیٰ
از سر امرود بن بنماید آن — منعکس صورت بزیر آی جوان
آن درخت ہستیست امرود بن — تا در آنجائے نماید نو کہن
تا دران جائے ببینی خارزار — پر ز کژدم ہائے خشم و پر ز مار
چون فرود آئی ببینی رائگان — یک جہان پر گلرخان و دائگان
چون فرود آئی فرود آید ترا — در درون اسرار فیض کبریا

خاص کہتے تھے تمہارے روبرو — ترش دکھتا ہو وہ اے امتنکو
دم بھر آنکھون مین ہماری آؤ تم — ہل اتیٰ سے اُنکی فرحت پاؤ تم
دکھتی ہے جو نخل سے امرود کے — صورت الٹی تو اتر آ نخل سے
تیری ہستی ہو درخت امرود کا — تو ہی جبتک وان دکھے کہنہ نیا
[1] جبتک اُس جا ہو تو دیکھے خارزار — اور پر غصہ کے بچھو اور مار
جو تو اترے نیچے دیکھے رائگان — گلرخون اور دائیون سے پر جہان
جو تو نیچے اُترے تو اُترین ترے — دل مین بس اسرار فیض اللہ کے

حکایت آن زن پلید کار کہ شوہر را گفت این خیالات از سر امرود بن می نماید فرود آ تا آن خیالات برود و اگر کسے گوید کہ آنچہ مرد میدید خیال نبود جواب آنست کہ این مثال است نہ مثل و ہمین کافی است

حکایت اُس زن فاحشہ کی کہ خاوند سے کہا کہ یہ خیالات تاثیر درخت امرود سے دکھتے ہین تو نیچے اُترا کہ یہ خیالات جاتے رہین اگر کوئی کہے کہ جو مرد دیکھتا تھا وہ خیال نہ تھا جواب اُسکا یہ مثال ہے مثل نہین ہے پس یہی کفایت کرتی ہے

آن زنی میخواست تا با مول خود — بر زند در پیش شوے گول خود
پس بشوہر گفت زن کای نیکبخت — من برآیم میوہ چینم اندر درخت

[2] چاہا اک عورت نے اپنے یار سے — سامنے خاوند کی صحبت کرے
پس کہا عورت نے یہ خاوند سے — کہ مین چڑھ کر میوہ توڑون نخل سے

ف۱ جبتک الخ ۲ شعر تو جب تک اُس جا ہے خارزار دیکھے اور غصہ کے بچھو و مار پر دیکھے جو تو اوپر سے نیچے اُترے رائگان دیکھے گلرخون اور دائیون سے جہان بھرا ہو جو تو نیچے اُترے تو تیرے دل مین اُترین فیض اللہ کے یعنی تو اپنی ہستی کو چھوڑ دے کہ فیضان الٰہی تیرے دل مین نزول کرین آگے حکایت زن فاحشہ کی اس کی مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

ف۲ چاہا الخ ۲ شعر ایک عورت نے اپنے یار سے چاہا کہ روبرو خاوند کے صحبت کرے پس عورت نے یہ خاوند سے کہا کہ مین درخت پر چڑھکر میوہ توڑون جب کہ درخت پر چڑھی رونے لگی آپ ہی شوہر کی جانب دیکھکر اور شوہر سے کہا کہ اے مابون بھلا لوطی تجھ پر چڑھا ہے تو اُس کے نیچے مثل عورت کے پڑا ہے اے بھڑوے اب تو مخنث ہوگیا شوہر نے کہا کہ کیا تیرا سر گھوما ہے ورنہ یہان پر میرے سوا کوئی نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون برآمد بر درخت آن زن گریست | چون ز بالا سوی شوہر بنگریست
گفت شوہر را کہ ای مابون رد | کیست آن لوطی کہ بر تو می فتد
تو بزیر آن چو زن بغنودۂ | ای بغا تو خود مخنث بودۂ
گفت شوہر نے سرت گوئی بگشت | ورنہ اینجا نیست غیر من بدشت
زن مکرر کرد کاسہ بابرطلہ | کیست بر پشتت فرو خفتہ بلا
گفت ای زن ہین فرود آ از درخت | کہ سرت گشت و خرف گشتی تو سخت
چون فرود آمد بر آمد شوہرش | زن کشید آن مول را اندر برش
گفت شوہر کیست این ای روسپی | کہ ببالای تو آمد چون کپی
گفت زن نی نیست اینجا غیر من | ہین سرت برگشتہ شد ہرزہ متن
او مکرر کرد بر زن آن سخن | گفت زن این ہست از امرودبن
از سر امرودبن من ہم چنان | کژ ہمی دیدم کہ تو ای قلتبان
پس فرود آ تا ببینی ہیچ نیست | این ہمہ تخییل از امرودبی است
ہزل تعلیم است آن را جد شنو | تو مشو بر ظاہر ہزلش گرو
ہر جدی ہزل است پیش ہازلان | ہزلہا جد است پیش عاقلان
کاہلان امرودبن جویند لیک | تا بدان امرودبن راہیست نیک
نقل کن ز امرودبن اکنون برو | گشتۂ تو خیرہ چشم و خیرہ رو
این منی و ہستی اول بود | کہ از او دیدہ کژ و احول بود

جب درخت اوپر چڑھی رونے لگی | دیکھکر شوہر کی جانب آ ابھی
اور کہا شوہر سے ای ابون بھلا | کون ہی لوطی یہ تیرے پر چڑھا
اُسکے نیچے مثل عورت کے پڑا | اے تو بھڑوے اب مخنث ہی بنا
بولا شوہر کیا یہ گھوما سر ترا | ورنہ یان پر نے کوئی میرے سوا
پھر کہا عورت نے اسکو اب بھلا | کون ہی یہ پشت پر تیری چڑھا
بولا اے عورت اُتر آ تو ابھی | کہ ترا سر گھوما دیوانی ہوئی
جب وہ اُتری اور شوہر خود چڑھا | یار کو آغوش مین زن نے لیا
بولا شوہر کون ہے یہ فاحشہ | کہ یہ تجھپر مثل بندر کے چڑھا
بولی عورت سنے کوئی یان مجھ سوا | تیرا سر گھوما نہ ہذیان بک ذرا
اُسنے پھر یہ بات عورت سے کہی | بولی یہ تاثیر ہے اس نخل کی
نخل پر سے مجکو بھی اسطور سے | تھا دکھا برعکس جو تجکو دکھے
پس اُتر کے دیکھ تو یان کچھ نہین | یہ خیال اس نخل کے ہین بالیقین
ہزل کی تعلیم ہی نیک اسکو جان | ہزل کی ظاہر پہ مت کر میل جان
ہزل جانین نیک کو پس ہازلان | نیک جانین ہزل کو پس عاقلان
ڈھونڈھتے کاہل ہین نخل امرود کا | لیک اس امرود تک فرق ہی بڑا
نخل سے امرود کے تو نقل کر | کہ ہوا تو خیرہ چشم و خیرہ سر
یہ غرور ہستی سب اول ہین ہیہ | چشم تیری احول اور کج اس سے ہی

سلہ پھر کہا آہ الخ ۱ شعر پھر عورت نے اسکو کہا کہ یہ کون تیری پشت پر چڑھا ہے کہا کہ اے عورت اب تو اُتر آ کہ تیرا سر گھوما اور تو دیوانی ہوئی ہے جب وہ اُتری اور پھر شوہر چڑھا زن نے یار کو آغوش مین لیا شوہر نے کہا یہ کون ہے اے فاحشہ کہ تجھپر مثل بندر کے چڑھا ہے عورت نے کہا کہ یہان مجھ سوا کوئی نہین ہے تیرا سر گھوما ہے ہذیان تو مت بک اُسنے عورت سے پھر یہ بات کہی عورت نے کہا کہ یہ تاثیر اس درخت کی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ۲ نخل پر سے آلخ ۷ شعر درخت پر سے مجکو بھی اسی طور سے دکھائی دیا تھا برعکس کہ جو تجکو دکھا ہی پس اُتر کر دیکھ یہان کچھ نہین ہے یہ خیال اس درخت کے ہین بالیقین یہ تعلیم ہزل کی ہے اس کو نیک جان اور ہزل کے ظاہر پہ میل مت کر نیک کو ہزل جانتے ہین ہازل اور ہزل کو نیک جانتے ہین عاقل کامل نخل امرود کا ڈھونڈھتے ہین لیکن اس امرود تک بڑا فرق ہے آگے اسکے حقائق ہین تو نخل امرود سے نقل کر کہ تو خیرہ چشم اور خیرہ سر ہوا ہے یہ غرور و ہستی اول ہی ہے چشم احول اور کج اُس سے بنتی ہے یعنی وجود نخل امرود ہے تو اس سے اُتر کہ تو خیرہ چشم و خیرہ سر ہے کیونکہ غرور ہستی چشم کو احول و کج ہین کرتی ہی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون فرود آئی ز زین امرود بن
یک درخت سخت بینی گشته این
چون فرود آئی از و گردے جدا
راست بینی گر بہی آسان چنین
گفت بنما جزو جزو از فوق و پست
زین تواضع گر فرود آئی خدا
بعد از آن بر رو بران امرود بن
چون درخت موسوی شد آن درخت
آتش او را سبز و خرم میکند
زیر ظلش جملہ حاجات روا
آن منی و ہستیست باشد حلال

گر نماید فکرت چشم و سخن
شاخ او بر آسمان ہفتمین
مبدلش گرداند از رحمت خدا
مصطفیٰ کے خواستی از رب دین
آنچنانکہ ہست تو آن جزو ہست
راست بینی بخشد آن چشم ترا
کہ مبدل گشت و سبز از امر کن
چون سو موسی کشاند ہی تو رخت
شاخ او اتی انا اللّٰہ میزند
این چنین باشد الٰہی کیمیا
کہ در و بینی صفات ذو الجلال

جو تو اُترے نخل سے امرود کے
نخل سخت اس غرہ کا تجکو دکھے
جو تو اُترے اور ہو اُس سے جدا
راست بینی ہوتی گر آسان اُسے
بولا بتلا جزو جزو آفاق سے
گر تو اُترے اس تواضع سے خدا
بعدہٗ چڑھ نخل پر امرود کے
سوے موسیٰ لایا تو اسباب کو
آتش اسکو سبز و خرم کرتی ہے
جملہ حاجت اُسکے سائے مین روا
ہو غرور ہستی وہ تجکو حلال

چشم و فکر و بات سب ٹیڑھی دکھے
شاخ اسکی ساتوین افلاک پے
پس بدل دے تجکو رحمت سے خدا
مصطفیٰ اکب چاہتے اللہ سے
تیرے آگے جس طرح وہ جزو ہے
راست بینی تجکو بخشے ظاہرا
کہ ہوا تبدیل کن کے امر سے
نخل موسیٰ ہوگیا پس نخل وہ
اسکی شاخ انی انا اللّٰہ کہتی ہے
ایسی ہوتی ہے الٰہی کیمیا
اسمین تو دیکھے صفات ذو الجلال

باقی قصہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام

باقی قصہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا

شد درخت کج مقوم حق نما
آمدش پیغام از وحی مہم
این درخت تن عصائے موسیست
تا بہ بینی خیر او ہم شر او
پیش ز افگندن نبود او غیر چوب

اصلہ ثابت و فرعہ فی السما
کہ کژی بگذار اکنون فاستقم
کامرش آمد کہ بیندازش ز دست
بعد از ان برگیر او را زامر ہو
چون بامرش برگرفتی گشت خوب

نخل کج سیدھا ہوا اور حق نما
آیا پیغام اُن کو با وحی مہم
یہ درخت تن عصا موسیٰ کا ہے
تا کہ دیکھے اسمین خیر و شر کو تو
ڈالنے سے پہلے تھا وہ ایک چوب

اصلہا ثابت وفرعہا فی السما
[illegible]
اس کجی کو چھوڑ اب ہو فاستقم
حکم آیا اسکو ڈال اب ہاتھ سے
بعدہٗ اسکو اٹھا با حکم ہو
جو اٹھایا حکم سے پایا وہ خوب

ف۱ جو تو اترے الخ ۴ شعر جو تو نخل امرود سے اُترے چشم و فکر و بات سب ٹیڑھی دکھے تجکو نخل سخت اس غرہ کا دکھے اور شاخ اسکی ساتوین آسمان پر ہے جو تو اُترے اور اُس سے جدا ہو وے پس رحمت سے حق تجکو بدل دیوے اگر راست بینی آسان ہوتی اسکو مصطفیٰ صلعم کب اللہ سے چاہتے یعنی راست بینی اگر آسان ہوتی بموجب حدیث شریف کے اللہم ارنا الاشیاء کما ھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ بولا الخ ۷ شعر فرمایا کہ بتلا جزو جزو آفاق سے تیرے آگے جس طور سے وہ جزو ہے تو اترے اس تواضع سے تجکو خدا راست بینی بخشے ظاہر بعدہٗ نخل امرود پر چڑھ کہ تبدیل ہوا امر کن سے موسیٰ کی طرف تو لایا اسباب کو نخل موسیٰ ہوگیا وہ نخل یعنی مرشد کی جانب جو یہ بات لایا متجلی ہوگیا مثل نخل ایمن موسیٰ علیہ السلام کے اُس کو آتش سبز و خرم کرتی ہے اسکی شاخ انی انا اللّٰہ کہتی ہے اسکے سائے مین جملہ حاجت روا ہے الٰہی کیمیا ایسی ہوتی ہے وہ غرور و ہستی تجکو حلال ہو کہ تو اس مین دیکھے صفات ذو الجلال کی یعنی وہ درخت وجود پیر صحبت مرشد سے متجلی ہو کر انی انا اللّٰہ مثل نخل ایمن کے کہے آگے قصہ موسیٰ علیہ السلام کا ہے فافہم ۱۲ ف۳ نخل کج الخ ۲ شعر نخل کج سیدھا ہوا اور حق نما ترجمہ کہ جڑ اسکی زمین میں اور شاخ اسکی آسمان پر انکو پیغام آیا وحی خدا سے کہ اس کجی کو چھوڑ اور قائم ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ف۴ یہ درخت الخ ۶ شعر درخت بدن موسیٰ کا عصا ہے اُس کو حکم آیا کہ اب ہاتھ سے ڈالدے تا اُسکے خیر و شر کو تو دیکھے بعدہٗ اسکو اٹھا حکم موسیٰ سے وہ اول ڈالنے سے ایک چوب تھا جو حکم سے اُٹھایا اسکو خوب پایا وہ پہلے آلہ سے جھاڑنے بکری کا تھا پھر وہ معجزہ کفار کا ہوا فرعون پر حکمران ہوا

اُنکے پانی کو ظاہر خون کر دیا اُن کے کھیتوں سے قحط و مرگ اُگا کہ جو ٹیڑیوں نے اُن کے برگ کھائے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

اول او بہ برگ افشان برہ را	گشت معجز آن گروہ غرہ را	پہلے تھے حجاز تا بکری کو تھا	پھر ہوا وہ معجزہ کفار کا
گشت حاکم بر سر فرعونیان	آب شان خون کرد کف سر عیان	ہو گیا فرعونیون پے حکمران	کر دیا خون اُنکے پانی کو عیان
از مزارع شان برآمد قحط و مرگ	از ملخ ہاے کہ می خوردند برگ	اُنکے کھیتون سے اگا بس قحط و مرگ	ٹیڑیون نے جو کھائے اُنکے برگ
تا بر آمد بیخود از موسیٰ دعا	چون نظر افتادش اندر منتہیٰ	نکلی تا موسیٰ سے بیخود بد دعا	جو انھون نے اُنکی دیکھی انتہا
کاین ہمہ اعجاز و کوشیدن چرا	چون نخواہند این جماعت گشت راست	کیون ہے یہ اعجاز اور کوشش سبھی	جو نہ چاہے یہ جماعت راستی
امرش آمد کا تباع نوح کن	ترک پایان بینی و مشروع کن	حکم ہو پہنچا پیروی نوح کی	انتہا کی شرح مت پوچھ اے بشر
منگر آخر را کہ تو داعی رہی	امر بلغ ہست آن نبود تہی	انتہا کو دیکھ مت تو داعی ہے	حکم ہو پہنچا نہ خالی بھید سے
کمترین حکمت گزین الحاح تو	جلوہ گرد دآن لجاج و آن عتو	ادنیٰ حکمت تیرے اس الحاح کی	ہوگی ظاہر اور عجز و سرکشی
تا کہ رہ بنمودن و اضلال حق	فاش گردد بر ہمہ اہل فرق	تا ہدایت اور ضلالت حق کی سب	عاقل و دانا پہ کھل جائیگی اب
چونکہ مقصود از وجود اظہار بود	بایدش از پند و اغوا آزمود	جو غرض تخلیق سے اظہار تھا	امتحان بس پند و اغوا سے کیا
دیو الحاح غوایت می کند	شیخ الحاح ہدایت می کند	دیو کرتا ہے ضلالت کی دعا	شیخ کرتا ہے ہدایت کی دعا
بازگرد و قصۂ قبطی بگو	گرد کفر از باطن خود زود شو	لوٹ تو اور قصہ قبطی کا کہو	اپنے باطن سے غبار کفر دھو

سخت شدن کار بر قبطیان و شفاعت کردن فرعون

مشکل ہونا کام کا قبطیون پر اور شفاعت چاہنا فرعون کی

چون بپایہ گشت آن امر شگون	نیل می آمد سراسر جملہ خون	جو وہ پے در پے ہوا امر عظیم	خون ہوا سب نیل بارے الحکیم

سلہ ۹۵ نکلی الخ ۶ شعر تا موسےٰ سے بد دعا بیخود نکلی جو اُن کی انتہا انھون نے دیکھی یہ سب اعجاز اور کوشش کس واسطے ہیں جو یہ جماعت راستی نہ چاہے حکم ہو پہنچا کہ پیروی نوح کی کر اور انتہا کی شرح مت پوچھ اے بشر انتہا کو مت دیکھ کہ تو دعوت کرنے والا ہے حکم ہو پہنچا خالی بھید سے نہین ہے ادنیٰ حکمت اس دعا سے تیری ظاہر ہوگی و عجز و سرکشی تا ہدایت و ضلالت حق کی سب عاقل و دانا پر اب کھل جائے گی یعنی تو ہدایت مخلوق کی کر اور انتہا راز کی دریافت نہ کر بھید اس کا خود کھل جائے گا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ ۹۵ جو غرض الخ ۳ شعر جو کہ غرض تخلیق سے اظہار تھا امتحان پند و اغوا سے کیا دیو ضلالت کی دعا کرتا ہے اور شیخ ہدایت کی دعا کرتا ہے تو لوٹ اور قصہ قبطی کا کہہ اور اپنے باطن سے غبار کفر کا دھو آگے قبطیون کا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ ۹۵ جو وہ الخ ۹ شعر جو وہ پے در پے امر عظیم ہوا نیل سب خون ہوا کلیم اللہ پر جب فرعون اپنی ذات سے آیا خوشامد کی اور اس بات سے جو کہ مین نے تجھ کیا تو اے سلطان مت کر میرا کیا منہ ہے کہ حجت بات پر لاؤن مین نے تیرے حکم مین رخنے ڈالے تو سخت مت پکڑ کہ مین با عزت ہوون تو اب لب ہلا رحمت سے تاکہ یہ دہان آتشین بند ہو دے عرض کی کہ یارب وہ مجھے فریب دیتا ہے اس فریبندہ تیرے کو فریب دیتا ہے مین سنون یا مین بھی اسکو فریب دون تا وہ ظاہر شاخ جانے اصل غیب کو ہر حیلہ کی اصل میرے پاس ہے جو خاک پر ہے تو جو اُس کی جیرہ رخ پر ہے حق سے نعرہ آیا کہ وہ سگ اسکے لائق نہین ہے آگے سگ کے ہڈی دور سے پھینک یعنی تو اس کو فریب مت دے وہ کتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

تا بنفس خویش فرعون آمدش / لابه میگردد و تا گشته قدش
کانچه ما کردیم ای سلطان مکن / نیست ما را روی ایراد سخن
پاره پاره کردمت فرمان پذیر / من بعزت خو گرم سختم مگیر
هین بجنبان لب بحجت ای امین / تا به بندد این دهان آتشین
گفت یارب می فریبد او مرا / می فریبد او فریبیده ترا
بشنوم یا من دهم آن خدعه اش / تا بداند اصل را آن فرع کش
کاصل هر مکری و حیلت پیش ماست / هرچه بر خاک است اصلش بر سماست
گفت حق آن سگ نیرزد هم بدان / پیش سگ انداز دور استخوان
هین بجنبان آن عصا تا خاکها / وا دهد هرچه ملخ کردش هبا
وان ملخها او در زمان گردد سیاه / تا ببیند خلق تبدیل اله
که سببها نیست حاجت مر مرا / آن سبب بهر حجابست و غطا
تا طبیعی خویش بر دارو زند / تا منجم رو به استاره کند
تا منافق از حریصی بامداد / سوی بازار آید از بیم کساد
بندگی ناکرده و ناشسته رو / لقمهٔ دوزخ بگشته لقمه جو
آکل و ماکول آمد جان عام / همچو آن بره چرنده از حطام
می چرد آن بره و قصاب شاد / که برای ما چرد برگ مراد
کار دوزخ می کنی در خوردنی / بهر او خود را تو فربه می کنی
کار خود کن روزی حکمت بجو / تا شود فربه دل باکر و فر
خوردن تن مانع این خورد نیست / جان چو بازرگان و تن چون رهزنست

آیا تب فرعون اپنی ذات سے / کی خوشامد اور رجفہ کا اسی بات سے
جو کیا میں نے تو اے سلطان نکر / کیا مرا منہ لاؤں حجت بات پر
میں نے رخنے ڈالے تیرے حکم میں / سخت مت پکڑے کہ با عزت ہوں میں
لب ہلا حجت سے اپنے اے امین / تا کہ بند ہو یہ دہان آتشین
بولے یارب وہ مجھے دیوے فریب / اس فریبیدہ کو تیرے دے فریب
میں سنوں یا میں بھی دوں اسکو فریب / تا وہ ظاہر شاخ جانے اصل عیب
اصل ہر حیلے کی میرے پاس ہے / خاک پر جو ہے جڑ اسکی چرخ پے
بولا حق وہ سگ نہ لائق اسکے ہے / آگے سگ کے پھینک ہڈی دور سے
تو ہلا اپنا عصا تا خاک سے / پھر اُگے ٹیڑی نے کھایا جو کہ ہے
ٹیڑیاں ہوں مر کے اسدم سیاہ / تا کہ جانے خلق تبدیل الٰہ
کہ نہیں حاجت سبب کی کچھ مجھے / وہ سبب ہیں محض پردہ کے لیے
تا طبیعت اپنی دارو پر رکھے / تا منجم رو ستارہ پر کرے
تا منافق حرص سے ہر صبح کو / سوے بازار آئے تا نقصان نہو
بے کئے وہ بندگی بے دھوئے رو / لقمہ دوزخ کا ہوا وہ لقمہ جو
آکل و ماکول آئی جان عام / جیسے بھس کھائے وہ بکری صبح و شام
چرتی ہے بکری و خوش قصاب ہے / کہ وہ چرتی خوب ہے میرے لیے
کار دوزخ کرتا تو کھانے میں ہے / خود کو فربہ کرتا ہے اسکے لیے
کام اپنا کر غذا حکمت کی کھا / تا کہ فربہ ہووے دل اس سے ترا
اس غذا کی مانع ہے تن کی غذا / جان تاجر تن ہے رہزن باطنا

؎ توہلا الخ ۶ شعر تو اپنا عصا ہلا تا خاک سے پھر اُگے جو ٹیڑی نے کھایا ہے اسدم سب ٹیڑیاں مر کر سیاہ ہوں تا کہ مخلوق جانے تبدیل خدا کی مجھے کچھ حاجت سبب کی نہیں ہے وہ سبب محض پردے کے واسطے ہیں یا طبیعت خود کو دارو پر رکھے و تا منجم رو ستارہ پر کرے تا منافق حرص سے ہر ایک صبح کو جانب بازار کے آئے تا کہ نقصان نہ ہووے بے بندگی کئے و بے منہ دھوئے لقمہ دوزخ کا ہوا وہ لقمہ جو آگے اسکے حقائق ہیں یعنی فعل حق کو حاجت سبب کی نہیں اور یہ سب محض پردے کے واسطے ہیں آگے اس سے حقائق ہیں فافہم ۱۲ ؎ آکل و ماکول الخ ۷ شعر جان بجام کی آکل و ماکول آئی جیسے بکری بھس کھائے صبح و شام بکری چرتی ہے اور قصاب خوش ہے کہ وہ میرے واسطے خوب چرتی ہے کام دوزخ کا تو کھانے میں کرتا ہے کہ خود کو فربہ کرتا ہے اسکے واسطے اپنا کام کر اور غذا حکمت کی کھا تا کہ دل تیرا اس سے فربہ ہووے اس غذا کی مانع تن کی غذا ہے کہ جان تاجر ہے اور بدن رہزن باطن میں ہے شمع تاجر کی چور و دشمن ہوئی جان رہزن کی مثل ہیزم کے جلی خود کو گم نہ کر کہ تو ایک ہوش ہے اور باقی ہوش سب پردہ پوش ہیں یعنی جہان میں جتنی شے پیدا ہوئی ہے سب آپس میں آکل و ماکول ہیں پس تو غذا تن کی کم کر کہ غذا جان کی زیادہ ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

شمع تاجر آن کہ ہست افروختہ	کہ بود در رہزن چو ہیزم سوختہ	شمع تاجر کی جو وہ روشن ہوئی	جان رہزن مثل ہیزم کے جلی
خویشتن را گم مکن یاوہ مکوش	کہ تو آن ہوشی و باقی ہوش پوش	گم نہ کر خود کو کہ تو ہی ایک ہوش	اور باقی ہوش ہین سب پردہ پوش
وانکہ ہر شہوت چو خمرست و چو بنگ	پردہ ہوش ست و عاقل زوست دنگ	جان ہر خواہش ہی مثل خمر و بنگ	ہوش کا پردہ وہ عاقل اس سے دنگ
خمر تنہا نیست سرمستی ہوش	ہرچہ شہوانیست بندد چشم و گوش	ہے نہین ہی صرف مستی در ہوش	جو ہر خواہش ہے حجاب چشم و گوش
ترک شہوت کن اگر خواہی تو ہوش	وانکہ شہوت باز بندد چشم و گوش	چھوڑ خواہش کو اگر چاہے تو ہوش	بند کرتین خواہشین ہین چشم و گوش
آن بلیس از خمر خوردن دور بود	مست بود او از تکبر وز جحود	تھا وہ میخواری سے بس ابلیس دور	تھا تکبر سے وہ مست و در پر غرور
مست آن باشد کہ آن بیند کہ نیست	زر نماید آنچہ مس و آہنی ست	مست وہ ہی کہ وہ دیکھے نیست کو	مثل تانبا لوہا دیکھے زر کو وہ
این سخن پایان ندارد موسیا	لب بجنبان تا برون آید گیا	بات یہ بے انتہا ہی موسیا	لب ہلا تو تا کہ پیدا ہو گیا

دعا کردن موسیٰ علیہ السلام و سبز شدن کشت

دعا کرنا موسیٰ علیہ السلام کا اور سبز ہونا کھیتون کا اور برسنا پانی کا

ہمچنان کرد و ہم اندر دم زمین	سبزہ گشت از سنبل و حب ثمین	پس کیا ویسا زمین بھی اس گھڑی	سنبل و سبزہ سے تازہ تر ہوئی
اندر افتادند در قوت آن نفر	قحط دیدہ مردہ از جوع البقر	پڑ گئے کھانے کے اندر وہ نفر	قحط سے جنکو کہ تھی جوع البقر
چند روزی سیر خوردند از عطا	آن دمی و آدمی و چارپا	تھوڑے دن بخشش سے کھایا پیٹ بھر	ہو گئے سب سیر مردم جانور
چون شکم پر گشت و بر نعمت زدند	وان ضرورت رفت و طاغی آمدند	جب بھرا پیٹ اور آسودہ ہوئے	اور ضرورت وہ گئی باغی بنے
نفس فرعونیست ہان سیرش مکن	تا نیارد یاد زان کفر کہن	نفس ہی فرعون پیٹ اسکا نہ بھر	تا نہ کفر اپنا کرے یاد اے بشر
بے تف آتش نگردد نفس خوب	تا نشد آہن چو اخگر ہین مکوب	نفس بے تیز آگ کے نے ہو نکو	تا نہ لوہا سرخ ہو مت کوٹ تو

سـ۱ـہ جان الخ ۶ شعر جان سے ہر ایک خواہش ہے مثل خمر و بنگ کے ہوش کا پردہ ہے اور عاقل اس سے دنگ ہے کچھ شے ہی سرور مستی و ہوش کی نہین ہی جو خواہش وہ چشم گوش کی حجاب ہی خواہش کو چھوڑ اگر تو ہوش چاہتا ہی کہ خواہشین چشم و گوش بند کرتی ہین اس میخواری سے ابلیس دور تھا بلکہ تکبر سے وہ مست و پر غرور تھا وہ مست ہے کہ وہ نیست کو دیکھے اور مثل تانبا و لوہا دیکھے زر کو بات یہ بے انتہا ہے موسیا تو لب ہلا تاکہ گیاہ پیدا ہو یعنی تو اپنی خواہشات کو چھوڑ کہ باہوش ہو کیونکہ خواہشات اندھا و بہرا کرتی ہین آگے دعا موسیٰ علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲

سـ۲ـہ پس کیا الخ ۶ شعر پھر ویسا کیا زمین بھی اُس گھڑی پر سنبل و سبزہ سے تازہ تر ہوئی کھانے کے اندر پڑ گئے وہ نفر جن کو قحط کے مارے جوع البقر تھی تھوڑے دن بخشش سے پیٹ بھر کے کھایا سب جانور و مردم سیر ہو گئے جب پیٹ بھرا اور آسودہ ہوئے وہ ضرورت گئی اور باغی ہوئے آگے اس کے حقائق ہین نفس فرعون ہے اس کا پیٹ مت بھر تاکہ اپنا کفر یاد نہ کرے نفس بغیر آتش تیز کے خشک نہ ہووے جب تک لوہا سرخ نہ ہووے اُسے مت کوٹ یعنی نفس بغیر آتش عشق کے راستی پر نہین آتا ہے پس تو آتش عشق پیدا کر کہ تجھی نفس سے تجکو نجات ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

بیمجاعت نیست تن جنبش کنان	آہن سرد ست میکوبی از آن
ور بنالد ور بگرید زار زار	او نخواہد شد مسلمان ہوشدار
او چو فرعون ست در قحط آنچنان	پیش موسیٰ سر نہد لابہ کنان
چونکہ مستغنی شد او طاغی شود	خر چو بار انداخت اسکیزہ زند
پس فراموشش شود چون رفت پیش	کار او از آہ و زاریہاے خویش
سالہا مردے کہ در شہرے بود	یک زمان کش چشم در خوابے رود
شہر دیگر بیند او پر نیک و بد	ہیچ در یادش نیاید شہر خود
کہ من آنجا بودہ ام این شہر نو	نیست آن من دریں جائیم گرو
بل چنان داند کہ خود پیوستہ او	ہم دریں شہرش بد ابداع و خو
چہ عجب گر روح موطنہاے خویش	کہ بدستش مسکن و میلاد پیش
می نیارد یاد کاین دنیا چو خواب	می فرو پوشد چو اختر را سحاب
چند نوبت آزمودی خواب را	خواب دنیا را ہمان بین ابتلا
خاصہ چندین شہرہا را کوفتہ	گردہا از درگہ او نا روفتہ
اجتہادِ گرم نا کردہ کہ تا	دل شود صافی و بیند ماجرا

سلہ تن نہین حرکت کرے بے بھوک گر	کوٹتا ہے تو کہ لوہا سرد ہے
گر تو روئے یا بہت نالہ کرے	وہ نہووےگا مسلمان جان لے
مثل فرعون ہو وہ ایسے قحط سے	آگے موسیٰ کے خوشامد بس کرے
جبکہ مستغنی ہو وہ باغی بنے	مثل خر لاتین اُچھالے بے لدے
پس وہ اسکو بھول جائے لاکلام	آہ و زاری سے جو گذرے اسکا کام
سلہ شہر مین اک مرد رہوے سالہا	خواب سے ہو آنکھ دم بھر آشنا
دوسرا اک شہر اسکو گر دکھے	شہر اپنا کچھ نہ یاد آئے اُسے
کہ مین وان رہتا ہون میرا شہر ہے	یہ نہین ہی شہر میرے ملک سے
بل یہ جانے کہ یہین رہتا ہون	اور اسی بس شہر کا پیدا ہین ہون
کیا عجب گر روح اپنے وطن کو	کہ ہوا مولد و مسکن اسکا وہ
یاد نے لائے کہ دنیا مثل خواب	ہی چھپائے جیسے اختر کو سحاب
آزمایا تمنے اکثر خواب کو	خواب دنیا کو بھی یوہین جان لو
خاصکر شہرون مین تو اکثر پھرا	گرد در اسکی کو نے دفع کیا
کی نہ کوشش تونے کامل بر کہ تا	دیکھتا دل صاف ہو کر ماجرا

بیان اطوار خلقت آدمی در فطرت — بیان اقسام خلقت آدمی کا پیدایش مین

سر برون آرد دلش از بحر راز	اول و آخر بہ بیند چشم باز
سلہ دل نکلتا تیر ابحر راز سے	اول آخر دکھتا چشم باز سے

سلہ تن نہین آلخ ۵ شعر تن حرکت نہ کرے بغیر بھوک کے تو کوٹتا ہو کہ لوہا سرد ہو اگر تو روئے یا بہت نالہ کرے وہ نفس مسلمان نہوگا وہ مثل فرعون کے ہے ایسے قحط سے آگے موسےٰ کے خوشامد کرے جب کہ وہ مستغنی ہو باغی بنے اور مانند خر کے لاتین اُچھالے بغیر لدے پس اسکو بھول جائے ضرور کر جو آہ وزاری سے اسکا کام گذرے یعنی نفس آہ وزاری سے راستی پر نہین آتا ہو اگر اُسپر تنگی ہو خوشامد کرے جبکہ مستغنی ہو مثل خر کے لاتین اُچھالے و باغی بنے آگے اسکی مثال ہو فافہم ۱۲ سلہ شہر مین الخ ۹ شعر ایک مرد شہر مین برسون رہے اور ایک دم بھر آنکھ خواب سے آشنا ہووے اگر دوسرا ایک شہر اسکو دکھے اپنا شہر اسکو کچھ یاد نہین آئے کہ مین وہان رہتا ہون میرا شہر ہے اور یہ شہر میرے ملک سے نہین ہے بلکہ یہ جانے کہ مین یہین رہتا ہون اور اسی شہر کا مین پیدا ہون کیا عجب ہو کہ اگر روح اپنے وطن کو کہ مولد و مسکن وہ اسکا ہو یاد نہ لائے کہ دنیا مثل خواب کے چھپاتی ہو جیسے گھٹا ستارون کو تمنے اکثر خواب کو آزمایا ہے خواب دنیا کو بھی یوں ہی ہین جان لو خاصکر تو شہرون مین اکثر پھرا اسکی گرد درگاہ کو دفع نہ کیا تونے کامل کوشش نہ کی کہ دل صاف ہو کر ماجرا دیکھتا یعنی تو خواب دنیا مین ایسا غافل ہوا کہ اپنے وطن اصلی کو بھول گیا اور کوشش کامل نہ کی کہ تیرا دل صاف ہو کر ماجرا دیکھتا آگے اقسام آدمیون کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ دل نکلتا آلخ ۵ شعر تیرا دل نکلتا دریاے راز سے اول و آخر دیکھتا کھلی آنکھ سے اول اقلیم جمادی مین گیا پھر جمادی سے خیالی مین پڑا برسون نباتی مین رہا مگر کچھ یاد جمادی سے نہ رہا جبکہ نباتی سے وہ حیوانی مین گیا کچھ نباتی سے اسکو یاد نہ رہا سواے رغبت کے کہ اسکی جانب رکھے خاصکر گل کی فصل مین آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

آمدہ اول باقلیم جماد ۔ وز نباتی وجمادی اوفتاد
پہلے اقلیم جمادی مین گیا ۔ پھر جمادی سے نباتی مین پڑا

سالہا اندر نباتی عمر کرد ۔ وز جمادی یاد ناورد از نبرد
برسون وہ اندر نباتی کے رہا ۔ کچھ نہ یاد اس کو جمادی سے رہا

وز نباتی چون بحیوانی فتاد ۔ تایدش حال نباتی ہیچ یاد
جب نباتی سے وہ حیوان مین گیا ۔ کچھ نباتی سے نہ یاد اسکو رہا

جز ہمان میلے کہ دارد سوے آن ۔ خاصہ در وقت بہار وضیمران
جز وہ رغبت کی کہ رکھی اسکے سو ۔ خاصہ گل کی فصل مین انکی کچھ

ہمچو میل کودکان بامادران ۔ سر میل خود نداند در لبان
جیسے[۱] بچہ مان کی خود رغبت رکھے ۔ بھید رغبت کا نہ جانے آپ سے

ہمچو میل مفرط ہر نو مرید ۔ سوے آن پیر جوان بخت مجید
جیسے رغبت زیادہ رکھے نو مرید ۔ پیر سے کہ ہے جوان بخت وسعید

جزو عقل این از آن عقل کل ست ۔ جنبش این سایہ زان شاخ گل ست
جزو عقل اسکی اُس عقل کل سے ہے ۔ جنبش اس سایہ کی شاخ گل سے ہے

سایہ اش فانی شود آخر درو ۔ پس بداند ستر میل وجستجو
سایہ اسکا فانی آخر اسمین ہو ۔ جانے تب رغبت کی تو اسرار کو

سایۂ شاخ درخت ای نیکبخت ۔ کی بجنبد گر نہ جنبد این درخت
سایہ شاخ نخل کا ای نیکبخت ۔ کب ہلے گر نہ ہلے شاخ درخت

باز از حیوان سوِ انسانیش ۔ می کشد آن خالقی کہ دانیش
پھر اُسے حیوان سے انسانی کی سو ۔ کھینچتا ہے حق کہ جانے جسکو تو

ہم چنین اقلیم تا اقلیم رفت ۔ تا شد اکنون عاقل ودانا وزفت
ایسے[۲] ہی اقلیم تا اقلیم وو ۔ بس گیا تا پہونچا درجہ عقل کو

عقلہاے اولینش یاد نیست ۔ ہم ازین عقلش تحول کردنیست
پہلی عقلین جو نہین ہین یاد اُسے ۔ ہے گذرنے والا بھی اس عقل سے

تا رہد زین عقل پر حرص وطلب ۔ صد ہزاران عقل بیند بو العجب
تا یہ جائے عقل پر حرص وطلب ۔ اور ہزارون عقل دیکھے بو العجب

گرچہ خفتہ گشت وناسی شد زپیش ۔ کی گزارندش دران نسیان خویش
گرچہ سویا بھولا اگلی عقل سے ۔ چھوڑین کب اُس بھول مین اپنی اسے

باز ازان خوابش بہ بیداری کشند ۔ کہ کند بر حالت خود ریشخند
پھر کرین بیدار اسکو خواب سے ۔ کہ تمسخر حال پر اپنے کرے

کہ چہ غم بود آنکہ میخوردم بخواب ۔ چون فراموشم شد احوال صواب
کیا غم تھا کہ کھاتا تھا بخواب ۔ کس لئے مین بھولا احوال صواب

چون ندانستم کہ آن غم واعتلال ۔ فعل خوابست وفریبست وخیال
کیون نہین جانا کہ وہ رنج وملال ۔ خواب کا ہے فعل اور مکر وخیال

سـ۱ـہ جیسے بچہ الخ ۶ شعر جیسے بچہ مان کی رغبت رکھے مگر بھید رغبت آپ سے نہ جانے جیسے رغبت نو مرید زیادہ رکھے پیر سے کہ جوان بخت سعید ہے اُس کی جزو عقل کُل سے ہے جنبش اس سایہ کی شاخ گل سے ہے اُس کا سایہ فانی آخر اسمین ہو تب تو جانے رغبت کے اسرار کو سایہ شاخ نخل کا کب ہلے اگر شاخ درخت نہ ہلے پھر حیوان سے انسانی کی جانب کو حق کھینچتا ہے کہ جس کو تو جانے یعنی انسان سایہ حق کا ہے جو کہ سایہ حرکت بغیر اپنی اصل کے نہین کرتا ہے اسی طرح انسان بے حکم خدا حرکت نہین کرتا ہے آگے بیان اقسام خلقت انسان کا ہے فافہم ۱۲ سـ۲ـہ ایسے ہی الخ ۷ شعر ایسے ہی اقلیم سے اقلیم تک وہ گیا تا پہونچا درجہ عقل کو جو اُس کو پہلی عقلین یاد نہین ہین اس عقل سے بھی گذرنے والا ہے تا یہ عقل پر حرص وطلب جائے اور ہزارون عقل بو العجب دیکھے اگرچہ سویا بھولا اگلی عقل سے کب چھوڑین اُس بھول اپنی مین اُسے پھر اس کو بیدار کرین خواب سے کہ اپنے حال پر تمسخر کرے وہ کیا غم تھا کہ کھاتا تھا خواب مین کس واسطے مین بھولا احوال صواب کو کیون نہین جانا کہ وہ رنج وملال خواب کا فعل ومکر وخیال ہے یعنی انسان اول اقلیم جماد مین آیا دپھر نباتی مین آیا دپھر حیوان مین آیا دپھر انسان مین اسی طرح اقلیم بہ اقلیم منتقل ہو کر درجۂ عقل کو پہونچا پس پہلی عقلین اسکو یاد نہین ہین اس عقل سے بھی گذرنے والا ہے یہ یاد کب رہے گی کس واسطے کہ دنیا خواب وخیال ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

همچنین دنیا که حلم نائم است / خفته پندارد که این خود قائم است
تا برآید ناگهان صبح اجل / وارهد از ظلمت ظن و دغل
خنده اش گیرد ازان غمهاے خویش / چون به بیند مستقر و جائے خویش
هرچه تو در خواب بینی نیک و بد / روز محشر یک بیک پیدا شود
آنچه کردی اندرین خواب جهان / گرددت هنگام بیداری عیان
تا نه پنداری که این بد کردنیست / اندرین خواب و ترا تعبیر نیست
بلکه این خنده بود گریه و نفیر / روز تعبیر اے ستمگر بر اسیر
گریه و درد و غم و زاری خود / شادمانی دان به بیداری خود
اے دریده پوستین یوسفان / گرگ برخیزی ازین خواب گران
گشته گرگان یک بیک خوهاے تو / میدراند از غضب اعضاے تو
خون نخسپد بعد مرگت در قصاص / تو مگو که میرم و یابم خلاص
این قصاص نقد حیلت سازیست / پیش زخم آن قصاص این بازیست
زین لعب خواندست دنیا را خدا / کاین جزا لعبیست پیش آن جزا
این جزا تسکین جنگ و فتنه است / آن چو اخصاست این چون ختنه است
این سخن پایان ندارد موسیا / هین رها کن این خران را در گیا
تا همه زان خوش علف فربه شوند / هین که گرگان اند مارا خشم مند

یون ہی دنیا خفتگونکی خواب ہی / خفتہ جانے کہ یہ خود قائم رہے
ناگہان صبح اجل ہووے عیان / اور جائے ظلمت مکر و گمان
ان غمون سے بس ہنسی آئے تجھے / جب وطن اپنا تجھے ظاہر دکھے
خواب مین تو نیک و بد دیکھے ہی جو / حشر کے دن یک بیک ظاہر ہووے
خواب مین عالم کے جو تونے کیا / وقت بیداری کے ہو وہ برملا
تو نہین سمجھا کہ اندر خواب کے / جو کیا اُس کی نہین تعبیر ہے
بلکہ یہ ہنسنا ہووین تعبیر کے / اے ستمگر نالہ و گریہ تجھے
درد و غم اور گریہ و زاری تجھے / وقت بیداری کے ہو شادی تجھے
اے تو پھاڑے یوسفونکے پوست کو / خواب غفلت سے جو اُٹھے گرگ ہو
گرگ ہوئی ہین عادتین تیرے / تیرے اعضا پھاڑتے ہین خشم سے
خون نہ سوئیگا قصاص اندر ترا / بعد مرنے کے تو مت کہہ مین چھٹا
حیلہ سازی ہی دیت اندر قصاص / آگے ان زخمون قصاصی کے یہ خاص
اسلئے دنیا کو لعب کہوے خدا / اُس جزا آگے لعب ہی یہ جزا
یہ جزا تسکین فتنہ کے لئے / وہ ہی مثل خصی اور ختنہ یہ ہی
بات یہ بے انتہا ہے موسیا / ان گدھون کو چھوڑدے اندر گیا
تا یہ اُس خوش گھاس سے فربہ بنین / کہ ہمارے خشمگین یہ گرگ ہیں

بیان آنکہ خلق دوزخ گرسنگان

بیان اسکا کہ خلق دوزخ کی بھوکی ہے

سلہ یون ہی الخ ۶ شعر اسی طرح دنیا خواب خفتگون کی ہی خفتہ جانتا ہی کہ یہ خود قائم رہے گی ناگہان صبح اجل عیان ہووے اور ظلمت کردے گمان جاوے گا اُن غمون سے ہنسی تجھے آئے جبکہ وطن تجکو ظاہر دکھے جو خواب مین تو نیک و بد دیکھے حشر کے روز وہ ایک ایک ظاہر ہووے جو تونے خواب عالم مین کیا ہی وقت بیداری کے وہ ظاہر ہووے تو نہین سمجھا کہ خواب مین جو کیا اسکی تعبیر نہین ہی یعنی جو خواب مین کرتا ہی اُسکی تعبیر بیداری مین ظہور پکڑتی ہی آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ بلکہ یہ ہنسنا الخ ۶ شعر بلکہ یہ ہنسنا تعبیر کے دن نالہ و گریہ تجھے ہووے اور درد و غم و گریہ و زاری تجھے وقت بیداری کے شادی ہووے اے تو پھاڑتا ہی یوسفون کے پوست کو تو خواب غفلت سے اُٹھے تو تیری عادتین گرگ ہو گئی ہین ولیکن اعضا تیرے خشم سے پھاڑتے ہین تیرا خون قصاص مین ہوئیگا تو مت کہہ کہ مرنے کے بعد چھوٹنا قصاص مین دیت حیلہ سازی ہے اُن زخمون قصاصی کے آگے یعنی جو خواب مین ہنستا ہے وہ بیداری مین روتا ہی پس تو اس خواب دنیا مین رنج و غم رہ کہ بعد مرگ کے خوشی ابدی ملے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ اس سے الخ ۴ شعر اس سبب سے دنیا کو خدا کھیل کہتا ہے کہ اُس جزا کے آگے یہ جزا کھیل ہے یہ جزا تسکین ہے فتنہ کے واسطے وہ مثل خصی کے ہے اور یہ مانند ختنہ کی ہے یہ بات بے انتہا ہے اے موسیٰ ان گدھون کو اندر گھاس کے چھوڑ دے تاکہ یہ اُس گھاس کی خوشی سے فربہ بنین کہ یہ ہمارے گرگ خشمگین ہین آگے قول حق تعالیٰ کا بیان ہے فافہم ۱۲

ونالانند وازحق خواہان کہ روزی ما را فربہ کن و بما برسان

اور نالان ہے اور خدا سے چاہتی ہے کہ روزی ہماری کو موٹا کر اور ہمکو دے

نالۂ گرگان خود را موقنیم ‌ ‌ این خران را طعمۂ ایشان کنیم
این خران را کیمیای خوش دمی ‌ ‌ از لب تو خواست کردن آدمی
تو بسے کردی بدعوت لطف وجود ‌ ‌ آن خران را طالع و روزی نبود
پس فروپوشان لحاف نعمتی ‌ ‌ تا بروشان زود خواب غفلتی
تا چو بجهند از چنین خواب این رمہ ‌ ‌ شمع مردہ باشد و ساقی شدہ
داشت طغیان شان ترا در حیرتی ‌ ‌ پس بنوشند از جزا هم حسرتی
تا کہ عدل ما قدم بیرون نہد ‌ ‌ وز جزا هر زشت را درخورد دہد
کان شہی کہ می ندیدندش فاش ‌ ‌ بود با ایشان نہان اندر معاش
چون خرد با تست مشرف بر تنت ‌ ‌ گرچہ زد قاصر بود این دیدنت
نیست قاصر دیدن آن ای فلان ‌ ‌ از سکون و جنبشت در امتحان
چہ عجب گر خالق آن قوم نیز ‌ ‌ با تو باشد چون نہ تو مستخیز
از خرد غافل شود بر بد تنند ‌ ‌ بعد از ان عقلش ملامت میکند
تو شدی غافل ز غفلت عقل نے ‌ ‌ کز حضورستش ملامت کردنے
گر نبودی حاضر و غافل بدی ‌ ‌ در ملامت کے ترا سیلی زدی

گرگ[1] کے نالون سے ہم آگاہ ہین ‌ ‌ ان گدھونکو رزق انکا ہم کرین
ان گدھون کو کیمیائے قال نے ‌ ‌ چاہا کرنا آدمی لب سے ترے
بس عنایت تو نے دعوت سے کری ‌ ‌ ان گدھون کی قسمت اور روزی نتھی
تو[2] لحاف نعمت اپنا دے اڑھا ‌ ‌ خواب غفلت تا کہ ان کو دے سلا
تا اٹھین سب خواب سے یہ بینوا ‌ ‌ شمع مردہ ہووے اور ساقی گیا
